بیماری پیدا کرنے والا جراثیم	حیاتیاتی ایجنٹ جو انسانوں، جانوروں یا پودوں میں بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
پالیسیاں	ان میں قوانین، ضوابط، معیارات، رہنما خطوط، بہترین طریقے، ضابطہ اخلاق، تحقیق کے جائزے کے عمل، تربیت اور تعلیم شامل ہیں۔
عوام	آبادی کے گروہ۔ پبلک ایک ایسی اصلاح ہے جس کی کوئی واحد تعریف نہیں بالکل ایسے ہی جیسے سائنس کی کوئی ایک تعریف نہیں۔ یہ اصطلاح گروہوں اور گروہوں کے نقطہ نظر، مقامات، ایک دوسرے سے تال میل اور تنوع کو اجاگر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
خطرہ	کوئی نقصان ہونے کے امکانات اور اس نقصان کی شدت کو مجموعی طور پر خطرہ کہا جاتا ہے۔
خطرے کی تشخیص	معلومات جمع کرنے اور ممکنہ نقصانات کی نوعیت، امکان اور شدت کا اندازہ لگانے اور خطرات کو کم سے کم کرنے یا ان کے تدارک کے لیے مناسب کنٹرول اقدامات کا تعین کرنے کا ایک منظم عمل خطرے کی تشخیص کہلاتا ہے اس میں مقداری یا معیاری دونوں عمل شامل ہوتے ہیں۔
خطرے کا انتظام	نقصان اور اس کے بعد کے نتائج کے امکانات کی مقداری یا معیاری پیش گوئی اور تشخیص (خطرے کی

	تشخیص) کے ساتھ ساتھ ان کے امکانات یا اثرات (خطرے کو کم کرنے) سے بچنے یا کم کرنے کے لیے ٹیکنالوجیز، اقدامات یا طریقوں کی نشاندہی اور نفاذ۔
سائنسی برادری	تحقیقی تنظیموں، لائف سائنسز کے لیے فنڈنگ، معیار بندی، پروجیکٹ مینجمنٹ، سائنسی کام کی اشاعت اور پھیلاؤ، ترقی اور کمرشلائزیشن، تعلیم، تربیت، ریگولیشن اور گورننس کے کاموں میں مشغول سائنس دانوں، تکنیکی ماہرین اور دیگر عاملین (سرکاری یا نجی) کا نیٹ ورک اور اس کے ساتھ ساتھ ماہرین تعلیم اور سکالرز، بشمول سماجی سائنس دانوں اور انسانی امداد کے کام میں مشغول سائنسدانوں کو مجموعی طور پر سائنسی برادری کہا جاتا ہے۔
سائنسدان	قدرتی یا سماجی علوم میں مہارت رکھنے والا کوئی بھی فرد جو منظم طریقے سے تحقیق کرتے ہوئے علم کی پیداوار کے لیے معلومات جمع کرتا ہے۔
سماجی انصاف	ایک ایسا عمل جو مساوات اور سماجی اشیاء جیسے حقوق، مراعات اور مواقع تک منصفانہ رسائی کو یقینی بناتا ہو۔ یہ تقسیم پر مبنی انصاف سے مختلف ہے، جو مقداری اشیاء (جیسے ویکسین، خوراک اور پناہ گاہوں) کی منصفانہ تقسیم کے بارے میں بات کرتا ہے۔ سماجی انصاف کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ سیاسی اور سماجی ڈھانچے معاشرے میں منظم طور محرومیاں پیدا نہ کریں۔
اسٹیک ہولڈرز	:افراد یا ایسے گروہ جو کسی پالیسی یا سرگرمی میں دلچسپی رکھتے ہوں۔ ان میں سائنسدان، سائنسی برادری، کسی بھی اخلاقیات کمیٹی کے ارکان، اداروں کے منیجرز، حیاتیاتی تحفظ کے افسران، فنڈنگ کرنے والے ادارے، ناشر، ایڈیٹرز، سکیورٹی حکام، ریگولیشنز سے متعلقہ افراد، ادارہ جاتی اور دیگر حکام، سول سوسائٹی کے نیٹ ورک، نجی شعبہ، اور دیگر تنظیموں اور عوام الناس شامل ہوتے ہیں۔

[1] اس لغت میں بیان کردہ بعض اصطلاحات کے معانی دیگر مقامات میں مختلف ہوسکتے ہیں، تاہم ان کے معانی کی وضاحت کے ساتھ اصطلاحات کو اس فریم ورک کے تناظر میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔



خلاصہ

لائف سائنسز میں تحقیق اور بدلتی ٹیکنالوجیز دنیا بھر صحت کی صورتحال کو بہتر بنانے، صحت مند آبادی کے مقصد کو حاصل کرنے اور صحت سے متعلق اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز) یعنی صحت کی مساوات کو فروغ دینے کے لیے بڑی اہم ہوتی ہیں۔ نئی ادویات، ویکسین، جدید علاج اور طبی آلات کی بناوٹ کا فروغ اور صحت عامہ میں احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ لائف سائنسز اور مشترکہ طور پر استعمال میں آنے والی ٹیکنالوجیز اوران پر عملدرآمد کے طریقہ ہائے کار بیماریوں کے بارے میں بہتر سمجھ بوجھ حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ عالمی صحت کے حوالے سے عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے اہم تحقیقی مقاصد میں سائنس، ٹیکنالوجی اور وبائی امراض میں آنے والی تبدیلیوں کی پیش گوئی کرنا، تفاوت کو ختم کرنا، علاقوں اور ملکوں کی ترجیحات کو ترتیب دینے کے لیے ایک عالمی تحقیقی ایجنڈا مرتب کرنا؛ اور سائنس پر اعتماد کو مضبوط کرنا شامل ہیں۔ تاہم، لائف سائنسز میں ہونے والی ترقی اور پیش رفت کسی حد تک اخلاقیات، قوانین، معاشرت، تحفظ اور سلامتی کے حوالے سے کچھ خطرات کو بھی جنم دیتی ہے۔ یہ دستاویز صحت سے متعلق تحقیق کے تحفظ اور سلامتی کے حوالے سے خطرات پر توجہ مرکوز کرتی ہے نیز انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت وماحول کو ارادی یا غیر ارادی طور پر سائنس کے غلط استعمال سے پہنچنے والے نقصان کی روک تھام اور انھیں کم کرنے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرسکتی ہے۔

لائف سائنسز سے متعلق تحقیق اور بدلتی ٹیکنالوجیز سے وابستہ تحفظ اور سلامتی کے خطرات کا اندازہ لگانا، انھیں کم کرنا اور ان کی نگرانی کرنا، ایک پیچیدہ عمل ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سائنسی معلومات اور ٹیکنالوجیز جو انسانی صحت اور معاشرے کے لیے فائدے کا باعث بن سکتی ہیں، انھیں انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت وماحولیات کو نقصان پہنچانے کے لیے غلط طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لائف سائنسز پر تحقیق کے دوران ایسے حادثات کا امکان بھی موجود ہوتا ہے جو غیر ارادی طور پر انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت وماحول کو نقصان پہنچاسکتے ہیں۔ اس سے یہ چیلنج ابھر کر سامنے آتا ہے کہ ایسے انتظامی طریقہ ہائے کار اور نظام کس طرح تیار اور نافذ کیے جائیں جن کی بدولت نہ صرف ان خطرات کو کم کیا جاسکے بلکہ عالمی صحت اور معاشرے کے لیے کی جانے والی تحقیق کی ترقی اور استعمال میں رکاوٹ بھی نہ آئے۔

اگرچہ مختلف ممالک کے حالات، ضروریات اور ابتدائی نقطہ ہائے نظر مختلف ہوں گے ، تاہم حیاتیاتی خطرے کا انتظام ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں تمام ممالک کو شامل ہونا چاہیے ۔ آج کی باہمی طور پر منسلک دنیا میں سائنسی تعاون بڑھ رہا ہے اور معلومات تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ تاہم، بیماریوں اور حادثات کے ممکنہ نتائج، جان بوجھ کر یا نادانستہ طور پر معلومات کے غلط استعمال سے تباہ کن اثرات سکتے ہیں (مثال کے طور پر عالمی طور پر کسی بیماری کا پھیلاؤ)۔ متعدد رکن ممالک، تعلیمی و سائنسی اداروں، فنڈنگ باڈیز، پبلشرز، ایڈیٹرز اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے لیے اقدامات متعارف کروائے گئے ہیں۔ تاہم، سائنس اور ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے خطرات سے نمٹنے کے لیے گورننس اور نگرانی کے فریم ورک لائف سائنسز کی ترقی اور جدت کے مقابلے میں کم ہیں۔ اس صورتحال کی کئی وجوہات ہیں، ان میں حیاتیاتی ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی اور پھیلاؤ، بہت سے ممالک میں حیاتیاتی خطرات کے حوالے سے گورننس کے ڈھانچے کی کمی اور دیگر سائنسی شعبوں (جیسے کیمسٹری، مصنوعی ذہانت اور نینو ٹیکنالوجی) کے ساتھ لائف سائنسز کی بڑھتی ہوئی ہم آہنگی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، ان حیاتیاتی خطرات کے بارے میں آگاہی بہت کم ہے، مزید برآں ایسی ترغیبات بھی نہیں پائی جاتیں جو ہمیں خطرات کی نشاندہی اور ان میں کمی کی طرف راغب کریں۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ لائف سائنسز کی سائنسی ترقی کو انسانوں اور اس سیارے کے حیاتیاتی تنوع کی بہتری کے لیے استعمال کیا جائے ، اس کے لیے مختلف فریقین اور شعبوں کے مابین تعاون کی ضرورت ہے۔ اس تعاون کے حصول اور لائف سائنسز میں محفوظ اور ذمہ دارانہ طریقوں کو مضبوط بنانے کے ہدف کے تحت، لائف سائنسز کے ذمہ دارانہ استعمال کے لیے اس عالمی فریم ورک (اس کے بعد فریم ورک) کا مقصد حیاتیاتی خطرے کو کم کرنے، روکنے اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کو منظم کرنے کے لیے رکن ممالک اور دیگر متعلقہ فریقین کی مدد کرنے کے لیے اصولوں، طریقہ ہائے کار اور نظام پر ایک عالمی نقطہ نظر فراہم کرنا ہے۔

اس فریم ورک میں لائف سائنسز کی تحقیق سے وابستہ تمام اقسام کے خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع ڈھانچے کے طور پر حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے حوالے سے ایک جامع نقطہ نظر اختیار کیا گیا ہے؛ یعنی اس میں حادثات اور نادانستہ یا دانستہ غلط استعمال کی وجہ سے پیدا ہونے والے تمام خطرات کو شامل کیا گیا ہے۔ حیاتیاتی خطرات کا ایک مضبوط انتظام تین بنیادی ستونوں یعنی حیاتیاتی تحفظ، لیبارٹری کے ماحول میں بائیو سکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کی نگرانی پر مشتمل ہوتا ہے۔



عالمی رہنمائی کا یہ لائحہ عمل ایسے سامعین کے لیے مفید ہو سکتا ہے جو مندرجہ ذیل میں دلچسپی رکھتے ہوں:

- حیاتیاتی خطرات میں کمی اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کو منظم کرنے کے حوالے سے اہم امور، ابھرتے ہوئے چیلنجز اور خلا کو سمجھنا؛
- فیصلہ سازی میں رہنمائی کے لیے اقدار اور اصولوں کے ایک مشترکہ مجموعے پر رہنمائی، اور عالمی صحت و معاشرے کے لیے لائف سائنسز کے فائدہ مند استعمال کو یقینی بناتے ہوئے حیاتیاتی علوم سے پیدا ہونے والے خطرات کو مؤثر طریقے سے کم کرنے کے لیے طریقہ ہائے کار اور نظام بارے رہنمائی کرنا؛
- ایک عملی مرحلہ وار طریقہ کار جس میں حیاتیاتی خطرے اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کے انتظام سے وابستہ مختلف فریقین کے لیے گورننس اور چیک لسٹ کو سمجھنا۔ اور
- ایسے منظرناموں اور کیس اسٹڈیز کا مطالعہ کرنا جو حیاتیاتی خطرے اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کے انتظام میں چیلنجز اور ترجیحی اقدامات کی وضاحت کرتے ہوں۔

اس فریم ورک کو چھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

سیکشن 1 میں حیاتیاتی خطرے کی گورننس، اس موضوع میں ڈبلیو ایچ او کی شمولیت کی منطق، فریم ورک کے مقاصد، دائرہ کار اور سامعین اور اس کی تیاری کے عمل میں کلیدی غور وخوض کا تعارف کرایا گیا ہے۔

سیکشن 2 میں حیاتیاتی خطرات کے انتظام میں ابھرتے ہوئے چیلنجوں اور بڑے خلا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

سیکشن 3 میں ان اقدار اور اصولوں اور ان سے وابستہ وعدوں کی وضاحت کی گئی ہے جو فریم ورک کی بنیاد ہیں اور رکن ممالک کی طرف سے مؤثر حیاتیاتی خطرے کے انتظام کی پالیسیوں کی تیاری اور نفاذ اور متعلقہ فریقین کے اقدامات میں رہنمائی کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ اس سیکشن میں حیاتیاتی خطرے کے بہتر انتظام کے اہم عناصر کا بھی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

سیکشن 4 میں حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے لیے عملی طریقہ ہائے کار اور نظام کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کا انتظام فریقین کے ایسے مختلف گروپ چلاتے ہیں جو حیاتیاتی خطرے کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔ اس سیکشن میں انفرادی، ادارہ جاتی، قومی، علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر باضابطہ اور غیر رسمی انتظامی اقدامات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد سائنس دانوں اور تکنیکی ماہرین، تحقیقی اداروں، فنڈرز اور پبلشرز سے لے کر ان شعبوں میں کام کرنے والی کمیونٹیوں تک پہنچنا ہے جو لائف سائنسز (جیسے کیمسٹری، مصنوعی ذہانت اور کمپیوٹر سائنس) کے ساتھ منسلک ہیں۔

سیکشن 5 میں ایک مرحلہ وار نقطہ نظر پیش کیا گیا ہے جس میں مختلف فریقین پر لاگو چیک لسٹس شامل ہیں تاکہ وہ اپنے پس منظر اور ترتیب کے مطابق فریم ورک پر عمل درآمد شروع کر سکیں۔ اس سیکشن میں فریم ورک کے مختلف عناصر کو یکجا کیا گیا ہے، اور متعلقہ فریقین، طریقہ ہائے کار اور نظام، اصولوں اور اقدار، اور حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے لیے اہم سوالات کے لحاظ سے اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

سیکشن 6 میں اس سارے عمل کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے لائف سائنسز کے ذمہ دارانہ استعمال کے لحاظ سے اہم عناصر پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

اس کے علاوہ، تین ضمیمے بھی اس فریم ورک کا حصہ ہیں۔ ضمیمہ 1 میں سات منظرنامے فراہم کیے گئے ہیں جو فریم ورک کے نفاذ میں مزید مدد دینے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ ضمیمہ 2 میں تین کیس اسٹڈیز پیش کی گئی ہیں جو حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں چیلنجز اور خلاء کی وضاحت کرتی ہیں۔ آخر میں، ضمیمہ 3 مختلف ممالک میں لائف سائنسز اور متعلقہ شعبوں میں شعور اجاگر کرنے، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کی مثالوں پر مبنی ہے۔



سیکشن 1.1

تعارف

1.1 پس منظر

لائف سائنسز کی تحقیق اور بدلتی ٹیکنالوجیز میں ہونے والی پیش رفت عالمی صحت کو در پیش مسائل سے نمٹنے اور دنیا بھر میں صحت مند آبادی کے مقصد کو حاصل کرنے میں معاونت کی غرض سے نئے اور بہتر طریقوں کی تلاش کے سلسلے میں بڑی صلاحیت کی حامل ہے۔ نئی تشخیص، ادویات، ویکسین، جدید علاج اور طبی آلات کی ترویج، بیماریوں کی روک تھام پر مبنی صحت عامہ کے اقدامات پر عمل درآمد؛ اور خوراک کی حفاظت اور سلامتی کو فروغ دینے کے لیے بھی یہ انتہائی اہم ہے۔ اقوام متحدہ (یو این) کے صحت سے متعلق پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز) کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بھی ان کا کردار نمایاں ہے۔ اس کے علاوہ، صحت عامہ کے حوالے سے کسی ہنگامی صورتحال میں جوابی اقدامات کرنے کے لیے بھی نئی سائنسی معلومات اور طریقہ کار بہت مفید ہوتے ہیں۔ لائف سائنسز میں تحقیق اور جدت نے کورونا کی وباء (1) سے نمٹنے کے لیے تشخیص، علاج اور ویکسین کی تیاری کو تیز کرنے میں کردار ادا کیا ہے۔ اس وبائی مرض کے دوران، عالمی سطح پر سائنس دانوں اور دیگر ماہرین کے درمیان تمام اہم تحقیقی شعبوں میں ایک وسیع اور شاندار تعاون فروغ پا رہا ہے (2)۔

لائف سائنسز اور بدلتی ٹیکنالوجیز میں ہونے والی سائنسی اور تکنیکی ترقی حادثاتی طور پر اخلاقیات، قوانین، معاشرت، تحفظ اور سلامتی کے لیے سنجیدہ خطرات بھی پیدا کر سکتی ہے۔ اس فریم ورک میں حادثات، ارادی یا غیر ارادی طور پر نقصان پہنچانے کی نیت سے نیز اس کے غلط استعمال کی وجہ سے صحت سے متعلق تحفظ اور سلامتی کو لاحق خطرات پر توجہ دی گئی ہے۔ سائنسی معلومات اور ٹیکنالوجیز جو صحت اور معاشرے کے لیے ممکنہ طور پر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہیں، وہ حادثاتی طور پر یا جان بوجھ کر اس کے غلط استعمال کرنے سے ممکنہ طور پر انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت و ماحولیات کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔ اس سے یہ چیلنج پیدا ہوتا ہے کہ عالمی صحت اور معاشرے کے لیے اس قسم کی تحقیق کی ترقی اور استعمال میں رکاوٹ ڈالے بغیر لائف سائنسز کی تحقیق کے نتیجے میں پیدا ہونے والے خطرات کو کم کرنے والے انتظامی طریقہ ہائے کار کو کس طرح تیار اور نافذ کیا جائے۔ مزید برآں، اس بات سے قطع نظر کہ یہ خطرات لائف سائنسز کی کسی تازہ ترین تحقیق سے پیدا ہوتے ہیں یا پہلے سے زیر استعمال طریقوں سے جنم لیتے ہیں، لائف سائنسز کی ہر طرح کی تحقیق اور اس کا نفاذ بڑی ذمہ داری سے کرنا چاہیے۔

خطرات غیر ارادی اقدامات کے نتیجے میں پیدا ہوسکتے ہیں۔	خطرات غیر ارادی اقدامات کے نتیجے میں پیدا ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر تحقیق کے دوران ہونے والے حادثات سے پہنچنے والے نقصانات (مثال کے طور پر انسانوں اور جانوروں میں انفیکشن، بیماری یا چوٹ، یا ماحول کی آلودگی)۔ حادثات لیبارٹریوں (3) میں بھی ہوسکتے ہیں اور لیبارٹری سے باہر بھی؛ مثال کے طور پر، نمونے اکٹھے کرنے کی سرگرمیوں یا حیاتیاتی مادوں کی ہینڈلنگ، نمونہ سازی، پیکنگ، نقل و حمل اور سٹوریج کے دوران بھی ایسے واقعات رونما ہوسکتے ہیں۔ لہٰذا خطرات پر قابو پانے کے اقدامات کے مسلسل جائزے اور انھیں بہتر بنانا ضرورت ہے۔
خطرات غیر متوقع نتائج سے پیدا ہوسکتے ہیں جن کی وجہ سے ممکنہ طور پر کوئی نقصان ہو سکتا ہے۔	خطرات غیر متوقع نتائج سے پیدا ہوسکتے ہیں جن کی وجہ سے ممکنہ طور پر کوئی نقصان ہو سکتا ہے۔ محققین اپنی تحقیق اور تجربات کے دوران غیر متوقع نتائج دریافت کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک تجربے میں جب سائنسدانوں نے چوہوں کو کیڑوں کے طور پر کنٹرول کرنے کی کوشش کی تو حادثاتی طور پر ماؤس پاکس کی شدت میں اضافہ ہوگیا (4)۔
خطرات غیر متوقع نتائج سے پیدا ہوسکتے ہیں جن کی وجہ سے ممکنہ طور پر کوئی نقصان ہو سکتا ہے۔	یہ خطرات تحقیق کے کسی غیر ارادی اطلاق کے نتیجے میں بھی پیدا ہوسکتے ہیں اور ایسے نتائج کا باعث بن سکتے ہیں جن کی پیش گوئی محقق نے پہلے سے نہ کر رکھی ہو۔ خطرات جان بوجھ کر سائنس کے استعمال سے بھی پیدا ہوسکتے ہیں جس کی نیت نقصان پہنچانا نہیں ہوتی۔ مثال کے طور پر ایک جینیاتی طور پر تبدیل شدہ آرگینزم (جی ایم او) جس میں ایک انجینئرڈ جین ڈرائیو ہوتی ہے، اس کو تشخیص اور منظوری کے عمل کے بعد جان بوجھ کر خارج کیا جاسکتا ہے، لیکن اس کے اخراج سے انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت و ماحول کو غیر متوقع نقصان پہنچ سکتا ہے۔
ایسی صورت میں بھی خطرات پیدا ہوسکتے ہیں جب نقصان پہنچانے کی غرض سے لائف سائنسز کی تحقیق کا استعمال کیا جائے۔	ایسی صورت میں بھی خطرات پیدا ہوسکتے ہیں جب نقصان پہنچانے کی غرض سے لائف سائنسز کی تحقیق، علم، مواد اور مہارتوں کو دانستہ طور پر غلط استعمال کیا جائے۔ موجودہ اور نئی آنے والی سائنسی معلومات اور عوام کی بھلائی کے لیے تیار کردہ طریقہ ہائے کار کو نقصان پہنچانے کے لیے غلط استعمال کیا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر 2001 میں ریاستہائے متحدہ امریکہ (یو ایس اے) میں اینتھراکس پر مشتمل خطوط بھیجنا، نقصان پہنچانے کی نیت سے حیاتیاتی ایجنٹ کے دانستہ غلط استعمال کا معاملہ تھا۔

حادثات، لائف سائنسز کی تحقیق اور ٹیکنالوجیز کے دانستہ اور غیر دانستہ غلط استعمال سے مختلف قسم کے نقصانات ہوسکتے ہیں۔ اچھی نیت سے کی جانے والی تحقیق جیسا کہ وبائی امراض کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے بیماری پیدا کرنے والے بہتر جراثیم کی تخلیق، منتقلی یا استعمال کے دوران اگر ایسے جراثیم کو نادانستہ طور پر لیبارٹری سے باہر چھوڑ دیا جائے تو اس طرح کی تحقیق معاشرے کے لیے خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ اگرچہ متعدی بیماریوں پر ہونے والی تحقیق بیماریوں کے خلاف ہمارے جوابی اقدامات کو بہتر بنانے کے لیے اہم ہے (مثال کے طور پر روک تھام، تشخیص اور علاج)، بیماری پیدا کرنے والے جراثیم سے متعلق حادثات یا متعدی حیاتیاتی ایجنٹوں کا دانستہ غلط استعمال انفیکشن اور بیماریاں پیدا کر سکتا ہے جو عالمی صحت اور معاشروں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر مصنوعی حیاتیات میں پیشرفت جسے حیاتیات میں جینیاتی مواد کے ڈیزائن، تیاری یا ترمیم کو آسان بنانے کے لیے سائنس، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کا اطلاق کیا جاتا ہے (5)، طب، توانائی اور ماحولیاتی اصلاح میں فائدہ مند اطلاق ثابت ہو سکتی ہے۔ تاہم، یہ پیش رفت حفاظت اور سلامتی کے حوالے سے خدشات بھی پیدا کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، مصنوعی ڈی این اے (6) سے نئے بیماری پیدا کرنے والے جراثیم کی تخلیق یا معدوم جراثیم (5، 7) سے نئے جراثیم کی تخلیق کے ذریعے عام جانداروں کو پیتھوجینک خصوصیات فراہم کرنے یا بڑھانے کے ذریعے ایسا ہو سکتا ہے۔ ادویات کی دریافت کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) والی ٹیکنالوجیز کا ممکنہ طور پر زہریلے مالیکیولز کی نشاندہی کے لیے بھی غلط استعمال کیا جاسکتا ہے (8)۔ لیکن ممکنہ نقصانات نہ صرف پیتھوجینز اور زہریلے مالیکیولز بلکہ حیاتیاتی سائنس کے دیگر شعبوں سے بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ نیوروسائنس دماغ کے افعال کی زیادہ سے زیادہ سمجھ بوجھ فراہم کرتی ہے اور پارکنسنز کی بیماری اور الزائمر کی بیماری جیسے اعصابی امراض کو روکنے اور علاج کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔ تاہم، اس شعبے میں تحقیق کا غلط استعمال ہمارے سوچنے، حرکت کرنے یا برتاؤ کرنے کے طریقے کو تبدیل کرنے کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ لائف سائنسز میں تیز رفتار ترقی اور بدلتی ٹیکنالوجیز زندگی کے بنیادی عمل کی تبدیلی کو ممکن بنا سکتی ہیں جس میں ادراک، ترقی، افزائش اور وراثت کا عمل شامل ہے (9)۔ اسی طرح، بڑے ڈیٹا (Big Data) کے استعمال کے ذریعے صحت کی دیکھ بھال کے عمل کو تبدیل کیا جاسکتا ہے لیکن اس حوالے سے بھی خدشات پائے جاتے ہیں (مثال کے طور پر صحت کے ڈیٹا کی حفاظت سمیت رازداری کی حفاظت کے بارے میں) (10)۔ مزید برآں، دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کے بارے میں غلط معلومات عدم اعتماد، الجھن، اختلاف اور نقصان کا سبب بن سکتی ہیں۔

حیاتیاتی خطرے کے انتظام سے تمام ممالک کا تعلق ہے۔ تاہم، مختلف ممالک میں انتظام کی سطح مختلف ہوتی ہے، کچھ ممالک کے پاس پہلے سے ہی حیاتیاتی خطرے کا انتظام کرنے کے لیے بڑے نظام موجود ہیں اور دیگر ممالک نئے نظام تیار کرنے یا موجودہ نظاموں سے فائدہ اٹھانے پر غور کر رہے ہیں۔ مستقبل کا اندازہ لگانے کے طریقوں کا استعمال جیسے افق کا طریقہ یا منظرنامے کا جائزہ ایسے طریقہ ہائے کار ہیں جن سے گورننس میں شامل کرداروں کو نئی آنے والی ٹیکنالوجیز اور مسائل کی فعال طور پر نشاندہی کرنے، سائنس اور ٹیکنالوجی میں پیشرفت کا بروقت جواب دینے اور مناسب گورننس فریم ورک تیار کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

گزشتہ 2 دہائیوں کے دوران، حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے لیے متعدد اقدامات، قواعد و ضوابط اور ضابطہ اخلاق تیار کیے گئے ہیں (سیکشن 2 اور سیکشن 4)۔

بین الاقوامی سطح پر، 1925 کا جنیوا پروٹوکول (11) جنگ میں کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کے استعمال پر پابندی عائد کرتا ہے اور اسے بین الاقوامی روایتی قانون سمجھا جاتا ہے۔ 1972 کا حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیاروں کا کنونشن (بی ڈبلیو سی) (12)، جو 1925 کے جنیوا پروٹوکول پر مبنی ہے، حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار، ذخیرہ اندوزی اور استعمال پر پابندی عائد کرتا ہے۔ 1993 کے کیمیائی ہتھیاروں کے کنونشن (سی ڈبلیو سی) (13) میں کیمیائی ہتھیاروں کی تیاری، پیداوار، حصول، ذخیرہ اندوزی، برقرار رکھنے، منتقلی اور استعمال پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ بی ڈبلیو سی اور سی ڈبلیو سی کے دونوں کنونشنز میں بائیو ریگولیٹرز سمیت زہریلے مادوں کے ہتھیاروں کے طور پر غلط استعمال کا احاطہ کیا گیا ہے[2]۔ حیاتیات اور کیمیا کی ہم آہنگی سی ڈبلیو سی اور بی ڈبلیو سی (15، 16) کے مابین تعلق کو مزید اجاگر کرتی ہے۔[3] 2004 میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے متفقہ طور پر قانونی طور پر پابندی کی حامل قرار داد 1540 (یو این ایس سی آر 1540) (17) منظور کی، جس میں غیر ریاستی عناصر کو جوہری، کیمیائی یا حیاتیاتی ہتھیاروں کی فراہمی روکنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، متعدد بین الاقوامی ادارے اور تنظیمیں حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں شامل ہیں۔[4]

---

[2] سی ڈبلیو سی ان تمام کیمیکلز کا احاطہ کرتا ہے، چاہے ان کی اصل یا پیداوار کے طریقہ کار سے قطع نظر، جو زندگی کے عمل میں مداخلت کرتے ہیں۔ موت، عارضی معذوری یا انسانوں یا جانوروں کو مستقل نقصان (دفعہ II.2) کے ساتھ ساتھ ان کے پیش رو (آرٹیکل II.3)۔ لہذا سی ڈبلیو سی تمام زہریلے مادوں اور بائیو ریگولیٹرز کا احاطہ کرتا ہے کیونکہ وہ کیمیکل ہیں۔ "سوائے ان مقاصد کے جن کا مقصد اس کنونشن کے تحت ممنوع نہ ہو، بشرطیکہ اقسام اور مقداریں ان مقاصد سے مطابقت رکھتی ہوں۔ (دفعہ دوم (الف)). ممانعت جامع ہے۔ Exemptions پر امن اور حفاظتی مقاصد کے لیے فہرست میں شامل ہیں اندر فن icle II.9. مزید معلومات کے لیے دیکھیں 2014 (Krutzsch) (14).

[3] ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) کے زیادہ تر رکن ممالک بی ڈبلیو سی اور سی ڈبلیو سی دونوں کے ریاستی فریق ہیں۔

[4] مثال کے طور پر، عالمی صحت کے تحفظ کا ایجنڈا (18) اور بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں اور مواد کے پھیلاؤ کے خلاف عالمی شراکت داری (19).

1.2 اس عالمی رہنمائی کے فریم ورک کا جواز

اس طرح کی کوششوں اور سرگرمیوں کے باوجود سائنس، ٹیکنالوجیز اور ان کے اطلاقات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے خطرات سے نمٹنے کے لیے انتظام اور نگرانی کے فریم ورک موجودہ ترقی اور جدت کے لحاظ سے سائنسی ترقی سے بہت پیچھے ہیں۔ اس صورت حال کی کئی وجوہات ہیں۔ حیاتیاتی ٹیکنالوجی کی مہارتوں میں تیز رفتار ترقی اور پھیلاؤ نے یہ بہت مشکل بنا دیا ہے کہ اس کے انتظام کے رجحانات بھی اسے تیزی رفتاری سے چلیں۔ بہت سے ممالک اور سائنسی اداروں میں حیاتیاتی خطرے کی گورننس کے لیے موزوں ڈھانچہ موجود نہیں ہے۔ مزید یہ کہ مستقبل تو دور کی بات گورننس کے موجودہ طریقہ ہائے کار زمانہ حال کی ٹیکنالوجیز سے بھی نمٹنے کے لیے کافی نہیں۔ لائف سائنسز دیگر شعبوں جیسے کیمسٹری (مثال کے طور پر بائیو کیمسٹری اور فارماکولوجی)، مصنوعی ذہانت اور نینو ٹیکنالوجی (20) کے ساتھ بھی تیزی سے یکجا ہو رہے ہیں۔ اس طرح کے انٹرفیس پر خطرات سامنے آ سکتے ہیں جو موجودہ حیاتیاتی خطرہ فریم ورک کے دائرہ عمل سے باہر ہو سکتے ہیں۔ صحت کی سلامتی کے حوالے سے ان ابھرتے ہوئے خطرات کو روکنے اور کم کرنے کے لیے بین الاقوامی معیار اور اصول بھی ضرورت سے مطابقت نہیں رکھتے۔

ایک مستقل اور بنیادی چیلنج آگاہی کی شدید قلت ہے کہ اس شعبے میں ان طریقوں سے کام انجام دیا جا سکتا ہے یا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے جس کے نتیجے میں عوام کو صحت اور سلامتی کے خطرات لاحق ہوں، حالانکہ اس کام کا بنیادی مقصد صحت، معیشت اور معاشروں کو بہتر بنانے کے لیے علم اور طریقہ ہائے کار کو آگے بڑھانا ہے۔ اس کے علاوہ، اس طرح کے خطرات کی نشاندہی اور کم کرنے کے لیے ترغیبات کی بھی قلت پائی جاتی ہے۔

نئی ٹیکنالوجیز کے ابھرنے، دیگر شعبوں کے ساتھ لائف سائنسز کی ہم آہنگی اور گورننس میں موجودہ خلاء کے ساتھ، حیاتیاتی خطرے کو کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو منظم کرنے کے لیے رہنمائی کے ایک عالمی فریم ورک کی ضرورت ہے۔ یہ فریم ورک تسلیم کرتا ہے کہ حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو منظم کرنے کے لیے کوئی واحد اور معیاری طریقہ کار استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ یہ دستاویز پہلا عالمی، تکنیکی اور معیاری فریم ورک ہے جو مختلف قومی پس منظر، وسائل اور ترجیحات کو مد نظر رکھتے ہوئے قومی فریم ورک اور نقطہ نظر کی تیاری کے لیے بنیاد کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ مختلف قسم کے سامعین کی ضروریات کے مطابق مخصوص اور عملی طریقہ ہائے کار تیار کیے جائیں گے تاکہ اسے وسیع پیمانے پر استعمال کیا جا سکے۔

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) 1960 کی دہائی کے اواخر سے اس شعبے میں سرگرم ہے، 1969 کی قرارداد ڈبلیو ایچ اے 22.58 اور 1970 میں کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کے صحت کے پہلوؤں (21) اور 2004 میں اس کے دوسرے ایڈیشن (22) کی اشاعت کے ساتھ یہ کام جاری ہے۔ حال ہی میں، ڈبلیو ایچ او نے ذمہ دارانہ لائف سائنسز کی تحقیق (23) پر رہنما کتابچہ شائع کیا ہے اور دوہرے استعمال کی تحقیق (24،25) کا آغاز کیا ہے۔ یہ فریم ورک ڈبلیو ایچ او سائنس ڈویژن نے ڈبلیو ایچ او ہیلتھ ایمرجنسیز پروگرام کے تعاون سے تیار کیا ہے۔ عالمی سطح پر صحت کی تحقیق کے لیے ڈبلیو ایچ او کے کلیدی مقاصد میں سائنسی، تکنیکی اور وبائی امراض میں آنے والی تبدیلیوں کی پیش گوئی کرنا؛ پیدا ہونے والے خلا، علاقوں اور ملکوں کی ترجیحات کے لیے ایک عالمی تحقیقی ایجنڈا مرتب کرنا؛ اور سائنس میں اعتماد کو مضبوط بنانا شامل ہیں۔ (26) اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام صرف ایک بین الاقوامی ادارہ نہیں کر سکتا، ڈبلیو ایچ او اس طرح کا قائدانہ کردار ادا کرنا چاہتا ہے کہ سائنسی پیشرفت سے پیدا ہونے والے خطرات کا اندازہ لگانے اور کم کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی صحت کو بہتر بنانے کے لیے لائف سائنسز کی ترقی کو بروئے کار لایا جائے۔

1.3 مقاصد اور دائرہ کار

فریم ورک کا مقصد رہنمائی، اقدار اور اصول، طریقہ ہائے کار اور نظام فراہم کرنا ہے جو موجودہ اور مستقبل کے ممکنہ حیاتیاتی خطرے اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کو کم کرنے اور کنٹرول کرنے کے لیے استعمال کیے جاسکیں۔ مجموعی طور پر اس کا مقصد لائف سائنسز اور ان میں ہونے والی ترقی نیز اس کے صحت اور معاشروں پر مثبت اثرات کو برقرار رکھتے ہوئے موجودہ اور نئی سائنسی معلومات اور ٹیکنالوجیز سے پیدا ہونے والے ممکنہ نقصانات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔ فریم ورک کا مقصد کوئی مخصوص ہدایات دینا یا گورننس کے مخصوص معیار فراہم کرنا نہیں۔

خطرات کا انتظام

اس فریم ورک میں لائف سائنسز کی تحقیق سے وابستہ خطرات جیسا کہ حادثات اور غیر ارادی و جان بوجھ کر غلط استعمال سے نمٹنے کے لیے "حیاتیاتی خطرات کے انتظام" کو ایک منظم اور جامع طریقہ کار کے طور پر متعارف کروایا گیا ہے۔ حیاتیاتی خطرے کا انتظام تین اہم حصوں پر مشتمل ہے، یعنی، حیاتیاتی تحفظ، لیبارٹری بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی حامل تحقیق کی نگرانی اور موجودہ اور نامعلوم دونوں خطرات سے نمٹنے کے لیے متعدد طریقہ ہائے کار کی ضرورت ہوتی ہے۔

لائف سائنسز کا ذمہ دارانہ استعمال ایک اخلاقی مسئلہ ہے۔ اس دستاویز میں اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ تحقیق اور ذمہ دارانہ اختراع کے طرز عمل سے متعلق کثیر لٹریچر موجود ہے اور اس میں وسیع پیمانے پر اخلاقی مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا ہے جو حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو کم کرنے اور روکنے کی سرگرمیوں کے دائرہ کار سے کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ اس رہنمائی میں "ذمہ دارانہ استعمال" کی اصطلاح حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں اخلاقیات کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے عزم اور سائنس دانوں، تحقیقی کمیونٹیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ایک بڑے سامعین تک پہنچنے کے لیے استعمال کی گئی ہے اور اس کے پیچھے حیاتیاتی خطرے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے انتظام کو بہتر بنانے کے مقصد کار فرما ہے۔

اس فریم ورک کا دائرہ کار لائف سائنسز میں صحت سے متعلق تحقیق سے پیدا ہونے والے خطرات کا احاطہ کرتا ہے

اس سے مراد ایسی تحقیق ہے جو دونوں انداز میں استعمال کی جا سکتی ہے اور جس میں حیاتیاتی ایجنٹوں کے حوالے سے تحقیق اور تجربات شامل ہوتے ہیں۔ تاہم، لائف سائنسز کی ترقی کے ساتھ ساتھ دوہرے استعمال کی صلاحیت کی حامل تحقیق نیورو سائنسز، بائیو انفارمیٹکس، جینز کی ایڈیٹنگ اور مصنوعی حیاتیات جیسے شعبوں تک وسیع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ، دیگر سائنسی مضامین (جیسے کیمسٹری، مصنوعی ذہانت، مشینی اور اس سے منسلک گہری تعلیم، اور مادی انجینئرنگ) لائف سائنسز کے ساتھ باہم مربوط ہو رہے ہیں اور صحت سے متعلق تحقیق ان مضامین سے متاثر ہو سکتی ہے۔ لہذا، اس فریم ورک میں دوہرے استعمال کی حامل تحقیق، بیماری پیدا کرنے والے جراثیم، حیاتیاتی ایجنٹوں اور تشویش کے حامل تجربات کے ساتھ ساتھ لائف سائنسز کی ایسی دیگر تحقیق کا بھی احاطہ کیا گیا ہے جن کا دوہرا استعمال ہو سکتا ہے۔

تحقیق کے پورے عمل کے دوران حادثات، لائف سائنسز کی تحقیق اور ٹیکنالوجیز کے دانستہ یا غیر دانستہ غلط استعمال سے نقصانات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ لہذا، کسی تحقیقی منصوبے کے تصور سے پہلے اور اس کے دوران، فنڈنگ کے لیے درخواستوں کے عمل، تحقیق کے انعقاد، اشاعت، تراجم اور نفاذ کے دوران تحقیقی عمل سے متعلقہ گورننس کے اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے (27)۔ خطرات مختلف حالات سے ابھر کر سامنے آ سکتے ہیں، جس میں صحت عامہ سے متعلق تحقیقی شعبہ (جیسے یونیورسٹیاں، تحقیقی ادارے اور دیگر عوامی مالی اعانت سے چلنے والی تحقیق)، صحت سے متعلقہ نجی اور تجارتی تحقیقی شعبہ (مثال کے طور پر دواسازی کا شعبہ، بڑی تحقیق اور ویکسین کی تیاری کی سہولیات اور بائیو ٹیکنالوجی کمپنیوں میں)، بائیو ڈیفنس لیبارٹریاں جو طبی جوابی اقدامات تیار کرتی ہیں، بھی ان میں شامل ہیں، اسی طرح دیگر تحقیقی جگہیں، غیر منافع بخش ادارے اور مینوفیکچرنگ کے مراکز، اور وباء کے دوران نمونے جمع کرنے اور فیلڈ ورک کے ذریعے بھی ایسے خطرات سامنے آ سکتے ہیں ۔ خطرات صحت عامہ اور میڈیکل مائیکرو بائیولوجی لیبارٹریوں سے بھی پیدا ہو سکتے ہیں جو انسانوں یا جانوروں سے لیے گئے نمونوں پر مختلف عمل اور تجزیہ کرتے ہیں۔ لہذا، سائنس دانوں اور ان کے اداروں، فنڈنگ کے اداروں، پبلشرز، ایڈیٹرز، حکومتوں، سول سوسائٹی، سیکورٹی کمیونٹیوں، ڈی آئی وائی لیبارٹری کمیونٹیوں اور نجی شعبے سمیت حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں مختلف فریقین کو شامل کرنے کی ضرورت ہے۔

1.4 مقررہ سامعین

یہ فریم ورک بنیادی طور پر ان لوگوں کے لیے ہے جو حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں مختلف ذمہ داریاں سنبھالتے ہیں، جیسا کہ پالیسی ساز اور ریگولیٹرز جن کا بنیادی کام قومی پالیسیاں تیار کرنا ہے تاکہ لائف سائنسز کے ممکنہ فوائد کو اس طرح سے استعمال میں لایا جائے کہ ان سے منسلکہ خطرات کم سے کم ہوں۔ لائف سائنسز کی محفوظ اور ذمہ دارانہ گورننس کے لیے صحت کے اداروں سمیت مختلف سرکاری وزارتوں کی شرکت اور تعاون ضروری ہوتا ہے۔

اس فریم ورک کا مخاطب سائنس دان اور تحقیقی ادارے، اساتذہ، ٹرینرز، پروجیکٹ مینجمنٹ سٹاف، فنڈنگ باڈیز، پبلشرز، ایڈیٹرز، نجی شعبہ اور تمام متعلقہ فریقین بھی ہیں کیونکہ وہ تحقیق کے مجموعی عمل کا حصہ ہوتے ہیں۔ اس کا مقصد شہری گروپوں، سول سوسائٹی اور تنظیموں (غیر سرکاری، علاقائی اور بین الاقوامی) کی بھی معاونت کرنا ہے کیونکہ وہ دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر حیاتیاتی خطرے کے انتظام میں شامل ہوتے ہیں۔

تیزی سے ابھرتے ہوئے چیلنجز کو دیکھتے ہوئے، حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے لیے ایک مربوط اور کثیر الجہتی نقطہ نظر کی بھی ضرورت ہے جو انسانوں، جانوروں، پودوں اور زراعت وماحولیات کا احاطہ کرتے ہوئے، مختلف شعبوں کے مابین پالیسیوں اور اقدامات کو فروغ دے۔

حادثات، نادانستہ اور دانستہ غلط استعمال کے نتائج صحت کے حوالے سے منفی واقعات کا باعث بن سکتے ہیں جس سے دور دراز کی کمیونٹیاں تیزی سے متاثر ہو سکتی ہیں جس کا ثبوت کووڈ۔ 19 ہے جو ہمیں ون ہیلتھ نقطہ نظر اپنانے کی اہمیت دکھا رہا ہے۔[5]

اس فریم ورک میں انسانوں، جانوروں اور پودوں کو متاثر کرنے والی وبائی بیماریوں کے پھیلاؤ کے جواب میں اقدامات کے انتظام پر توجہ نہیں دی گئی؛ تاہم، اقوام متحدہ کی فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او)، ورلڈ آرگنائزیشن فار اینیمل ہیلتھ (ڈبلیو او اے ایچ)، اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام (یو این ای پی) اور حیاتیاتی تنوع سے متعلق کنونشن (سی بی ڈی) سمیت متعلقہ اداروں اور شعبوں کے تعاون سے ان خطرات کی روک تھام اور کم کرنے کی اہمیت کو تسلیم کیا گیا ہے۔ عالمی سطح پر صحت کے حوالے سے خطرات اور حیاتیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے مختلف شعبوں اور سطحوں پر تعاون انتہائی اہم ہے۔ مختلف شعبوں (صحت عامہ، جانوروں اور پودوں کی صحت اور ماحولیات سے متعلق شعبے) اور مختلف سطحوں (مقامی، قومی، علاقائی اور عالمی سطح) پر مشتمل فریقین کو ون ہیلتھ نقطہ نظر کی حمایت کرتے ہوئے انسانوں-جانوروں-ماحولیات کے مجموعی نظام کو درپیش حیاتیاتی خطرے کے لیے کثیر شعبہ جاتی ردعمل کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ ان خطرات کو کنٹرول کرنے کی ذمہ داری مختلف اسٹیک ہولڈرز پر عائد ہوتی ہے، یہ فریم ورک سائنسی برادری اور اس کے اداروں سے لے کر رکن ممالک، فنڈنگ باڈیز، پبلشرز، ایڈیٹرز، سیکورٹی حکام اور نجی شعبے تک ان خطرات سے نمٹنے کے لیے انفرادی اور اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

[5] "ون ہیلتھ ایک مربوط، متحد نقطہ نظر ہے جس کا مقصد لوگوں، جانوروں اور ماحولیاتی نظام کی صحت کو مستقل طور پر متوازن اور بہتر بنانا ہے۔ یہ تسلیم کرتا ہے کہ انسانوں، گھریلو اور جنگلی جانوروں، پودوں، اور وسیع تر ماحول (بشمول ماحولیاتی نظام) کی صحت قریبی طور پر منسلک اور ایک دوسرے پر منحصر ہے۔ یہ نقطہ نظر معاشرے کے مختلف سطحوں پر متعدد شعبوں، شعبوں اور برادریوں کو متحرک کرتا ہے تاکہ فلاح وبہبود کو فروغ دینے اور صحت اور ماحولیاتی نظام کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کیا جا سکے، جبکہ صاف پانی، توانائی اور ہوا، محفوظ اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی اجتماعی ضرورت کو پورا کیا جائے، آب وہوا کی تبدیلی پر کارروائی کی جائے اور پائیدار ترقی میں حصہ لیا جائے۔ (28)۔

1.5 طریقہ کار



اس فریم ورک کی بنیاد پہلے سے موجود کام اور اقدامات پر رکھی گئی ہے اور اس کا مقصد حادثات کے خطرات، لائف سائنسز کی تحقیق اور ٹیکنالوجیز کے دانستہ اور نادانستہ غلط استعمال کا انتظام کرنا ہے۔ اس فریم ورک میں اب تک حاصل کیے گئے اسباق کی نشاندہی کرتے ہوئے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کون سی مشترکہ کوششیں درکار ہیں۔ فریم ورک کی تیاری میں کثیر شعبہ جاتی فریقین کے علم اور مہارتوں کو استعمال کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر، 2020 میں، ڈبلیو ایچ او سائنس ڈویژن نے تعلیمی اداروں، سائنس کونسلوں، پبلشرز، ایڈیٹرز اور تحقیق کے مقاصد کے لیے عطیہ دینے والوں کے ساتھ تین مکالموں کا اہتمام کیا تاکہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے نقطہ نظر کو بہتر طور پر سمجھا جاسکے اور تعاون کے شعبوں کی نشاندہی کی جاسکے (29، 31)۔

ان تین مکالموں کے بعد، فریم ورک کے دائرہ کار، اصطلاحات اور اہم اجزاء (32) پر مشاورت کے لیے 11 مارچ 2021ء کو ایک ابتدائی مشاورتی اجلاس طلب کیا گیا تھا۔ اس اجلاس کے نتیجے میں، معلومات کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل موضوعات پر تین ورکنگ گروپ قائم کیے گئے تھے: یعنی اقدار اور اصول جو اس شعبے میں فریم ورک اور رہنمائی کی پالیسیوں کے لیے بنیاد فراہم کرتے ہیں؛ لائف سائنسز کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینے اور حادثات کے خطرات کو کم سے کم کرنے کے طریقہ ہائے کار اور نظام؛ اور شعور اجاگر کرنے، تعلیم، صلاحیت سازی اور مشغولیت جیسے موضوعات شامل کیے گئے۔ 7 ستمبر 2021 کو، تینوں ورکنگ گروپوں کے نتائج اور سفارشات کو اکٹھا کرنے اور فریم ورک کی تیاری کے لیے اگلے اقدامات پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے ایک دوسرا مشاورتی اجلاس طلب کیا گیا تھا (33)۔ اس کے بعد مخصوص سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے دو اضافی ورکنگ گروپ قائم کیے گئے: ایک گروپ اصطلاحات کی لغت تیار کرنے، اقدار اور اصولوں کو ورکنگ گروپوں کی سفارشات کے ساتھ جوڑنے اور تین اول الذکر ورکنگ گروپوں کے کام کو مربوط کرنے والی دستاویز تیار کرنے؛ دوسرا فریم ورک کی جانچ کرنے کے لیے منظر نامے تیار کرنے اور متعلقہ فریقین کو حیاتیاتی خطرے کے مضبوط انتظام کی حکمت عملی کی نشاندہی کرنے میں مدد کے لیے بنایا گیا تھا۔ یہ فریم ورک براہ راست ان پانچوں ورکنگ گروپس کے نتائج اور سفارشات پر مبنی ہے اور اسے دنیا بھر کے متعلقہ فریقین اور ماہرین کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔

فروری 2022 میں، فریم ورک کے مسودے کو 3 ہفتوں کی مدت کے لیے عوامی مشاورت کی غرض سے پروجیکٹ کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا گیا تھا۔ عوامی مشاورت کے ذریعے فریم ورک کو مزید بہتر طور پر تیار کرنے کے لیے قیمتی فیڈبیک حاصل ہوا۔ فریم ورک کے مسودے کو بعد میں ہم عصر ماہرین کے جائزے کے لیے ایک بیرونی گروپ کو بھیج دیا گیا۔

یہ فریم ورک ڈبلیو ایچ او کی متعدد اشاعتوں پر مبنی ہے جو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے انتظام کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔مثال کے طور پر، انسانی جینز کی ایڈیٹنگ (34،35) کے انتظام اور سفارشات کے فریم ورک سے نقطہ نظر اور عملی کام کے حوالے سے اہم عناصر لیے گئے؛ اسی طرح، مصنوعی ذہانت (10) کے موضوع پر فریم ورک سے متعلقہ معلومات حاصل کی گئیں۔ یہ فریم ورک 2010ء میں ڈبلیو ایچ او کی عالمی صحت کی سلامتی کے لیے ذمہ دارانہ لائف سائنسز کی تحقیق (23) اور اس اشاعت کے حیاتیاتی خطرے کے انتظام کے استعمال پر مبنی ہے، جو تحقیق کی عمدگی، اخلاقیات، حیاتیاتی تحفظ اور لیبارٹری بائیوسکیورٹی پر مبنی تھا۔ جبکہ 2010 کا رہنما کتابچہ متعدی حیاتیاتی ایجنٹوں اور زہریلے مادوں پر مرکوز تھا، اس لائحہ عمل میں حیاتیاتی علوم اور باہم مربوط شعبوں کا احاطہ کرنے کے لیے اس کے دائرہ کار کو بڑھایا گیا ہے۔ اس فریم ورک میں ڈبلیو ایچ او لیبارٹری بائیو سیفٹی مینوئل (3) کے چوتھے ایڈیشن سے بھی معلومات حاصل کی گئی ہیں۔

1.6 عملدرآمد اور جائزہ

عالمی رہنمائی کا یہ فریم ورک ایک نقطہ آغاز ہے۔ اسے اب بھی مختلف سامعین کی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔ عملدرآمد کو آسان بنانے کے لیے فریم ورک کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے عملی نفاذ اور فالو اپ سرگرمیوں کے لیے طریقہ ہائے کار تیار کیے جائیں گے۔ ڈبلیو ایچ او کے خطوں، رکن ممالک، بین الاقوامی تنظیموں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے مخصوص طریقہ ہائے کار تیار کیے جائیں گے۔ سیکشن 5 عملدرآمد کے لیے متعدد راستوں کی نشاندہی کرتا ہے اور مختلف فریقین کو گورننس کے موجودہ اجزاء اور ان اجزاء کی نشاندہی کرنے کے لیے چیک لسٹ فراہم کرتا ہے جنھیں تیار کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

یہ فریم ورک ایک ارتقائی دستاویز ہے۔ اس کا مقصد ایک ایسے عمل کا آغاز کرنا ہے جو بار بار دہرایا جائے اور یہ فعال رہے جس میں باقاعدگی سے ان طریقوں کا از سرنو جائزہ لیا جاتا رہے جن کے ذریعے لائف سائنسز کی تحقیق اور ٹیکنالوجیز خطرات پیدا کر سکتے ہوں اور پھر معاشرتی ترقی کو برقرار رکھتے ہوئے ان کے تدارک کے راستے نکالے جائیں۔ سائنس اور اس کے نفاذ کے ساتھ خطرے کا منظر نامہ تبدیل ہوتا رہتا ہے اسی طرح اس فریم ورک سمیت گورننس کی حکمت عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لینے اور اپ ڈیٹ کرنا ضروری ہوگا۔ اس فریم ورک میں خطرات کی گورننس کے حل سیکھنے اور تلاش کرنے کی اہمیت کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی ہدایات جاری نہیں کی گئیں۔ دستاویز پر مختلف رکن ممالک اور متعلقہ فریقین کی جانب سے اس کے نفاذ سے حاصل ہونے والے تجربے اور تکنیکی اور سماجی چیلنجز اور اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات اور ترجیحات کے جواب میں نظر ثانی کی جائے گی۔ اشاعت کے تقریباً 3-5 سال بعد، ڈبلیو ایچ او حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے نظم و نسق، سائنس اور ٹیکنالوجی میں نئی پیش رفت اور گورننس پر ان کے اثرات، اور اسٹیک ہولڈرز کے تجربات اور طریقوں سے متعلق شواہد کا جائزہ لے گا۔ یہ معلومات اس دستاویز کے جائزے میں معاون ثابت ہوں گی۔

2ـ سیکشن 2

حیاتیاتی خطرات کے انتظام میں درپیش مسائل اور خلاء



حیاتیات اور دیگر لائف سائنسز کے غلط استعمال کو روکنا، کوئی نیا مسئلہ نہیں۔ حادثات، لائف سائنسز کے نادانستہ اور دانستہ طور پر غلط استعمال سے نمٹنے کے لیے کوئی واحد حل موجود نہیں ہے؛ بلکہ ہر سطح پر احتیاطی، تکمیلی اور مربوط اقدامات کے ایک سلسلے کی ضرورت ہے (36،37)۔ اسی طرح حیاتیاتی خطرے کا انتظام اسٹیک ہولڈرز کا کوئی ایک گروپ نہیں چلا سکتا بلکہ اس مقصد کے لیے مختلف کرداروں اور ذمہ داریوں کے حامل متعدد اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کرنے کی ضرورت ہے جو مختلف سطحوں (انفرادی، ادارہ جاتی، قومی، علاقائی اور بین الاقوامی) اور مختلف جغرافیائی خطوں میں مل کر کام کریں۔ کئی دہائیوں سے پالیسی ساز برادری اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز حیاتیات اور دیگر لائف سائنسز کے غلط استعمال کی حقیقت کو تسلیم کرتے رہے ہیں۔ گورننس میں بہت سے چیلنجز اور خلاء ہیں جو اس صورتحال کی وضاحت کرتے ہیں، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔[6]

---

[6] سیکشن 2 ڈبلیو ایچ کے ورکنگ گروپس کی جانب سے اقدار اور اصولوں، حیاتیاتی انتظام کے لیے ٹولز اور نظام نیز ڈبلیو ایچ کی آگاہی کے فروغ، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی (شائع نہیں ہوا) پر تیار کردہ رپورٹس پر مبنی ہے۔ (38) (2022)۔

Section 2 directly draws on the reports developed by the WHO working groups on values and principles, on tools and mechanisms for

biorisk management and on awareness raising, education, training and capacity-building (not published) and on WHO (2022) *(38)*.

2.1 لائف سائنسز میں بڑھتی ہوئی ترقی

لائف سائنسز میں پیش رفت ایک تیز رفتار اور عالمی کوشش ہے (39)۔ ان پیشرفتوں کے ساتھ ٹیکنالوجی کی لاگت میں تیزی سے کمی اور علم و مہارتوں کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ رجحانات نئے علاج اور ویکسین کی تیاری نیز بیماریوں کے بارے میں ہماری سمجھ بوجھ اور ان کے حوالے سے جوابی اقدامات کرنے کی ہماری صلاحیت کو بڑھاتے ہیں تاہم ان میں حیاتیاتی خطرات کا امکان بھی پایا جاتا ہے۔

لائف سائنسز اور ٹیکنالوجیز کی تیز رفتار ترقی اور حیاتیاتی ٹیکنالوجی کی مہارتوں کا پھیلاؤ پالیسی سازوں کے لیے چیلنج کہ انھیں اس ترقی اور اختراع کے ساتھ قدم ملا کر چلنا ہے۔ گورننس سسٹم کو سائنسی اور تکنیکی تبدیلیوں کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے - یہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے انتظام کے حوالے سے ایک منظم مسئلہ ہے۔ بہت سے ممالک اور سائنسی اداروں میں حیاتیاتی خطرے کی گورننس کے ڈھانچے کا فقدان ہے، اور مستقبل کی ٹیکنالوجیز کو دور کی بات موجودہ گورننس نظام موجودہ ٹیکنالوجیز سے نمٹنے کے لیے بھی کافی نہیں۔ لائف سائنسز کے مختلف شعبوں کی ترقی کی شرح مختلف ہوتی ہے، ان کے پختہ ہونے اور خطرات پیدا کرنے کا درجہ بھی مختلف ہوتا ہے۔ بے شک ترقی کا عمل تیز ہے لیکن سائنس اور ٹیکنالوجی میں تمام ممکنہ ترقی حقیقت کا روپ نہیں دھارتی (16)۔ اس کے علاوہ، بائیو ٹیکنالوجی اور طریقہ کار سے متعلقہ کچھ شعبوں میں مہارت کا فقدان پایا جاتا ہے اور ان کے غلط استعمال کا امکان بھی زیادہ پایا جاتا ہے (40،41)۔

لائف سائنسز تیزی سے دوسرے شعبوں جیسے کیمسٹری، مصنوعی ذہانت اور نینو ٹیکنالوجی (20) سے باہم مربوط ہو رہے ہیں جس سے خطرات کا منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے۔ ان جہات پر ابھرنے والے خطرات کا روایتی حیاتیاتی خطرے کے فریم ورک کے ذریعہ احاطہ نہیں کیا جا سکتا، نتیجتاً خطرات اور اسٹیک ہولڈرز دونوں لحاظ سے تنوع بڑھ رہا ہے۔ مثال کے طور پر، مصنوعی حیاتیات - زندہ حیاتیات میں جینیاتی مواد کے ڈیزائن، تیاری یا ترمیم کو آسان بنانے اور تیز کرنے کے لیے سائنس، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کا اطلاق (5) حیاتیاتی علوم کا ایک تیزی سے ترقی کرتا ہوا شعبہ ہے جس کا طب، توانائی اور ماحولیاتی اصلاح کے لیے فائدہ مند نفاذ کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، نئے یا موجودہ حیاتیاتی ایجنٹوں کی ترکیب کے بارے میں خدشات پائے جاتے ہیں جن کا ممکنہ طور پر نقصان پہنچانے کے لیے جان بوجھ کر غلط استعمال کیا جا سکتا ہے (5،7)۔

ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ نئے ادارے مصنوعی حیاتیات کے میدان میں داخل ہو رہے ہیں۔ شوقیہ کمیونٹیوں اور ڈی آئی وائی بائیو ٹیکنالوجی کمیونٹیوں حالیہ برسوں میں مفت مواد تک رسائی، مواد کے اشتراک اور طریقہ ہائے کار کی کم لاگت کے نتیجے میں ابھری ہیں۔ اس کے علاوہ، کلاؤڈ لیبارٹریز بائیو ٹیکنالوجی تک وسیع تر رسائی کا باعث بن سکتی ہیں (42) نیز تجارتی کمپنیاں مصنوعی حیاتیات اور ڈی این اے سیکوینسنگ کے میدان میں داخل ہوئی ہیں، جس سے اسٹیک ہولڈرز مزید متنوع ہو گئے ہیں۔

بیماریاں پیدا کرنے والے جراثیم اور حیاتیات سے ہٹ کر بھی نئے خطرات سامنے آرہے ہیں۔ مثال کے طور پر، نیورو سائنسز میں نئی پیش رفت کو ممکنہ طور پر غلط استعمال کیا جاسکتا ہے (مثال کے طور پر انسانی کارکردگی کو بڑھانے یا کم کرنے کے لیے) (43،44)۔ نینو ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور لائف سائنسز میں اس کے اطلاقات نے نینو کیریئرز کو مزید ترقی دی ہے جو منشیات کی افادیت کو بہتر بناسکتے ہیں، لیکن خدشات ہیں کہ نینو ذرات کا غلط استعمال کیا جاسکتا ہے (مثال کے طور پر اسے ایروسول کے طور پر فراہم کیا جارہا ہے جو خون اور دماغ کی رکاوٹ کو عبور کرسکتا ہے) (16)۔ اس کے علاوہ، یہ خطرات اب انسانی بیماریوں سے آگے بڑھ کر پودوں، جانوروں اور ماحول کے لیے نقصانات کا باعث بن رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، تحقیقی معلومات کو جان بوجھ کر جینیاتی معلومات کو تبدیل کرنے اور غیر مقامی جانداروں کو متعارف کرواکر ماحول کو تبدیل کرنے کے لیے غلط استعمال کیا جاسکتا ہے۔ صحت عامہ کے لیے خطرات ٹیکنالوجیز اور متعلقہ معلوماتی سائنسز سے بھی جنم لے سکتے ہیں۔ صحت کی ہنگامی صورتحال کا جواب دینے، صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو چلانے یا صحت کے پروگراموں اور پالیسیوں کو نافذ کرنے کے لیے صحت کے حکام کی طرف سے ٹیکنالوجیز، ڈیجیٹل اور انفارمیشن ماحول کا تیزی سے استعمال کیا جارہا ہے۔ پھر بھی یہ ٹیکنالوجیز اور متعلقہ انفارمیشن سائنسز بھی کچھ خطرات کا سبب بن سکتی ہیں۔ مصنوعی ذہانت جیسی ٹیکنالوجی کے دوہرے استعمال کی صلاحیت اور سائبر وارفیئر میں اس کے کردار بشمول انفارمیشن وارفیئر (یعنی جعلی ویڈیو اور ٹیکسٹ مواد سمیت مواد کی خودکار پیداوار اور تشہیر) پر غوروفکر کرنے کی ضرورت ہے۔ ان شعبوں کو بھی گورننس کے دائرہ کار میں لانے کی ضرورت ہے جہاں لائف سائنسز دوسرے سائنسی مضامین کے ساتھ ملتے ہیں۔

سائنسی شعبوں اور اسٹیک ہولڈرز کے بڑھتے ہوئے تنوع کو مختلف شعبوں (جیسے سرکاری، نجی اور ڈی آئی وائی بائیو ٹیکنالوجی کی لیبارٹری کمیونٹی)، سائنسی مضامین اور اسٹیک ہولڈرز کے مابین باہمی مکالمے اور تعاون کی ضرورت ہے۔ اسٹیک ہولڈرز کی ایک وسیع رینج کو لائف سائنسز پر تحقیق اور اس کے نفاذ کے ممکنہ فوائد اور خطرات دونوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہوگی۔ اس طرح کے اسٹیک ہولڈرز میں سائنسدان اور ان کے ادارے (بشمول حیاتیاتی علم، مہارت، اعداد و شمار، مواد اور ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والے حیاتی سائنسدانوں کے علاوہ سائنسدانوں کی تحقیق)، فنڈنگ ادارے، پبلشرز، ایڈیٹرز، پالیسی ساز اور ریگولیٹرز، نجی شعبے اور سکیورٹی حکام شامل ہیں۔

جیسے جیسے لائف سائنسز اور بدلتی مضامین میں سائنسی اور تکنیکی سمجھ بوجھ آگے بڑھ رہی ہے، ممکنہ حفاظت اور سلامتی کے خطرات سامنے آرہے ہیں جن کا دائرہ عمل بیماری پھیلانے والے جراثیم، لائف سائنسز اور ٹیکنالوجیز اور روایتی لیبارٹری ماحول سے ماوراء ہے۔ لائف سائنسز میں تیز رفتار ترقی، لائف سائنسز کا دوسرے سائنسی مضامین کے ساتھ ہم آہنگ ہونا، مہارت اور علم کا پھیلاؤ، اور عاملین اور شعبوں کی کثرت کے پیش نظر ذمہ دارانہ گورننس طریقہ کار اور نظام کی ضرورت ہوتی ہے جو پیش گوئی، لچک، جوابدہی اور تعاون جیسی خصوصیات کا حامل ہو (باکس 3)۔

2.2 ممکنہ خطرات کی نشاندہی اور انتظام

ایسی تحقیق اور ٹیکنالوجیز جو صحت اور معاشروں کو فائدہ پہنچا سکتی ہیں، انھیں نقصان دہ مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ ایک ایسی صورتحال ہے جسے "دوہرے استعمال کی الجھن" کہا جاتا ہے(45)۔ یہ الجھن دوہرے استعمال کی حامل تحقیق، ٹیکنالوجیز اور علم کی نشاندہی کرنے اور پھر صحت اور معاشرے کے ممکنہ فوائد میں رکاوٹ ڈالے بغیر متعلقہ خطرات کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے اہم چیلنج کو اجاگر کرتی ہے(40)۔

لائف سائنسز کی تحقیق سے پیدا ہونے والے سکیورٹی خطرات کی نشاندہی کی اچھی کوشش امریکی نیشنل ریسرچ کونسل (این آر سی) کی دو رپورٹس میں نظر آتی ہے، یہ رپورٹس 2004 اور 2006 میں شائع کی گئی تھیں۔[7] 2004 کی رپورٹ (45) میں مائیکروبیل ایجنٹوں سے متعلق تشویش کے سات اقسام کے تجربات کی نشاندہی کی گئی ہے جن کے انعقاد سے قبل جائزے اور مشاورت کی ضرورت ہے۔ ان تجربات کا تعلق اس بات سے ہے کہ کسی ویکسین کو کس طرح غیر موثر بنایا جائے؛ علاج کے لحاظ سے مفید اینٹی بائیو ٹکس یا اینٹی وائرل ایجنٹوں کے خلاف مزاحمت کیسے کی جائے؛ پیتھوجین کی شدت میں کیسے اضافہ کیا جائے یا ایک نان پیتھوجین کیسے زہریلا بنتا ہے؛ کسی جراثیم کی منتقلی میں اضافہ اور پیتھوجن کی رینج کیسے تبدیل ہوتی ہے، ان سات اقسام کے تجربات میں سے کسی کو بھی یکجا کیا جاسکتا ہے۔

جہاں 2004 کی این آر سی رپورٹ میں مائیکروبیل خطرات اور تحقیق کی نگرانی پر توجہ مرکوز کی گئی تھی، وہیں 2006 کی رپورٹ (46) میں ترقی کے ایسی اقسام کی نشاندہی کی گئی جو مشترکہ خصوصیات (یعنی مشترکہ مقاصد، مشترکہ تصوراتی بنیادیں اور مشترکہ تکنیکی فعال پلیٹ فارم) رکھتی ہیں، اور نئی حیاتیاتی سائنس اور ٹیکنالوجیز کے فائدہ مند اور تباہ کن نفاذ کے امکانات کا اندازہ لگانے کے لیے ایک منطقی فریم ورک کا خاکہ پیش کرتی ہیں۔ نئی ٹیکنالوجیز کو چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا تھا یعنی نئے حیاتیاتی یا مالیکیولر تنوع کو حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا گروپ؛ براہ راست ڈیزائن کے ذریعے نئے لیکن پہلے سے طے شدہ اور مخصوص حیاتیاتی یا مالیکیولر ادارے پیدا کرنا؛ حیاتیاتی نظاموں کو زیادہ جامع اور موثر انداز میں سمجھنا اور ان میں ردوبدل کرنا اور حیاتیاتی طور پر فعال مواد کی پیداوار، ترسیل اور "پیکیجنگ" میں اضافہ کرنا۔ رپورٹ میں پیتھوجینک حیاتیات اور زہریلے مادوں سے بالاتر خطرات کے وسیع تر نقطہ نظر کو اپنانے کی سفارش کی گئی ہے۔ باکس 1 میں متعدد رپورٹس اور ٹولز کی فہرست دی گئی ہے جن کا مقصد دوہرے استعمال کی تحقیق کی نشاندہی یا انتظام کرنا ہے۔

7 مزید دیکھیں 47) (NRC (2002)

اس کے بعد کا ایک چیلنج دوہرے استعمال والے لائف سائنسز اور ٹیکنالوجیز سے پیدا ہونے والے فوائد اور خطرات کا اندازہ لگانے اور ان خطرات کی نشاندہی کے بعد ان کا انتظام کرنے میں دشواری سے متعلق ہے۔ گزشتہ دہائی کے دوران، لائف سائنسز (باکس 1) سے پیدا ہونے والے سکیورٹی خطرات کا اندازہ لگانے کے لیے متعدد مقداری اور معیاری فریم ورک تیار کیے گئے ہیں۔ یہ فریم ورک محرکین، اہداف اور زیر غور ٹیکنالوجیز کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں، اور ارادے، خطرات اور فوائد، اور وقت کے افق اور ڈیزائن کے لحاظ سے (48) بھی ان میں فرق پایا جاتا ہے۔ کچھ فریم ورک دوہرے استعمال کی حیاتیاتی تحقیق کے فوائد اور خطرات کو متوازن کرتے ہیں۔ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے فوائد اور خطرات دونوں کا اندازہ قدر کے فیصلوں اور غیر یقینی صورتحال سے متاثر ہوتا ہے، اور معاشرتی عوامل بھی اسے متاثر کرتے ہیں جو خطرات کی قبولیت اور فوائد کی قدر پر اثر انداز ہوتے ہیں(48)۔ لائف سائنسز کا نامناسب اطلاق مختلف قسم کے نقصانات پیدا کر سکتا ہے، جن میں عوامی صحت، حفاظت اور سلامتی کے نقصانات؛ رازداری اور انسانی حقوق کو نقصان؛ معیشت کو نقصان؛ اور ماحول اور حیاتیاتی تنوع کو پہنچنے والے نقصانات شامل ہیں۔

خطرات اور فوائد کی پیمائش میں دشواری کو "کون فائدہ پہنچاتا ہے؟"، "فوائد اور خطرات کیسے تقسیم کیے جاتے ہیں؟" اور "ہم خطرات اور فوائد کی پیمائش کیسے کرتے ہیں، کس وقت کے فریم میں، اور کس میٹرک یا اشارے سے؟" جیسے سوالات سے واضح کیا جاسکتا ہے۔ ان سوالات کے جوابات اقدار، غیر یقینی صورتحال اور معاشرتی عوامل کے حوالے سے فیصلوں سے متاثر ہوتے ہیں۔ لہٰذا، دوہرے استعمال کی حامل لائف سائنسز کی تحقیق کے خطرات اور فوائد کا تجزیہ کرنا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ، بنیادی تحقیق اور تجسس پر مبنی تحقیق کے لیے خطرے کے فوائد کا تجزیہ کرنا مشکل ہو سکتا ہے، جس کے طویل مدتی معاشرتی نتائج اور ممکنہ مستقبل میں نفاذ کا اندازہ لگانا مشکل ہو سکتا ہے۔ صحت، حفاظت اور سلامتی کے لیے خطرات کو کم سے کم کرنے کے لیے بنیادی اور اطلاقی لائف سائنسز کی منصوبہ بندی اور فالو اپ میں احتیاط کی مشق (مثال کے طور پر محفوظ طریقوں کا مناسب استعمال، مناسب بائیو سیفٹی آلات اور بائیو سیکیورٹی اقدامات) کے ساتھ خطرے کی تشخیص اور خطرے کے انتظام پر توجہ مرکوز کی جاسکتی ہے (جدول 1)۔ انٹر اکیڈمی پارٹنرشپ (آئی اے پی) اور یو ایس نیشنل اکیڈمیز آف سائنسز، انجینئرنگ اینڈ میڈیسن (این اے ایس ای ایم) کے ذریعہ کیے جانے والے دو معیاری فریم ورک پر ایک پائلٹ مشق سے نتیجہ اخذ کیا گیا کہ معیاری فریم ورک منظم تبادلہ خیال کو فروغ دینے کے لیے مفید ہیں کیونکہ یہ سکیورٹی خطرات کا اندازہ لگانے کے قابل بناتے ہیں۔ آئی اے پی اور این اے ایس ای ایم میں فوائد کے فریم ورک (49) کی ضرورت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

باکس 1. دوہرے استعمال کی تحقیق کی نشاندہی یا انتظام کے لیے دستاویزات اور طریقہ ہائے کار کی مثالیں، سال اشاعت کے لحاظ سے درج ہیں

نیشنل ریسرچ کونسل. دہشت گردی کے دور میں بائیو ٹیکنالوجی کی تحقیق۔ واشنگٹن، ڈی سی: نیشنل اکیڈمیز پریس۔ 2004
https://www.nap.edu/catalog/10827/biotechnolog) (terrorism-of-age-an-in-research-y (45).

بائیو رسک مینجمنٹ: لیبارٹری بائیو سیکیورٹی گائیڈنس (ڈبلیو ایچ او/سی ڈی ایس/ای پی آر/2006.6)۔ جنیوا: عالمی ادارہ صحت۔ 2006
(https://apps.who.int/iris/handle/10665/69390/) (50)(نظر ثانی کے تحت).

اسرائیل اکیڈمی آف سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز، اسرائیل قومی سلامتی کونسل. دہشت گردی کے دور میں حیاتیاتی تحقیق. یروشلم; 2008
https://www.academy.ac.il/SystemFiles/21677.pdf) ((51).

عالمی صحت کی سلامتی کے لیے ذمہ دار لائف سائنسز تحقیق: ایک رہنمائی دستاویز (ڈبلیو ایچ او/ایچ ایس ای/جی اے آر/بی ڈی پی/2010.2). جنیوا: عالمی ادارہ صحت۔ 2010
(https://apps.who.int/iris/handle/10665/70507) (23).

ٹکر جے بی۔ جدت طرازی، دوہرا استعمال، اور سیکیورٹی. ابھرتی ہوئی حیاتیاتی اور کیمیائی ٹیکنالوجیز کے خطرات کا انتظام کرنا۔ کیمبرج، میساچوسٹس اور لندن، انگلینڈ: ایم آئی ٹی پریس۔ 2012
-dual-https://mitpress.mit.edu/books/innovation) (security-and-use (40).

لائف سائنسز ریسرچ کے دوہرے استعمال کی صلاحیت. خطرے کی تشخیص اور خطرے کو کم کرنے کے لیے ضابطہ اخلاق. جرمنی: رابرٹ کوچ انسٹی ٹیوٹ۔ 2013
https://www.rki.de/EN/Content/Institute/Dual_Use/code) (of_conduct.html_ (52).

لائف سائنسز میں بڑے اعداد و شمار کے قومی اور بین الاقوامی سلامتی کے مضمرات. واشنگٹن: امریکن ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف سائنس۔ 2014
-http://www.aaas.org/sites/default/files/AAAS) (UNICRI_Big_Data_Report_111014.pdf-FBI (53).

تشویش کے دوہرے استعمال کی تحقیق کی نشاندہی، تشخیص، انتظام اور ذمہ دارانہ مواصلات کے لیے طریقہ ہائے کار. امریکہ: نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ۔ 2014
-e/Documents/durchttps://www.phe.gov/s3/dualus) (guide.pdf-companion (54).

سیکیورٹی سے متعلق تحقیق سے نمٹنے کے لیے سائنسی آزادی اور سائنسی ذمہ داری کی سفارشات. برلن: جرمن نیشنل اکیڈمی آف سائنسز۔ 2014
https://www.leopoldina.org/en/publications/detail) -scientific-and-freedom-view/publication/scientific (/2014-responsibility (55).

جنوبی افریقہ میں بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی حالت۔ پریٹوریا: اکیڈمی آف سائنس آف ساؤتھ افریقہ (اے ایس ایس اے ایف)۔ 2015
-https://www.assaf.org.za/wp) -Biosafety-of-State-content/uploads/2015/02/The (FINAL.pdf-Report-Biosecurity (56).

بائیوسیکیورٹی کے لیے ایک موثر اور عملی نقطہ نظر. ڈنمارک: سینٹر فار بائیو سیکیورٹی اینڈ بائیو پریڈنیس۔ 2015
(https://biosecuritycentral.org/resource/core-guidance-and-recommendations/efficient-and-practical-approach-to-biosecurity/) (57).

فنکشن ریسرچ کے فوائد کے خطرے اور فوائد کا تجزیہ: حتمی رپورٹ. بیورلی، ایم اے: گریفون سائنسی۔ 2015 (https://osp.od.nih.gov/wp-content/uploads/2015/12/Risk%20and%20Benefit%20Analysis%20of%20Gain%20of%20Function%20Research%20Draft%20Final%20Report.pdf20%) (58).

مجوزہ گین آف فنکشن ریسرچ کی تشخیص اور نگرانی کے لیے سفارشات۔ نیشنل سائنس ایڈوائزری بورڈ برائے بائیو سیکیورٹی 2016
(https://osp.od.nih.gov/wp-content/uploads/2016/06/NSABB_Final_Report_Recommendations_Evaluation_Oversight_Proposed_Gain_of_Function_Research.pdf) (59).

ممکنہ وبائی امراض کی دیکھ بھال اور نگرانی (پی 3 سی او) کے لیے جائزہ نظام کی محکمانہ ترقی کے لیے سفارش کردہ پالیسی رہنمائی۔ واشنگٹن: وائٹ ہاؤس آفس آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پالیسی۔ 2017
(https://www.phe.gov/s3/dualuse/Documents/P3CO-FinalGuidanceStatement.pdf) (60).

		رہنمائی اور اصول	تربیت اور تعلیم	بائیو سیفٹی ایسوسی ایشنز کے ذریعہ لیبارٹری بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی ٹریننگ	مدیران اور جائزوں کے لیے حیاتیاتی خطرات سے متعلق رہنما خطوط
لیبارٹری بائیو سیکیورٹی					یاتیاتی خطرات کے انتظام کی مہارت تک رسائی
نگرانی فریم ورک بائیو رسک	با اختیار بنانے کی سرگرمیاں	معلومات اور وسائل کا اشتراک		حیاتیاتی خطرات کے انتظام کے معیارات	اشاعت کی حکمت عملی

4.2 حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے نظام کا جامع طریقہ کار

حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کا انحصار (i) تحقیق میں براہ راست مقابل سائنسدانوں کی اقدار، اصولوں اور تربیت (ریسرچ کلچر) (ii) اداروں کی جانب سے بائیو سیفٹی اور لیبارٹری کی بائیو سیکیورٹی کے خطرات کے فعال انتظام و انصرام اور (iii) حکومتی اقدامات جو افراد، اداروں اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز (مثلاً رہنمائی یا قانون سازی) کی ذمہ داریوں اور فرائض کا تعین کرتے ہیں پر ہوتا ہے۔ حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کی کامیابی کا حتمی ویژن یہ ہوگا کہ لائف سائنسز، مواد اور مہارتوں کا استعمال پرامن مقاصد اور انسانوں اور سیارے کے حیاتیاتی تنوع، ماحولیاتی نظام اور ماحول کی بہتری کے لیے کیا جائے۔

حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کی گورننس کے جامع طریقہ کار میں گورننس کے ٹولز کا دائرہ کار، نظام ہائے کار کے ساتھ ساتھ سطح پر اسٹیک ہولڈرز (انفرادی، ادارہ جاتی، علاقائی اور بین الاقوامی) شامل ہوں گے (سیکشن 4.1) اس امر کا جائزہ لینے میں سادہ فریم ورکس مددگار ثابت ہوں گے کہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے منتخب کردہ طریقہ کار کے کون سے امتزاج بہتر طریقے سے مختلف اہداف حاصل کر سکتے ہیں اور انھیں مختلف تنظیمی تناظر میں اختیار کیا جاسکتا ہے (ایک تصویری مثال کے لیے جدول 3 دیکھیں)

جدول 3۔ حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کی گورننس کے جامع طریقہ کار سے متعلق ٹولز اور نظام ہائے کار کی نظام کے تحت جانچ کاری کرنے کا تصویری فریم ورک

اہداف	اسٹیک ہولڈر A (مثلاً سائنسی سوسائٹیز)	اسٹیک ہولڈرز B (مثلاً قومی حکومتیں)	اسٹیک ہولڈر C (مثلاً فنڈنگ باڈیز)
	ٹولز (مثلاً ضابطہ اخلاق)	ظام ہائے کار (مثلاً نگرانی اور رپورٹنگ کی ضروریات)	نظام ہائے کار (حفاظت اور تحفظ کی اطلاقی تحقیق کی فنڈنگ)
حادثات میں کمی کرنا	++	+++	+
سیکیورٹی کے واقعات میں کمی کرنا	++	+++	+
حفاظت اور تحفظ کے واقعاتی کی فوری تفتیش کو ممکن بنانا	+	++	++
حفاظت اور تحفظ کے واقعات کے لیے فوری جوابی اقدام کو ممکن بنان	+	++	+++
تحقیقی ٹول اور علم کے بدنیتی پر مبنی غلط استعمال کے مواقع کم کرنا	++	+++	+
معلومات کے تبادلے اور تعلیم میں اضافہ کرنا	+	++	+++
دیگر اہداف (مثلاً کم لاگت، فزیبیلٹی اور تعمیری اطلاق کو ممکن بنانا			

اسکورنگ کا طریقہ (معیاری اور متعلقہ)

+کچھ حد تک مؤثر ++مناسب حد تک مؤثر +++نسبتاً مؤثر ++++زیادہ مؤثر

فریم ورک اور اسکورنگ سے متعلق نوٹس

حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام سے متعلق نظام پر مبنی طریقہ کار میں اس امر کا جائزہ لینا شامل ہے کہ مختلف اسٹیک ہولڈرز، ٹولز اور نظام ہائے کار کے ذریعے مختلف اہداف زیادہ مؤثر انداز میں کس طرح پورے کیے جاسکتے ہیں۔ اس طریقہ کار کی نقشہ کاری جیسے اوپر جدول میں ظاہر کی گئی ہے ٹولز اور نظام ہائے کار کی منصوبہ بندی اور جائزے میں مدد کر سکتی ہے۔ اگر قطاروں میں موازنہ کیا جائے تو ہر ٹول پر مختلف اہداف کے حوالے سے اس کی اثرپذیری پر غور کیا جاسکتا ہے۔ کالم میں موازنہ کرتے ہوئے کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی اثرپذیری پر غور کیا جاسکتا ہے۔ ایک جامع طریقہ کار کو طریقہ کار کے مجموعے مین تمام اہداف پورے کرنے کی تلاش وجستجو کرنی چاہیے۔ ممالک صرف ٹولز کے باہمی طور پر مضبوط مجموعے کے ذریعے مؤثر ترین سطح تک پہنچ سکتے ہیں۔ مثالیں بشمول اسکورنگ ہیں کیونکہ مؤثر ترین ٹولز اور نظام ہائے کار اور ان کے امتزاج کا انحصار تناظر پر ہو گا۔

ماخذ: عالمی ادارہ صحت۔ (38) (2022)

لائف سائنسز کے ذمہ دارانہ استعمال کے لیے حیاتیاتی خطرات کی مضبوط گورننس پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات کی آگاہی کا تقاضا کرتی ہے اور سائنس اور ٹیکنالوجی کا متحرک اور بدلتا منظر نامہ / اختیار کرنے کا موقع دیتا ہے۔ منظر نامے کا سروے اور غلط استعمال کے امکان اور ابھرتے مسائل اور خطرات کی جانچ کاری پالیسی آپشنز کے لیے مختلف پیدا کر سکتا ہے یہ فوری نقش نو فروغ دے سکتا ہے اور زیادہ لچکدار ار مطابقت پذیر جوابی اقدام پیش کر سکتا ہے۔

حیاتیاتی خطرات کی گورننس کے تین بنیادی ستون بائیو گرافی، لیبارٹری بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال کی نگرانی ہیں (سیکشن 2.5)۔ دنیا بھر میں بائیو سیفٹی نے لیبارٹری بائیو سیکیورٹی نے لیبارٹری بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال سے زیادہ توجہ حاصل کی ہے لیکن تمام تین ستونوں کے لیے بہتر گورننس کی ضرورت ہے۔ بائیو سیکورٹی، لیبارٹری بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال کی نگرانی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ ایک مربوط اور جامع حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے فریم ورک کے تحت اجتماعی طور پر ان حدود پر غور کرنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس امر کو پہچانا جائے اور فائدہ اٹھایا جائے کہ یہ حدود خاص مطالبات، مسائل اور خطرات کو کم کیے بغیر کس طرح آپس میں مربوط ہیں (بکس 3)۔ اگرچہ ان حدود کا آپس میں گہرا تعلق ہے لیکن ان کا انتظام و انصرام مختلف طریقے سے کیا جا سکتا ہے۔

بکس 3۔ حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کا جامع فریم ورک

اور پیش گوئی کرنے کے لیے ٹولز کی معلومات اور تیاری پر انحصار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ غیر متوقع خطرات سے نمٹنے کے لیے موجودہ نظام زیادہ بہتر بنایا جائے، ٹولز کو ماہرین کے کثیر انضباطی گروپ کی جانب سے ڈیزائن اور منظم کیا جانا چاہیے۔ پیش گوئی کا طریقہ کار مختلف مستقبل پر غور کرنے اور ترجیحی اور ممکنہ مستقبل سے متعلق واضح مفروضات قائم کرنے اور ماہرین کے گروپس کو گورننس کے

اور طریقہ کار اپنایا جا سکتا ہے اور پالیسیوں اور امور میں جدت کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کا مؤثر نظام قائم کرنے کے لیے تجربے اور ٹولز اور نظام ہائے کار اور ان کے عملدرآمد کے باقاعدہ جائزے کی ضرورت ہو گی (104-101)۔ اس کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی تشکیل کی ضرورت بھی ہو گی تاکہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے درمیان معلومات کا تبادلہ ہو سکے۔

ی خطرات کی محفوظ، باحفاظت اور ذمہ ، گورننس کے لیے عالمی رہنمائی کا فریم جامع، پیش بین، لچکدار، پائیدار اور باہیے جیسا نیچے ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ یات مقامی تناظر کے لیے متعلقہ ہیں۔

: لائف سائنسز میں تیز تر ترقی اور دیگر ں شعبوں اور ٹیکنالوجیز کے ساتھ ، سائنسز کے تعلق کو دیکھتے ہوئے ں سسٹم کو ان انٹرفیس سے پیدا ہونے والے نئے خطرات سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔اس طرح ایک جامع فریم ورک حیاتیاتی ایجنٹس اور زہریلے مادوں سے پیدا ہونے والے خطرات کا احاطہ کرتا ہے لیکن یہ اسے سنتھیٹک بائیولوجی نیوروسائنسز، جین ڈرائیوز، بائیو ریگولیٹرز، جینوم ایڈیٹنگ اور بائیو انفارمیٹکس جیسے شعبوں میں پیدا ہونے والے خطرات تک وسعت بھی دیتا ہے۔ تاہم بائیو ٹیکنالوجی جیسے شعبوں کے ساتھ A1 پر مبنی سائبر حملوں میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔ فریم ورک کو حادثات، غیر دانستہ یا دانستہ غلط استعمال جو انسانوں، غیر انسانی جانوروں، پودوں اور زراعت اور ماحول کو نقصان پہنچا سکتا ہے سے پیدا ہونے والے خطرات کو شامل کرنا چاہیے۔

پیش بین: جیسے لائف سائنسز تیزی سے ارتقائی پذیر ہو رہے ہیں اسی طرح حیاتیاتی خطرات کی گورننس کو خطرات کی نشاندہی

متوقع آپشنز فراہم کرنے کے لیے متعدد ٹولز پیش کرتا ہے۔ متنوع اور مختلف تناظر کو مربوط کر کے علمی تعصبات کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے اور گورننس کے زیادہ مضبوط آپشنز کے ساتھ ساتھ خطرات کے زیادہ تفصیلی جائزے لینے کے لیے خامیاں دور کی جاسکتی ہیں (بکس 2)۔

لچکدار، پائیدار اور اثر پذیر: اس فریم ورک کو موجودہ خطرات سے نمٹنے، سائنس اور ٹیکنالوجیز میں ترقی سے پیدا ہونے والے خطرات کی مناسب طریقے سے پیش گوئی کرنے اور غیر یقینی صورت حال اور خطرات کے لیے مناسب احتیاط برتنے کے لیے مستعد ہونا چاہیے۔

حیاتیاتی خطرات کی بہتر گورننس میں ایک بنیادی عنصر انتظام وانصرام کے ایسے نظام کی تشکیل ہو گا جو رسمی نظام ہائے کار اور اعلیٰ سطح کے اقدامات کو غیر رسمی نظام ہائے کار اور بنیادی اقدامات سے جوڑتا ہے۔ جس طرح خطرات اور سماجی تناظر ارتقا پاتا ہے اسی طرح اس امر کا باقاعدگی سے جائزہ لینے کے لیے صلاحیت پیدا کرنا بھی اہم ہو گا کہ گورننس کے ٹولز اور نظام ہائے کار کے مختلف امتزاج اور مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشغولیت کے ذریعے مختلف اہداف بہتر طریقے سے کس طرح حاصل کیے جاسکتے ہیں

4.3۔ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لیے حیاتیاتی خطرات کی گورننس کے ٹولز اور نظام ہائے کار

یہ سیکشن مختلف اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے منظم کردہ حیاتیاتی خطرات کی گورننس کے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالوں کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ اگرچہ مختلف اسٹیک ہولڈرز مختلف ٹولز اور نظام ہائے کار پر کام کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر تحقیقی ادارے قومی قانون سازی، ضوابط اور رہنما اصولوں کی مدد سے حیاتیاتی خطرات کم کرسکتے ہیں۔ سائنسدانوں کے کام میں تعلیمی اداروں، پیشہ ورانہ تنظیموں اور معیار متعین کرنے والی دیگر تنظیموں کی جانب سے تشکیل دی گئیں آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں اور تربیت کے ذریعے مدد کی جاسکتی ہے۔

حیاتیاتی خطرات کی گورننس کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مؤثر اور واضح کمیونی کیشن اور تعاون ہونا چاہیے۔ مثال کے طور پر قومی حکومتوں کو مناسب اسٹیک ہولڈرز کو متعلقہ قوانین اور ضوابط کی واضح وضاحت کرنی چاہیے، مثلاً اسٹیک ہولڈرز کو اپنی ریگولیٹری ذمہ داریوں کو جاننا اور ان پر عمل کرنا چاہیے۔

1) سائنسدان تصور کرتے ہیں اور اپنے خیالات پر عملدرآمد کرتے ہیں (اگرچہ یہ خیالات سائنسدانوں کے ماحول اور کمیونٹیوں کے ذریعے تشکیل پاتے ہیں) اور وہ خطرات کا جائزہ لینے، روکنے اور کم کرنے کے لیے پہلا ذریعہ ہوتے ہیں۔ سائنسدانوں کو کام کے ممکنہ قواعد پر غور کرنے، بیان کریں اور ان کا دفاع کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ان کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ کسی بھی خطرے پر غور کریں اور اس میں کمی کریں کیونکہ وہ علم، معلومات، طریقے، مصنوعات یا ٹیکنالوجیز جنھیں وہ بناتے اور پھیلاتے ہیں نقصان دہ مقاصد کے لیے استعمال کی جاسکتی ہیں۔

2) سائنسدانوں کے آجرین کی حیثیت سے تحقیقی ادارے ان کی پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے ذمہ دار ہوتے ہیں تحقیقی اداروں میں ایسی تمام تنظیمیں شامل ہیں جو بنیادی اور اطلاقی لائف سائنسز کا انتظام کرتی ہیں (مثلاً یونیورسٹیاں، ادارے، کمپنیاں، حکومتی لیبارٹریز اور کمیونٹی کی لیبارٹریز)۔ وہ حیاتیاتی خطرے کے جائزے اور کمی کا دوسرا ذریعہ ہیں۔

3) قومی حکومتیں پالیسیاں بنانے اور انھیں نافذ کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ (مثلاً قوانین، ضوابط، معیارات، رہنما اصول، بہترین امور، ضابطہ اخلاق اور تحقیق کے جائزے کے طریقہ کار)۔ وہ یقینی طور پر حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کی ذمہ دار ہوتی ہیں جنھیں پورا کرنا تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے ضروری ہوتا ہے۔



4) دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز میں فنڈز فراہم کرنے والے ادارے، تعلیمی ادارے، پیشہ ورانہ سوسائٹیز اور معیارات متعین کرنے والے دیگر ادارے، پبلشرز اور ایڈیٹرز، ماہرین تعلیم، سیکیورٹی ایکٹرز، بین الاقوامی تنظیمیں، نجی شعبہ، سول سوسائٹی نیٹ ورکس، عوامی اور دیگر مقامات اور نیٹ ورکس شامل ہیں جہاں حیاتیاتی خطرات سے نمٹا جا رہا ہے۔ چونکہ تحقیق مختلف تنظیموں اور ممالک میں تیزی سے کی جا رہی ہے اس لیے معیارات کی تشہیر اور وضاحت کرنے میں مختلف اسٹیک ہولڈرز کا کردار زیادہ مشکل اور باہم مربوط ہو گیا ہے۔ مثال کے طور پر فنڈنگ کی تجاویز اور اشاعتوں کی تیاری اور پراجیکٹس پر عملدرآمد کرتے وقت اسٹیک ہولڈرز خطرے کے جائزے سے متعلق معلومات شامل کرنے کے امکان پر غور کر سکتے ہیں (مثلاً تحقیق کے دوہرے استعمال کے عنوان پر پیراگاف جسے مصنفین کی جانب سے مکمل کیا جائے گا)۔

مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لیے حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ظاہر کی گئی ہیں۔

4.3.1 اسٹیک ہولڈرز: قومی حکومتیں

قومی حکومتیں بنیادی اسٹیک ہولڈرز ہوتی ہیں جو اپنے دائرہ اختیار میں حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کے معیارات کی وضاحت کرنے، متعلقہ پالیسیاں بشمول قوانین، ضوابط، معیارات، رہنما اصول، بہترین امور، ضابطہ اخلاق، تحقیق کے جائزے کا طریقہ کار، تربیت اور تعلیم کا نفاذ کرنے کی حتمی طور پر ذمہ دار ہیں۔

قومی حکومتوں کی جانب سے حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ہیں:

۱) **قانون سازی، ضوابط اور رہنما اصول:** یہ ٹولز حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام، تربیت اور اندرونی نگرانی کے لیے افراد اور اداروں کی قانونی ذمہ داریوں کا تعین کر سکتے ہیں۔ تاہم ایسے فریم ورکس اکثر حادثات کی روک تھام کے حوالے سے بنائے جاتے ہیں اور یہ ضروری نہیں کہ یہ سائنسی ترقی کے دوہرے استعمال کی نوعیت پر توجہ دے۔ قانون سازی یہ سمجھنے میں بھی تحقیقی اداروں کی مدد کر سکتی ہے کہ حیاتیاتی خطرات کے مؤثر انتظام و انصرام کو یقینی بنانے کی ان کی ذمہ داریاں تعلیمی، تجارتی یا دیگر اہداف کے لیے ثانوی حیثیت نہیں رکھتی ہیں۔

۲) **نگرانی:** گورننس کا قانونی نظام ایک ایسا ٹول ہے جو کم از کم قومی معیارات قائم کرنے، نگرانی بڑھانے، بیرونی آڈٹ ممکن بنانے، شفافیت اور جوابدہی کی حوصلہ افزائی کرنے اور قابل قبول سطح تک حیاتیاتی خطرات کم کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ ایسے نظام کے تحت خاص قسم کی سرگرمیاں (مثلاً جینیاتی تبدیلی) انجام دینے کے لیے اداروں کو موزوں طریقے سے رجسٹر ہونا چاہیے یا حیاتیاتی خطرات کے جائزے اور کسی کو دستاویزی شکل دینی چاہیے جب فنی اور خاص طور پر خطرناک قسم کی تحقیق تجویز کی جائے۔

۳) **لچکدار فریم ورکس:** بعض ممالک میں خاص لائف سائنسز کی تحقیق پہلے ہی خطرناک سمجھی جاتی ہے (مثلاً انسانی جینوم ایڈیٹنگ اور انسانی پیتھوجینز کی جینیاتی تبدیلی)۔ تاہم ٹیکنالوجی میں ترقی کے ساتھ حیاتیاتی خطرات کے دیگر شعبے تیزی سے ارتقا پا رہے ہیں جو واضح اور منظم نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر امریکہ (USA) میں سلیکٹ ایجنٹ ریگولیشن لیبارٹری بائیو سیکیورٹی کے لیے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے اور تحقیق کے دوہرے استعمال کی نگرانی سے متعلق کئی مختلف حکومتی پالیسیوں پر گذشتہ دہائیوں میں عملدرآمد کیا گیا ہے۔ (60,105,106,107) تاہم لائف سائنسز میں گورننس سے متعلق فہرست پر مبنی طریق کار محدود ہو سکتا ہے۔ ترقی کی رفتار کے باعث فہرستیں تیزی پرانی ہو سکتی ہیں جس سے حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کے نظام میں خامیاں پیدا ہو جاتی ہیں کیونکہ نئی ٹیکنالوجی اور منسلکہ خطرات فہرست میں شامل نہیں کیے جاتے۔ مناسب لچکداری کے ساتھ نئے فریم ورکس کا نئی ٹیکنالوجیز پر اطلاق اس مسئلے کو حل کر سکتا ہے۔ کچھ ممالک نے خطرے کے جائزے پر مبنی ریگولیٹری سسٹم اپنایا ہے۔ مثال کے طور پر برطانیہ اور شمالی آئرلینڈ (متحدہ ریاست) میں ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو (HSE) جینیاتی تبدیلی میں شامل تمام تنظیموں سے HSE سے رجسٹر ہونے اور تحقیق کی خاص اقسام کے لیے منظوری حاصل کرنے کا تقاضا کرتی ہے۔ رہنمائی کی ان دستاویز میں

جینیاتی تبدیلی کرنے والی تمام تنظیموں کے لیے ایک داخلی کمیٹی کا ہونا قانونی تقاضا ہے تاکہ تحقیق اور خطرے کا جائزہ لیا جاسکے اور مزید کام کرنے سے روکا جاسکے۔ تاہم بہت سے ممالک میں بائیو سیفٹی کو منظم کرنے کے قانونی فریم ورکس ہیں اور کئی ممالک میں بائیو سیکیورٹی سے متعلق قانونی سازی ہے، تاحال کچھ ممالک میں ایسی قانون سازی یا ضوابط ہیں جو واضح طور پر دوہرے استعمال پر توجہ دیتے ہیں۔

۴) **مشاورتی ادارے اور رسائی سرگرمیاں:** کئی ممالک حیاتیاتی خطرات کو منظم کرنے کے لیے اقدامات سے متعلق رائے اور سفارشات لینے کے لیے مشاورتی اداروں کا استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر فرانس میں نیشنل کنسلٹیٹو کونسل فار بائیو سیکیورٹی (CNEB) جو 2015 میں بنائی گئی تھی بائیولوجی میں کی گئی تحقیق کے دوہرے استعمال کے ممکنہ غلط استعمال سے متعلق سفارشات فراہم کرتی ہے (109)۔ CNBC ممکنہ خطرات روکنے، ان کا پتہ چلانے اور مقابلہ کرنے کے لیے اقدامات بھی تجویز کرتی ہے (109)۔ امریکہ (USA) میں نیشنل سائنس ایڈوائزی بورڈ فار بائیو سیکیورٹی (NSABB) جو 2004 میں قائم کیا گیا امریکی حکومت کی درخواست بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال سے متعلق مسائل کا تصفیہ کرتا ہے۔ (110)۔ NSABB رائے فراہم کرتا ہے، بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال کی نگرانی سے متعلق سفارشات پیش کرتا ہے اور اس نے ایسی نگرانی کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے رپورٹس شائع کی ہیں۔ نیندرلینڈ میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار پبلک ہیلتھ اینڈ انوائرنمنٹ (RIVM) میں بائیو سیکیورٹی آفس حکومت اور نیندرلینڈ میں انتہائی خطرناک پیتھوجینز، علم، معلومات اور ٹیکنالوجیز کے ساتھ کام کرنے والے اداروں کے لیے علم اور معلومات کا مرکز ہے۔ (111)۔ بائیو سیکیورٹی آفس کا مقصد بائیو سیکیورٹی سے متعلق آگاہی میں اضافہ کرنا، متعلقہ ٹولز اور ویب ایپلی کیشنز بنانا بھی ہے۔

4.3.2 اسٹیک ہولڈرز: سائنسدان

تحقیقی پراجیکٹس کے ڈیزائنرز اور تخلیق کار کی حیثیت سے سائنسدان حیاتیاتی خطرات کی گورننس میں اہم ہوتے ہیں۔ تاہم کئی سائنسدان اپنی تحقیق سے منسلک حیاتیاتی خطرات کا انتظام کرنے کی اپنی انفرادی ذمہ داری سے آگاہ نہیں ہوتے ہیں۔ کچھ سائنسدان اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہوسکتے ہیں۔ لکن اسے پورا کرنے کے لیے علم اور تعلقات کی کمی ہوتی ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت زیادہ تشویش کا باعث ہوتا ہے جب نئے خطرات پیدا ہوتے ہیں اور کردار غیر واضح ہوسکتے ہیں اور اس صورت میں مؤثر مشغولیت ضروری ہوتی ہے۔

سائنسدانوں کی جانب سے حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **تربیت:** حیاتیاتی خطرات کا جائزہ اور کمی ایسے طریقہ کار ہیں جن سے لائف سائنسز سے تعلق رکھنے والے تمام سائنسدانوں کو آگاہ ہونا چاہیے۔ کم از کم تمام سطحوں پر طلبا، تربیت حاصل کرنے والوں اور سائنسدانوں کو یہ جاننا چاہیے کہ حیاتیاتی خطرات کا جائزہ اور انھیں دستاویزی شکل کس طریقے سے دی جائے کہ یہ شریک کارکنان اور اندرونی اور بیرونی آڈیٹرز کے لیے قابل رسائی ہو۔ انھیں یہ بھی جاننا چاہیے کہ ٹیکنالوجیز، اقدامات یا بہترین امور کی نشاندہی کس طرح کی جائے اور اُن پر کس طرح عملدرآمد کیا جائے تاکہ حیاتیاتی خطرات کے اثرات سے بچا یا انھیں کم کیا جاسکے۔ خطرے کے جائزے اور خطرے کی تربیت اس لیے اہم ہوتی ہے کہ یہ سمجھنے میں طلبا، تربیت حاصل کرنے والوں اور سائنسدانوں کی مدد کی جائے تاکہ حیاتیاتی خطرات کے مؤثر انتظام وانصرام کے لیے کیا توقع کی جاتی ہے اور اُسے کس طرح حاصل کیا جائے۔ مثال کے طور پر انٹرنیشنل فیڈریشن آف بائیو سیفٹی ایسوسی ایشن قومی بائیو سیفٹی آرگنائزیشن کے ساتھ شراکت میں تربیت میں مدد کرتی ہے اور بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے پروفیشنلز کے لیے سند فراہم کرتی ہے۔(112)۔ ایک اور مثال ABSA انٹرنیشنل ایسوسی ایشنز آف بائیو سیکیورٹی اینڈ بائیو سیفٹی ہے جو بائیو سیفٹی کو سائنسی شعبے کے طور پر فروغ دیتی ہے اور بائیو سیفٹی پروفیشنلز کو سند فراہم کرتی ہے۔(113) تنقیدی طور پر عہد وعزم پورے کرنے کے لیے تربیت کو صلاحیتوں سے بالاتر ہونا چاہیے خاص طور پر جہاں خطرات کے لیے "تعمیل سے آگے" جانے کی ضرورت ہوسکتی ہے تاکہ معمول کے علاوہ حیاتیاتی خطرات کی مؤثر نگرانی کو شامل کیا جاسکے۔ جہاں حیاتیاتی خطرے کی نشاندہی ہوجائے وہاں سائنسدانوں پر رپورٹنگ کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ تربیت کو اس امر کو یقینی بنانا چاہیے تاکہ ذمہ داریوں کو اچھی سمجھا گیا ہے اور یہ واضح ہے کہ کیا اور کس کو رپورٹ کرنا ہے۔ تربیت بین الضابطہ ہونی چاہیے تاکہ یہ ظاہر کیا جائے کہ مختلف شعبوں کے محققین کے لیے خطرات کے ایک وسیع دائرہ کار (خاص طور پر متصل علاقوں میں) کی نشاندہی یا خطرات کی کمی کے بہترین امور کی نشاندہی کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

- **ضابطہ اخلاق:** ضابطہ اخلاق حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کی ضرورت کی آگاہی پیدا کرنے اور اقدار متعین کرنے والے معیارات فراہم کرنے کے لیے ایک کارآمد ٹول ہو سکتے ہیں۔ حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے قومی ضابطہ اخلاق کی ایک ابتدائی مثال نیدرلینڈ میں بائیو سیکیورٹی کوڈ آف کنڈکٹ ہے جسے رائل نیدرلینڈ اکیڈمی آف آرٹس اینڈ سائنس ک (KNAW) (114) نے تشکیل دیا ہے۔ اعلیٰ سطح کے اصول ظاہر کرنے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں جو قومی یا ادارہ جاتی سطح پر ضابطہ اخلاق تشکیل دینے یا ترمیم کرنے والے ہیں، حوالے کے طور پر کام کر سکتے ہیں۔ سائنسدانوں کے لیے ضابطہ اخلاق کی سب سے زیادہ حالیہ مثال تیانجن بائیو سیکیورٹی گائیڈ لائنز ہے (115)۔ ہیگ کے اخلاقی رہنما اصول جنھیں کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کی تنظیم کی جانب سے تشکیل دیا گیا سے متاثر ہو کر تیانجن بائیو سیکیورٹی گائیڈ لائنز چین اور پاکستان کے بنیادی کام سے اخذ کی گئی ہیں اور انھیں انٹر اکیڈمی پارٹنر شپ (IA) لیڈ ز، تیانجن یونیورسٹی سینٹر فار بائیو سیفٹی ریسرچ اینڈ اسٹریٹیجی اور 20 ممالک کے سائنسدانوں کی ان پٹ کے ساتھ جانز ہاپکنز یونیورسٹی سینٹر فار ہیلتھ سیکیورٹی کے باہم تعاون سے تشکیل دیا گیا ہے۔

- **متوازن تحقیقی ایجنڈے:** نئے علم، ٹولز اور نظام ہائے کار جو حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کو بہتر بنانے میں مدد کر سکتے ہیں تشکیل دینے کے لیے تحقیقی پروگرام میں معاونت کرنا سائنسدانوں حیاتیاتی خطرات کے مؤثر انتظام و انصرام میں مشغول کرنے کے لیے ترغیبات پیدا کرنے کی حکمت عملی پر مبنی موقع فراہم کرتا ہے۔ بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی اطلاق تحقیق کے پروگرامز ٹیکنالوجیکل حل (مثلاً نئی قسم کی حیاتیاتی یا مساوی روک تھام اور نگرانی کی حکمت عملیاں)، سماجی اور رویہ جاتی حل (مثلاً تربیت میں جدت) اور جدید پالیسی طریقہ کار کی تیاری (مثلاً ریگولیٹری فریم ورکس کی نظر ثانی اور معاون سائنس) پیش کر سکتے ہیں۔ یہ کام اکثر اس وقت زیادہ مؤثر ہوتا ہے جب اسے سائنس اور ٹیکنالوجی کے تحقیقی پروگرامز کے ساتھ ان کی تیاری کی ابتدائی مراحل میں جوڑا جاتا ہے۔ ایک مثال انٹیگریٹڈ پالیسی اینڈ پریکٹس ریسرچ پروگرام ہے جس کی 10 سال کی مدت تک ملٹی یونیورسٹی یو ایس نیشنل سائنس فاؤنڈیشن سینتھیٹک بیالوجی انجینئرنگ ریسرچ کنسورشیم (SYNBEC) نے معاونت کی۔ اس میں قدرتی اور سماجی سائنسدان اور صنعت اور پالیسی کے اسٹیک ہولڈرز شامل تھے (116)۔ ان ماحول میں تربیت حاصل کرنے والے کچھ سائنسدانوں کے پاس اب ترقی کرتی ٹیکنالوجیز کے لیے مختص تحقیقی لیبارٹریز ہیں تاکہ بائیو سیفٹی میں مدد کی جائے اور وہ حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام میں موثر مشغولیت کے چیمپئن بن چکے ہیں۔ بین الاقوامی جینیاتی طور پر انجینئرڈ مشین (IGEM) مقابلہ سینتھیٹک بائیولوجی ریسرچ جس میں 60 ممالک کے 50000 ہزار سے زیادہ طلبا شامل ہیں۔ (104,117)۔ یہ نہ صرف ٹیکنالوجیکل ترقی بلکہ حفاظت، تحفظ اور سماجی ذمہ داری میں صلہ دیتا ہے اور اسے تسلیم کرتا ہے اور یہ پالیسی کے عمل درآمد کے لیے ایک معائنہ جاتی مرکز بن چکا ہے جو کئی ممالک میں حیاتیاتی انتظام و انصرام کے ذمہ دار گروپس کو مشغول کرتا ہے۔

- **قومی قانون سازی، ضوابط اور رہنما اصول:** ان ٹولز کا اطلاق سائنسدانوں اور اداروں پر کیا جا سکتا ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام کرنے کے لیے مناسب اقدامات کیے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر کینیڈا کا جامع، ملک گیر حیاتیاتی خطرات کے

انتظام و انصرام کا نظام ہیومن پیتھوجینز اینڈ ٹاکسنز ایکٹ (118) کے تحت نافذ کیا گیا تھا اور اس کی نگرانی سینٹر فار بائیو سیکیورٹی ان پبلک ہیلتھ ایجنسی آف کینڈا (119) کے ذریعے کی جاتی ہے۔

4.3.3 اسٹیک ہولڈرز: تحقیقی ادارے

تحقیق میں معاونت کرنے اور سائنسدانوں کو ملازمت دینے کے ذریعے تحقیقی ادارے حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام اور کمی کے لیے دوسرا ذریعہ ہیں۔ تحقیقی اداروں میں بنیادی اور اطلاقی لائف سائنسز کو فروغ دینے والے تمام ادارے (یونیورسٹیاں، ادارے، کمپنیاں، حکومتی لیبارٹریز شامل ہیں۔ حکومتوں کی جانب سے واضح رہنمائی اور بہترین امور کا تبادلہ کرنے اور جدت اور اتفاق رائے پیدا کرنے میں مدد کرنے کے لیے اداروں کے درمیان کمیونی کیشن کے مضبوط نظام کے بغیر تحقیقی ادارے حیاتیاتی انتظام و انصرام کی اپنی ذمہ داریوں میں ابہام کا شکار ہو سکتے ہیں۔

تحقیقی اداروں کی جانب سے حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **قومی قانون سازی اور ضوابط:** جیسا اوپر بیان کیا گیا ہے کہ تحقیقی ادارے اپنے ملازمین کی مدد کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ قومی قانون سازی ایک ایسا ٹول ہے جو حیاتیاتی انتظام و انصرام، تربیت اور اندرونی نگرانی کے لیے اداروں کے قانونی کردار اور ذمہ داریوں کا تعین کر سکتا ہے۔ یہ اقدامات اور سرگرمیوں کے لیے ایک واضح قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ادارے اپنے ملازمین کی سرگرمیوں کے لیے اپنی قانونی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں اور یہ یقینی بنایا جائے کہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام و انصرام ادارے کے تعلیمی، تجارتی یا دیگر مقاصد کے مقابلے میں ثانوی حیثیت نہیں رکھتا ہے۔ محفوظ، بحفاظت اور ذمہ دارانہ طریقے سے تحقیق کرنے کی تحقیقی اداروں کی صلاحیت رکن صلاحیتوں میں مختلف ہوگی ایک ریگولیٹری نظام جس کے تحت اداروں کو مخصوص قسم کی سرگرمیوں کے لیے رجسٹر کیا جاتا ہے بیرونی ریگولیٹری آڈٹ اور خاص رہنمائی فراہم کرکے حیاتیاتی خطرات کم کرنے میں اداروں کی مدد کر سکتا ہے۔ جب ایک ادارہ نئی قسم کا کام کرتا ہے یا کرنے کی تجویز پیش کرتا ہے۔

- **ادارہ جاتی نگرانی:** سائنسدانوں کے بہت سے مطالبات ہوتے ہیں حتیٰ کہ مضبوط تحقیقی کلچر میں خطرے کی غیر معیاری جائزے اور کمی کا امکان ہوتا ہے۔ سائنسدان کے زیر قیادت خطرے کے جائزے کی ادارہ جاتی نگرانی (مثلاً اندرونی آڈٹ، اندرونی گروہی جائزے اور داخلہ کمیٹی کی منظوری) کے معیار اور مطابقت بہتر یا یقینی بنانے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر جرمنی میں جرمن ریسرچ فاؤنڈیشن (DFG) سے فنڈز حاصل کرنے والے اداروں اور تنظیموں سے کہا جاتا ہے کہ وہ سائنسدانوں اور فنڈز فراہم کرنے والوں کو سیکیورٹی سے متعلق تحقیقی خطرات کا جائزہ لینے اور رائے دینے کے لیے ایک کمیٹی قائم کریں اس مشاورتی تحقیق کار کی نگرانی اور معاونت سیکیورٹی سے متعلق تحقیق کا انتظام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی جانب سے کی جاتی ہے جو ایک مشاورتی کمیٹی ہے جس کا مقصد تحقیق سیکیورٹی سے متعلقہ اخلاقی پہلوؤں سے متعلق سائنسز اور ہیومینٹیز کے ذاتی انتظام کو مضبوط بنانا ہے۔

4.3.4۔ اسٹیک ہولڈرز: فنڈز فراہم کرنے والے ادارے

زیادہ تر تحقیقی ادارے بیرونی گرانٹس سے حاصل ہونے والی اپنی تحقیق کے لیے فنڈنگ یا کنٹریکٹ دینے والے اداروں پر انحصار کرتے ہیں۔

فنڈز فراہم کرنے والے اداروں کی جانب سے حیاتیاتی خطرات کے انتظام وانصرام کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ہیں۔

- **تحقیق کے ڈیزائن کا جائزہ:** اگرچہ فنڈز فراہم کرنے والے ادارے عام طور پر تحقیق کے ڈیزائن میں شامل نہیں ہوتے ہیں لیکن وہ تحقیق کی درخواست کے اپنے طریق کار کے ذریعے حیاتیاتی خطرات کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ لائف سائنسز کے اہم فنڈز فراہم کرنے والے اپنی فنڈنگ کی درخواست کی فارم میں ایسے سوالات شامل کرتے ہیں جس سے اُس امر کا تعین کیا جا سکتا ہے کہ آیا کہ درخواست گزار نے حفاظت، تحفظ اور اپنی تحقیق کے دوہرے استعمال کے پہلوؤں پر غور کیا ہے۔ یہ فنڈز فراہم کرنے والے گروہی جائزوں کا تقاضا بھی کرتے ہیں تا کہ تجاویز جن کا وہ جائزہ لیتے ہیں کہ حیاتیاتی خطرات کے پہلوؤں پر غور کیا جائے۔

- **فنڈنگ کے تقاضے:** ایسی تحقیق جس میں ممکنہ طور پر انتہائی خطرناک مواد، تیکنیکس یا ٹیکنالوجیز شامل ہوتی ہیں کے لیے فنڈز فراہم کرنے والے اُسے فنڈنگ کی شرط بنا سکتے ہیں کہ سائنسدان اپنی تحقیق سے ممکنہ طور پر منسلک خطرات کی مؤثر طریقے سے نشاندہی کریں۔ اور ان کا انتظام کریں۔ اس امر کی وضاحت کریں کہ خطرات (منظم شدہ) تحقیق کے ممکنہ فوائد سے کس طرح متناسب ہیں۔ اس امر پر غور کریں آیا کہ تحقیق کی کم خطرناک اقسام اتنی ہی فائدہ مند ہو سکتی ہیں اور خطرات کم کرنے کے لیے تحقیق کا ڈیزائن یا ترسیل اور اشاعت کے منصوبے (جیسے تحقیق آگے بڑھتی ہے یا تحقیق مکمل ہونے کے بعد) تبدیل کریں۔ مثال کے طور پر برطانیہ میں بائیو ٹیکنالوجی اینڈ بائیولوجیکل سائنسز ریسرچ کونسل (BBSRC)، میڈیکل ریسرچ کونسل (MRC) اور ویلکم ٹرسٹ فنڈنگ کے لیے شرائط عائد کرتے ہیں جن میں خطرے سے متعلق ضوابط کی تعمیل شامل ہے۔(121) یورپین یونین (EU) میں یورپین یونین کی معاونت سے کی جانے والی تحقیقی ایتھیکس اپریزل سکیم ایسے منصوبوں کے لیے خاص سوالات اور تقاضے شامل ہیں جن کے غلط استعمال کا خطرہ موجود ہو۔ (122) یورپین کمیشن نے بین الاقوامی یورپی یونین اور قومی قوانین کی تعمیل میں مدد کرنے کے لیے خاص رہنمائی جاری کی ہے جو مواد ٹیکنالوجیز اور معلومات کے ممکنہ غلط استعمال سے متعلق مسائل کا تصفیہ کرتی ہے۔ دوسروں میں یہ درخواست دہندگان اور محققین سے کہتا ہے کہ وہ ایک آزاد اخلاقی مشیر یا پراجیکٹ سیکیورٹی آفیسر (یا دونوں) یا اخلاقی بورڈ یا سیکیورٹی ایڈوائزری بورڈ (جو مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے ماہرین پر مشتمل ہو جو اصولی طور پر پراجیکٹ کی تحقیقی سرگرمیوں کے انتظام میں شامل نہ ہوں) کی تقرری کرنے پر غور کریں تا کہ پراجیکٹ کے متعلقہ اقدامات ڈیزائن اور عملدرآمد کرنے میں معاونت کی جا سکے۔ فنڈز فراہم کرنے والے طریقہ کار اور پوری تحقیق کے دوران خطرے کے جائزے کی

تشہیر کا تقاضا کر کے ویزیبیلٹی میں اضافہ کر سکتے ہیں تا کہ علم کے تبادلے میں مدد کی جائے اور حیاتیاتی خطرات کا انتظام و انصرام کرنے کے معیارات کو فروغ دیا جا سکے۔ عوامی رپورٹنگ کی حالیہ کوششوں میں میٹریلز ڈیزائن اینلسز رپورٹنگ (MDAR) فریم ورک (123) شامل ہے جسے کنسورشیم آف پبلشرز کی جانب سے تشکیل دیا گیا ہے اور اسے دوہرے استعمال سے متعلق سوال شامل کرنے کے لیے حال ہی میں اپ ڈیٹ کیا گیا اور ویزبلٹی انی شیٹو فار ریسپانسیبل سائنس (VIRS) جیسے فنڈز، پبلشرز، محققین اور نگرانی کے گروپس کی بین الاقوامی کنسورشیم کی جانب سے تشکیل دیا گیا ہے، کا مقصد ایسے فریم ورکس بنانا ہے جو کیس سٹڈی اور رپورٹنگ (124,125) کے ذریعے حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے امور میں وسیع شفافیت میں مدد کرتے ہیں۔ فنڈنگ فراہم کرنے والے ادارے ایسے عملے کو فنڈز فراہم کر کے محققین اور اداروں کی مدد کر سکتے ہیں جو حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام میں محققین کو مہارت اور مدد فراہم کریں گے (مثلاً ڈیٹا کے انتظام و انصرام پر کام کرنے کے لیے رکھے گئے ایڈمنسٹریٹرز)

- **ایجنڈا ترتیب دینا:** خاص شعبوں میں تحقیق کا ایجنڈ ترتیب دینے میں فنڈز فراہم کرنے والے اداروں کا کردار ہو سکتا ہے۔ یہ ایک انتظامی فریضہ ہے اور فنڈز فراہم کرنے والوں کو اداروں (انفرادی اور اجتماعی طور پر) کے ساتھ مشغول ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے تا کہ اداروں سے اہلیت کی شرط کے طور پر حیاتیاتی خطرات کے جائزے، تعلیم اور تربیت میں خاص سطح برقرار رکھنے کا تقاضا کر کے جائزے اور حیاتیاتی خطرات کے کنٹرول سے متعلق رہنمائی فراہم کی جا سکے۔ مثال کے طور پر جین پر مبنی تحقیق کو فنڈز اور معاونت فراہم کرنے والا تنظیموں کا ایک کنسورشیم بشمول ویلکم ٹرسٹ، انسٹی ٹیوٹ پاسیجر اینڈ مل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن نے جین پر مبنی تحقیق کو سپانسر کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجیز کی حفاظت اور گورننس کو فروغ دینے، ڈیٹا کے تبادلے میں شفافیت کو یقینی بنانے اور جوابدہی میں اضافہ کرنے کے لیے رہنما اصولوں کا ایک مجموعہ تشکیل دیا ہے۔ فنڈز فراہم کرنے والے اداروں کے لیے ایجنڈا ترتیب دینے کا ایک اور موقع ٹولز اور نظام ہائے کار کی تشکیل اور جانچ کاری سے مخصوص تحقیق کے طریق کار میں مدد کرنا ہے تا کہ حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے ساتھ ساتھ تکنیکی و سماجی اور رویہ جاتی نقطہ نظر میں مدد کی جا سکے۔

- **مؤثر جوابدہی:** سائنسدانوں یا ان کے اداروں کی حیاتیاتی خطرات کی نشاندہی، جائزہ یا کنٹرول کرنے کی ذمہ داری میں ناکامی کی معلوم شدہ یا عوامی مثالوں کی صورت میں فنڈز فراہم کرنے والے ادارے موجودہ (زیر التوا) گرانٹس کا جائزہ لینے پر غور کر سکتے ہیں۔ یہ سائنسدانوں اور اداروں کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کی ترغیب دینے کا ایک طاقتور ٹول ہے۔

4.3.5۔ اسٹیک ہولڈرز: پبلشرز اور آڈیٹرز

خاص طور پر تعلیمی شعبوں میں تحقیق کے نتائج کی اشاعت تحقیقی اداروں کا ایک اہم جزو ہوتا ہے اور اس کا محققین کے کیریئر پر گہرا اثر ہوتا ہے۔

پبلشرز کی جانب سے حیاتیاتی انتظام و انصرام کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **مسودے کا جائزہ:** ایسی معلومات جس سے شدید حیاتیاتی خطرات پیدا ہو سکتے ہیں یا اُس سے دوسروں کو نامناسب طریقے سے خطرناک تجربات دہرانے کا موقع مل سکتا ہے کے لیے آڈیٹرز، ساتھیوں اور کچھ صورتوں میں مشاورتی بورڈ کی جانب سے مسودوں کا جائزہ لینا اہم ہوتا ہے۔ اگرچہ سائنسی معلومات (مثلاً خیالات، علم اور ڈیٹا) کو دستیاب اور قابل رسائی بنانا ایڈیٹر اور پبلشرز کی ذمہ داری ہے۔ اس امر کا اطلاق اس وقت نہیں ہوتا ہے جب خطرے کے جائزے سے یہ نتیجہ اخذ ہو کہ اشاعت کے ذریعے وسیع پھیلاؤ سے حفاظت یا تحفظ کے خطرات پیدا ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں پھیلاؤ روکا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مسودوں کو مکمل طور پر شائع نہ کیا جائے یا اشاعت سے قبل ان میں نمایاں ترمیم کی جائے۔ مذکورہ بالا MDAR فریم ورک (123) کے ڈویلپرز نے طریقوں کی معیاری رپورٹنگ میں تجرباتی طور پر دوہرے استعمال سے متعلق ایک سوال شامل کیا ہے جس کا جواب مقالہ جمع کرواتے وقت دینا چاہیے۔ VIRS (124) جیسے دیگر متعلقہ اقدامات پوری تحقیق کے دوران بہتر رپورٹنگ معیارات تشکیل دینے کی تلاش و جستجو کر رہے ہیں۔
-

رہنما اصول: کچھ پبلشرز نے ایسے مقالوں کی نشاندہی کرنے، جائزے لینے اور انھیں شائع کرنے کے لیے رہنما اصول قائم کیے ہیں جن سے صحت، حفاظت اور تحفظ کے خطرات پیدا ہو سکتے ہیں ان رہنما اصولوں کے لیے مرحلہ وار نظر ثانی اور انھیں اپ ڈیٹ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ ممکنہ خطرات کی نئی اقسام کی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ 2003 میں کئی مشہور جرنلز کے ایڈیٹرز نے سائنسی اشاعتوں اور سیکیورٹی پر ایک بیان جاری کیا جس میں ایسی اشاعت کے ایڈیٹوریل طریقہ کار سے متعلق سفارشات شامل تھیں جن سے حفاظت اور تحفظ کے خطرات (127) پیدا ہو سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں 2006 میں کونسل آف سائنس ایڈیٹرز نے اشاعت کی اخلاقیات پر ایک وائٹ پیپر شائع کیا جسے کئی مرتبہ اپ ڈیٹ کیا گیا (128)۔ اس مقالے میں عوام کے حوالے سے ایڈیٹرز کی ذمہ داریوں پر ایک سیکشن شامل ہے جو بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے موضوعات سے متعلق رہنمائی شامل ہے۔ امریکہ (USA) میں NSABB نے بائیو سیکورٹی، دوہرے استعمال اور جینیاتی تبدیلی کی تحقیق (129) سے متعلق کئی رپورٹس میں پبلشرز اور آڈیٹرز کے لیے رہنمائی شامل کی ہے۔

4.3.6 اسٹیک ہولڈرز: معیار ترتیب دینے والے ادارے

معیار ترتیب دینے والے اداروں کی طرف سے بائیو رسک مینیجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقوں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **سائنس اکیڈمیاں۔** مقامی اور علاقائی سائنس اکیڈمیاں جیسا کہ آئی اے پی یا یورپین اکیڈمی آف سائنس اینڈ آرٹس، سائنس کے حوالے سے پالیسیاں، حکمت عملیاں اور اخلاقی معیار، جن کو یونیورسٹیاں اور دیگر تحقیقی ادارے سائنسی سالمیت اور ضابطہ اخلاق کے اپنے معیار بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، بہت اہم ہیں۔ مثال کے طور پر مئی 2021 میں سوئس اکیڈمیز آف آرٹس اینڈ سائنسز، سوئس نیشنل سائنس فاؤنڈیشن، اور سوئس انوویشن ایجنسی نے سائنسی سالمیت کے لیے ایک ضابطہ اخلاق شائع کیا جس میں دوہرے استعمال کی تحقیق پر درج ذیل کملہ شامل تھا: "محققین اپنے تحقیقی کام سے وابستہ ممکنہ خطرات اور نقصانات کو فعال طور پر نشاندہی کرنے، غور کرنے اور مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے پابند ہیں۔ یہ خاص طور پر متعلقہ دوہرے استعمال کی تحقیق کے لیے درست ہے"۔
- **بائیو سیفٹی کی مقامی اور علاقائی تنظیمیں۔** بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے افسران تخفیفی اقدامات کے عمل درآمد اور حیاتیاتی خطرات کے جائزے میں اہم کردار ہوتے ہیں(131)۔ WHO سائنسدانوں اور لیبارٹری کی مینیجمنٹ کی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے تمام لیبارٹریوں میں بائیو سیفٹی افسران رکھنے کی سفارش کرتا ہے۔ بائیو سیفٹی افسران کو اپنے اداروں کی بائیو رسک مینیجمنٹ کی معاونت کرنے اور آگاہی بڑھانے کا اہل بنانے کے لیے ان کو ان معاملات میں مناسب تربیت کی ضرورت ہے۔ ان کو ریسرچ ٹیم کا بااعتماد رکن بنانے اور ان کو بااختیار کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ رسمی اور غیر رسمی Peer ٹریننگ کا اہتمام مقامی اور علاقائی تنظیموں اور حیاتیاتی خطرات کے لیے مخصوص دیگر اداروں کے ذریعے کیا جا سکتا ہے(132)۔ کروشین سوسائٹی برائے بائیو سیفٹی و بائیو سیکیورٹی ایک قومی تنظیم ہے جو بائیو سیفٹی کے پیشہ ور لوگوں کو بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی جدید تربیت اور معلومات فراہم کرنے کے لیے سرگرم ہے(133)۔ دوسری مثالیں نیدرلینڈز(111) اور کینیڈا(134) سے مل سکتی ہیں۔ مقامی اور علاقائی تنظیموں کے کام کی معاونت عالمی سطح پر بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی بڑھانے کے لیے اہم ہے۔
- **عالمی معیارات۔** 2019 میں، انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار سٹینڈرڈائزیشن (ISO) نے ISO 35001 جاری کیے جو لیبارٹری اور دیگر متعلقہ اداروں کے لیے بائیو رسک مینیجمنٹ کے لیے ایک معیار ہے(63)۔ سائنسی ہارڈ ویئر پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے معیار اعلیٰ مینیجمنٹ کی طرف سے کیے گئے وعدوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے (مثال کے طور پر مناسب وسائل فراہم کرنا، بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی پالیسی کو ترجیح دینا، عملے کی تربیت اور کارکردگی کی توقعات کا تعین کرنا). معیار کام کی تسلسل کے ساتھ بہتری کا بھی تقاضا کرتے ہیں تاکہ حادثات اور دیگر مسائل کی وجوہات معلوم کی جا سکیں، مسائل حل کیے جائیں تاکہ وہ دوبارہ نہ دوہرائے جائیں، بہتری کے مواقع کی نشاندہی کی جائے اور بہتری کو تسلیم کیا جائے۔ بعض اداروں نے معیار پر پورا اترنا شروع کر دیا ہے، اور آگاہی بڑھانے کی کاوشوں کے ساتھ ساتھ اس کو مزید فروغ دینے سے زیادہ محفوظ حیاتیاتی سرگرمیوں میں حصہ ڈالا جا سکتا ہے۔ ایک اور مثال بائیوروبوسٹ (Bioroboost) ہے، جو ایک یورپین یونین کے مالی تعاون سے چلنے والا پراجیکٹ ہے اور اس کے مقاصد میں مصنوعی بائیولوجی میں معیارات بشمول بہتر بائیو سیفٹی اور خطرات کے آسان جائزے، کو مضبوط کرنا ہے۔

4.3.7 شراکت دار: ایجوکیٹرز

ایجوکیٹرز کی طرف سے بائیو رسک منیجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقوں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **سائنس کے ذمہ دار تصورات سمیت بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کا تعارف۔** ذمہ دار تحقیق کرنے سے متعلق تصورات کو سائنس اور میڈیکل کے نصاب میں شامل کرنے سے بنیادی اور اپلائیڈ لائف سائنسز میں صحت، تحفظ اور سیکیورٹی کو درپیش خطرات کے بارے میں آگاہی بڑھائی جا سکتی ہے۔ اکیڈمک اور سائنسی ادارے ان تصورات کو اپنے نصاب اور تعلیمی سرگرمیوں میں شامل کرتے ہوئے مدد کر سکتے ہیں۔

- **تربیت۔** لیبارٹری اور عملی نشستوں کے ساتھ نصاب میں تربیتی نشستیں شامل کی جا سکتی ہیں جو تھیوری کی نشستوں میں شامل تصورات کو مضبوط اور لاگو کرنے کے لیے تصورات سے وابستہ بہترین مشقوں کو تقویت دے سکتے ہیں۔ فعال تعلیم بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال جیسے تصورات کے عملی استعمال کا مظاہرہ کرنے میں موثر ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، اکیڈمی آف سائنس آف ملائشیا نے لائف سائنسز میں ذمہ دار طریقے سے تحقیق کرنے کے لیے ایک تعلیمی ماڈیول تیار کیا جس میں کسی دوہرے استعمال اور تحفظ کی روایت کی اہمیت کے بارے میں کسی ماڈیول میں تعلیم کے فعال اصول استعمال کیے جاتے ہیں (136)۔

4.3.8 شراکت دار: بین الاقوامی تنظیمیں

بین الاقوامی تنظیموں کی طرف سے بائیو رسک منیجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقوں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **رہنمائی کے دستاویزات۔** متعدد ممالک، خطوں، اور اداروں نے ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا ہے جو ذمہ دار سائنس کو کنٹرول کرتے ہیں اور متعلقہ معاملات پر رہنمائی کی پیشکش کرتے ہیں؛ تاہم، دوسروں کے پاس اسی طرح کے ٹولز اور طریقے دستیاب نہیں ہیں۔ بین الاقوامی تنظیمیں (مثال کے طور پر WHO، FAO اقوام متحدہ کی تنظیم برائے تعلیم، سائنس اور ثقافت (UNESCO)؛ اور WOAH) مقامی قانون سازی بنانے اور بہترین عالمی مشقوں کو مضبوط کرنے کے لیے رہنمائی فراہم کر سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، WOAH نے ویٹرنری کی تحقیق: دوہرے استعمال کی نشاندہی، جائزہ اور انتظام و انصرام، کو ذمہ دار طریقے سے کرنے کے لیے رہنما اصول شائع کیے (137)۔ بائیو رسک منیجمنٹ اسے متعلقہ میٹرکس قائم کرنے اور ان میٹرکس کی بنیاد پر ممالک کی کارکردگی دیکھنے کے لیے بھی کثیر جہتی کوششیں کی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر، UNSCR 1540 (17) میں بائیو سیکیورٹی اور ب غیر ریاستی عناصر کو ایئولوجیکل ہتھیار حاصل کرنے کی ممانعت پر دفعات شامل کی ہیں۔ ایک اور مثال مشترکہ بیرونی جائزہ (JEE) (138) ہے، جو انٹرنیشنل ہیلتھ ریگولیشنز (2005) کے فریم ورک میں صحت عامہ کے خطرات کی نشاندہی اور فوری جوابی کارروائی کرنے اور ان سے بچنے کے لیے کسی ملک کی صلاحیت کو جامع طور پر جانچنے کے لیے ایک رضاکارانہ، کثیر شعبہ عمل ہے۔ JEE کو متعلقہ کوششوں جیسا کہ گلوبل ہیلتھ سیکیورٹی ایجنڈا (GHSA) (18) اور WOAH کی ویٹرنری خدمات (PVS) pathway کی کارکردگی کے اشتراک سے تیار اور لاگو کیا گیا (139)۔ تیسری مثال BWC کا فریم ورک ہے، جو بین الاقوامی اقدامات کے لیے بنیاد فراہم کرتا ہے تاکہ بائیولوجی اور بائیو ٹیکنالوجی کے غلط استعمال کو روکا جائے۔ معاہدے کے عمل درآمد کا سپورٹ یونٹ معاہدے میں شامل ہونے اور ان کی شرائط پر عمل درآمد کرنے کے لیے ملکوں کی معاونت کرتا ہے (140)۔

- **معلومات اور وسائل تک رسائی۔** بین الاقوامی تنظیمیں درکار معلومات تک رسائی کی مدد کر سکتی ہیں، مثال کے طور پر، حیاتیاتی خطرات کے جائزے، تربیت، ذمہ دار سائنس پر کام کرنے، خطرات کم کرنا اور قوانین اور دیگر متعلقہ سرگرمیوں پر کام کرن۔ یہ بین الاقوامی ادارے مقامی حکام، سائنسی اداروں اور تفتیش کاروں کی ذمہ دار سائنسی مشقوں کے ساتھ مطابقت رکھنے والے وسائل کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اقوام متحدہ کا انٹرریجنل کرائم اینڈ جسٹس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (UNICRI) نے بائیو رسک منیجمنٹ میں سرمایہ کاری کرنے والے شراکت داروں کا ایک عالمی نیٹ ورک تیار کیا ہے۔ UNICRI شراکت داروں کو بہترین اقدامات اور تربیتی مواد کا تبادلہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے ایک کلیئرنگ ہاؤس کا کردار ادا کرتا ہے (141)۔ اقوام متحدہ کا دفتر برائے امور ترک اسلحہ، ترک اسلحہ (disarmament) پر تعلیم اور تربیت کو فروغ دیتا ہے (142)۔ BWC کے تحت States Parties (ریاستی فریقین) اور ماہرین کے سالانہ اجلاس میں بائیو رسک منیجمنٹ میں سرکاری اور غیر سرکاری ماہرین اکٹھے ہوتے ہیں اور

بہترین اقدامات اور معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں اور عالمی بائیو سیکیورٹی کو مضبوط کرنے کے لیے نئے نظریات تیار کرتے ہیں(143)۔
BWC کے اعتماد سازی کے اقدامات- خصوصاًجو لیول 4 لیبارٹریز اور بائیو ڈیفنس پروگرامز سے وابستہ ہیں-ان شعبوں میں قومی

سرگرمیوں میں شفافیت بھی مہیا کرتے ہیں(83)۔ بائیو ڈیفنس تحقیق کو حیاتیاتی خطرات کے خلاف دفاعی اقدامات کرتے ہوئے دوہرے استعمال کے مخمصے کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے(45)۔

- **کمیونی کیشن**۔ بڑے عالمی خطرات اور حیاتیاتی خطرات کے بڑھتے ہوئے ذرائع کی نشاندہی ممالک اور اداروں کے مابین شفاف روابط کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔ بین الاقوامی تنظیمیں شراکت داروں اور، ایسے خطرات کی نشاندہی کے لیے ضروری ڈیٹا، تحقیق یا معلومات کی اشاعت کے درمیان روابط مضبوط کر سکتی ہیں۔ سول سوسائٹی کی معاونت کی مثالوں میں عالمی بائیو سیکیورٹی ڈائیلاگ(144) (خاص طور پر ابھرتے ہوئے حیاتیاتی خطرات پر اس کاورک سٹریم) اور عالمی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنڈا(بشمول بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی پر اس کاورک سٹریم)(18)۔

4.3.9 اسٹیک ہولڈر: سول سوسائٹی نیٹ ورکس اور عوام

سول سوسائٹی نیٹ ورکس کی طرف سے بائیو رسک منیجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقوں کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- **شفافیت**۔ سول سوسائٹی تحقیق یا لیبارٹری کی سرگرمی میں اسٹیک ہولڈر ہے اس وقت جب اس طرح کی سرگرمیوں کے خطرات اور ممکنہ فوائد وسیع پیمانے پر سوسائٹی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ لہٰذا سول سوسائٹی کے نیٹ ورکس کو تحقیق اور لیبارٹری سے متعلق معلومات اور بحث جو مختلف لوگوں پر اثرانداز ہو سکتی ہے، تک رسائی ہونی چاہیے۔ The BioWeapons Prevention Project(حیاتیاتی ہتھیاروں سے بچاؤ کا پراجیکٹ)، جس نے BWC کی عالمگیریت کی وکالت کی اور حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام پر آگاہی بڑھانے کے لیے ٹریننگ کا اہتمام کیا، BWC کے اجلاسوں اور مباحثوں میں شریک رہا ہے۔ مثال کے طور پر، ایٹمی خطرے کے اقدامات کا عالمی ہیلتھ سیکیورٹی انڈیکس ایک میٹرکس ہے جو نیشنل بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی تیاری کے درجے کو ماپتا ہے(146)۔
-
- **آگاہی اور تعلیم دینا**۔ سول سوسائٹی نیٹ ورکس عام لوگوں کو آگاہی دینے اور معاشرے کے مختلف شعبوں کو تعلیم دینے کے لیے اہم ہیں؛ وہ سائنسی کمیونٹی اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔
- **پالیسی سازی**۔ باخبر عوام سیاسی حکمت عملیوں اور سائنسی سرگرمیوں کو کنٹرول کرنے والی پالیسیوں کے حق میں بہتر فیصلے کر سکتے ہیں۔ سول سوسائٹی کے نیٹ ورک سائنس دانوں اور مختلف عوام کے درمیان مسابقتی مفادات کو متوازن کرنے کے لیے رابطہ قائم کر سکتے ہیں، جیسا کہ آزاد سائنس کی خواہش اور احتیاط اور کنٹرول کی خواہش۔ مثال کے طور پر، مغربی افریقہ میں 2014-2015 کے تباہ کن ایبولا کی وبا کے بعد، ماہرین اور سول سوسائٹی کے نیٹ ورکس کے درمیان شراکت داری کے نتیجے میں گلوبل ایمرجنگ پیتھوجینز ٹریٹمنٹ کنسورشیم (GET) (147) کی تشکیل ہوئی۔ اس کنزورشیم نے 2014 میں سینیگال کے شہر ڈکار میں ایبولا پر ہونے والی افریقن وائسز اینڈ لیڈرشپ کانفرنس منعقد کرانے میں اہم کردار ادا کیا، جس میں نقائص/خامیاں، بشمول جو بائیو سیکیورٹی سے متعلق تھیں، جن کی وجہ

سے وبا پھیلی، کی نشاندہی کی گئی۔ اس کنزورشیم میں کئی حکومتوں سے سیکیورٹی کے وعدے اور ان کے ساتھ ان ممکنہ خطرات کو محدود کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشتیں بھی طے کی گئیں۔

4.3.10 شراکت دار: نجی شعبہ

نجی کمپنیاں لائف سائنسز کی تحقیق اور بائیو ٹیکنالوجی کی تیاری میں بہت ہی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بائیو ٹیکنالوجی، زرعی بائیو ٹیکنالوجی اور فاماسوٹیکل کمپنیاں کمرشل مصنوعات کی تیاری کی معاونت کے لیے تحقیق کرتی ہیں۔

نجی شعبے کی طرف سے بائیو رسک مینجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقوں کی مثالیں درج ذیل ہیں

- **سیلف نظام۔** 2009 میں، جین کی کیمیائی ترکیب کرنے والی کمپنیوں کے ایک معروف گروپ نے انٹرنیشنل جینز سنتھیسز کنزورشیم تشکیل دیا اور گاہکوں اور جین کی ترتیب کے آرڈرز کی جانچ کے لیے ایک رضاکارانہ نظام اختیار کیا۔ جانچ کاری کے عمل کے حصے کے طور پر، آرڈرز کا قومی اور بین الاقوامی سطح پر ریگولیٹ کیے گئے پیتھوجینز اور زہریلے مواد (toxins) کے ایک ڈیٹا بیس کے ساتھ تقابل کیا گیا، یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا کسی بھی آرڈر کی ترتیب سے کوئی سیکیورٹی خطرہ تو نہیں ہے۔ اگر سکریننگ کا خودکار نظام ایک آرڈر کی گئی ترتیب اور ایک ریگولیٹڈ ایجنٹ کے درمیان تھوڑا فرق دیکھا تو آرڈر اور گاہک کی جانچ کاری دستی طریقے سے کی جاتی ہے (149)۔
- **قومی قانون سازی۔** تحقیق، ترقی اور GMOs کا استعمال کئی ملکوں میں قومی قانون سازی کے تابع ہے؛ تاہم، ایسی نظام عام طور پر بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی سے وابستہ تحفظات تک محدود ہے۔ یہاں تک کہ ایسے ملکوں میں جو دوہرے استعمال کی تحقیق کا جائزہ لیتے ہیں، یہ نگرانی عموماً عوامی سطح پر مالیت کاری کی گئی تحقیق تک محدود ہوتی ہے۔ کینیڈا کے حیاتیاتی خطرات کا نظام، جو ہیومن پیتھوجینز اینڈ ٹاکسنز ایکٹ (118) میں لاگو ہوا اور اس کی نگرانی کینیڈا کی پبلک ہیلتھ ایجنسی میں بائیو سیکیورٹی کے مرکز نے کی، کسی بھی تحقیق کے دوہرے استعمال کے خطرات کا جائزہ لینے کے لیے کسی ادارے کا تقاضا کرتا ہے چاہے اس کی فنڈنگ کا کوئی بھی ذریعہ ہو (62، 119)۔

کے متبادل ماڈلز جو ذمہ دار رویے کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں، بھی آگے بڑھنے کا راستہ ہو سکتے ہیں۔ صنعت کو ترغیب دینے کا ایک طریقہ معیار ترتیب دینے والی تنظیمیں اور مثبت رول ماڈلز کا استعمال ہو سکتا ہے؛ ایک اور طریقہ اچھے اقدامات اور کاروباری سماجی ذمہ داری کی نشاندہی ہو سکتا ہے۔ صنعت کے اسٹیک ہولڈر اپنے کام میں ذمہ داری، تحفظ اور سیکیورٹی کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت کے بارے میں مکمل آگاہ ہو رہے ہیں۔ مزید برآں، صنعت ذمہ داری کے مسائل کو پیشہ ورانہ ترقی میں لانے کے لیے یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اسٹیبلشمنٹ کی معاونت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔۔ تحقیق کی مالیت کاری میں نجی شعبے کا بڑھتا ہوا کردار یہ تجویز دیتا ہے کہ نگرانی کے طریقے نجی اور سرکاری دونوں سطح پر مالیت کاری کی گئی تحقیق میں شامل کیے جانے چاہیں۔

نجی شعبے کی حکمرانی کا ایک اور پہلو دانشورانہ حق ملکیت کے انتظام میں اس کے کردار سے متعلق ہے۔ مثال کے طور پر، پرائیویٹ سیکٹر یہ انتخاب کر سکتا ہے کہ کس کو سند حق ایجاد (patent) کا لائسنس دیا جائے، یہ لائسنس کے استعمال پر پابندیاں شامل کر سکتا ہے اور مواد کی منتقلی کے معاہدوں میں شرائط شامل کر سکتا ہے۔

4.4 آگاہی کا فروغ، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی

4.4.1 آگاہی کا فروغ، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کی مثالیں

اقدار اور اصول بنیادی اور اپلائیڈ لائف سائنسز کے ذمہ دار استعمال کے لیے اخلاقی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ بائیو رسک منیجمنٹ کے لیے ٹولز اور طریقے اقدار اور اصولوں کے اطلاق کے لیے عملی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ ان بنیادی عناصر کے حصول اور استعمال کو یقینی بنانے کے لیے آگاہی بڑھانے، تعلیم، ضابطہ اخلاق، اخلاقی جائزے، تربیت اور صلاحیت سازی، تحقیقی ماحولیاتی نظام (مثلاً سائنسدان، تحقیقی ادارے اور مالیت کار) میں شراکت داروں کو درکار ہوتے ہیں۔

بنیادی اور اپلائیڈ سائنس اور متعلقہ شعبوں، بشمول کیمیائی شعبے میں آگاہی بڑھانے کے لیے پہلے ہی بہت کام ہو چکا ہے۔ کچھ تمثیلی مثالیں ضمیمہ 3 میں دی گئی ہیں۔ اگرچہ کچھ مشقوں نے کامیابی کے ساتھ تجزیے مکمل کر لیے ہیں۔ مزید بر آں، اگرچہ کچھ اقدامات نے کامیاب اور پائیدار ثابت کیے ہیں، یہ ہمیشہ واضح نہیں ہوتا کہ آیا ایسے تمام اقدامات مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔

4.4.2 گزشتہ سرگرمیوں سے سبق

حیاتیاتی خطرات سے وابستہ آگاہی بڑھانے، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کے لیے ماضی میں کی گئی کوششیں مستقبل میں ایسی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے خواہاں افراد کے لیے کئی عمومی سبق فراہم کرتی ہیں جیسا کہ باکس 4 میں دیئے گئے ہیں۔

باکس 4۔ آگاہی بڑھانے، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کے لیے ماضی کی کوششوں سے سیکھے گئے سبق

- مقصد۔ آگاہی بڑھانے، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی کی کوششوں کا مقصد سیلف نظام، باضابطہ نگرانی، اور بحث مباحثوں اور دیگر مقاصد کو فروغ دینا ہو سکتا ہے۔ یہ ہمیشہ واضح نہیں ہوتا کہ ان سے کیا توقعات ہوتی ہیں جن کو "تعلیم" دی گئی یا اس عمل میں شامل کیا گیا۔ مزید بر آں، آگاہی بڑھاطنے اور تعلیم کو درپیش مشکلات اور مسائل مختلف ہو سکتے ہیں جیسا کہ حادثات (بائیو سیفٹی) سے نمٹنا یا بیماری کے دانستہ پھیلاؤ (بائیو سیکیورٹی) کو رکنا۔ حادثاتی طور پر بیماری کے پھیلاؤ کے لیے ادارہ جاتی حفاظتی اقدامات کو لاگو کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ بائیولوجی کے غلط استعمال سے نمٹنے کے لیے خاطر خواہ کام کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ طالبعلموں، تربیت لینے والوں، سائنسدانوں اور دیگر کو ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل تیار کیا جائے۔
- ترجیحات۔ بائیو سیکیورٹی اور دوہرا استعمال ان میں سے زیادہ تر کے لیے فوری ترجیحات نہیں ہیں جو بنیادی اور اپلائیڈ لائف سائنسز سے جڑے ہوئے ہیں، اور ضروری نہیں کہ وہ مکمل سمجھ بوجھ رکھتے ہوں۔ صحت اور ماحول کی شدید مشکلات سے نبرد آزما ممالک کے لیے دیگر خدشات کے مقابلے میں لائف سائنسز سے وابستہ سیکیورٹی خطرات کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔
- تشریحات۔ مشترکہ اصطلاحات کی کمی (بشمول بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہری استعمال جیسی کلیدی اصطلاحات کے معنی) بہترین طریقوں کے اشتراک کو پیچیدہ بناتی ہے۔
- بحث مباحثہ۔ اس حوالے سے غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر کہ تعلیم اور تربیت میں کیا شامل کیا جانا چاہیے، یہ کیسے کرنا چاہیے، یہ کیوں ضروری ہے اور اس میں کون شامل ہونا چاہیے، حیاتیاتی خطرات کی روک تھام کے لیے تعلیم اور تربیت کو وسیع پیمانے پر فروغ دینا چاہیے اور اس پر تبادلہ خیال کیا جانا چاہیے۔ جیسا کہ کوئی ایک نقطہ نظر سب کی ضروریات اور حالات کو پورا نہیں کر سکتا، اس لیے مضبوطی، مواقع اور اقدامات کے چیلنجز کا جائزہ لیا جانا چاہیے تاکہ ٹولز اور طریقہ کار کا اندازہ لگایا جا سکے، اور کس طرح ضروری صلاحیت سازی کو بہترین طریقے سے فراہم کیا جا سکتا ہے۔
- شمولیت۔ ماضی کے اقدامات میں شراکت داروں کا ایک وسیع سلسلہ شامل تھا۔ جیسا کہ حیاتیاتی خطرات کے خدشات پیتھوجینز کے ساتھ کام کرنے والے افراد سے بھی آگے چلے گئے تو تحقیقی اداروں، مالیت کاروں، لیبارٹری ٹیکنیشنز، پیشہ ور معاشروں، ڈیٹا منیجرز اور مہتمم، ناشروں، ایڈیٹرز، ایتھکس کمیٹیوں، ادارہ جاتی منیجرز، سول سوسائٹی نیٹ ورکس اور ریگولیٹرز ان سب کو بطور معلم اور طالبعلم کردار ادا کرنا چاہیے۔
- جدت۔ آگاہی بڑھانے اور تعلیم کے مواد کی تیاری اور ڈیزائن میں بہترین مشقیں مربوط کی جانی چاہیے۔ جدید نقطہ نظر جیسا کہ متحرک تعلیم اور ٹیم کی شکل میں سیکھنے کی مشقوں سے قیمتی اور پائیدار نتیجہ سامنے آیا ہے۔ مزید بر آں، ایک بار بار بننے کے بعد ان نقطہ نظر کو مستقبل کی ٹریننگ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور دوسری ٹیموں کو بھی دکھایا جا سکتا ہے۔

- انضمام۔ بائیو رسک مینیجمنٹ کے مواد کو لیبارٹری پریکٹس پر ٹریننگ کورسز یا بائیو ایتھکس یا ریسرچ ایتھکس پر کورسز میں زمہ دار طریقے سے تحقیق کرنے پر وسیع تر تبادلہ خیال کے حصے کے طور پر شامل کیا جا سکتا ہے۔
- نیچے سے اوپر بمقابلہ اوپر سے نیچے۔ کچھ ماضی کے اقدامات نیچے سے اوپر کیے گئے ہیں، جبکہ دوسروں کو اوپر سے نیچے کیا گیا۔ دونوں قسم کی معاونت درکار ہوتے ہیں، جبکہ اقدامات کو باضابطہ کرنے کے لیے اوپر سے نیچے کا طریقہ جزوی طور پر زیادہ اہم ہے۔
- مقامی سطح پر تیار کردہ مواد۔ آگاہی بڑھانے، تعلیم، صلاحیت سازی اور ٹریننگ کے لیے مختلف مواد تیار کیے گئے ہیں۔ اداروں اور ملکوں کو ایسے مواد کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے ماحول کے لیے مناسب ہو۔ عمومی لحاظ سے، سیکیورٹی بڑھانا مشکل ہو سکتا ہے کیونکہ جس پر سیکیورٹی کا اطلاق ہوتا ہے اس کا انحصار سیاق وسباق پر ہے۔ یہاں پر کوئی ایک ہی سائز سب کے لیے درست ہونے کا نقطہ نظر نہیں ہے، اور منظر نامہ کو مقامی سیاق وسباق (مواد اور ترسیل کے لحاظ سے) کے مطابق بنانے کی ضرورت ہے، ان کو قابل رسائی بنایا گیا اور لاگو کیا گیا۔ LIMC کے لیے مقامی سطح پر مناسبت رکھنے والے ناکافی منظر نامے ہیں۔ عالمی بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی مشکلات بیان کرنے والے منظر نامے کے علاوہ، سیاق وسباق کے لیے مخصوص مواد تیار کیا جانا چاہیے اور مقامی خطرات اور مشکلات کو بھی زیر غور لانا چاہیے۔
- چیمپیئنز۔ بائیو رسک مینیجمنٹ کو فروغ دینے کے لیے مواد کے اطلاق کو فروغ دینے کے لیے چیمپیئنز کی قدر بشمول صنعت اور شعبہ تعلیم کے رہنماؤں پر توجہ دی گئی۔ رسمی اور غیر رسمی نیٹ ورکس انفرادی چیمپیئنز یا چیمپیئنز کے گروپس پیدا کرنے، ان کی نشاندہی یا ان کو مضبوط کرنے کے لیے اہم ہوتے ہیں۔ تحقیق اور کھلی سائنس کی تعلیم کے زمہ دارانہ طرز عمل پر بڑھتی ہوئی توجہ سے فائدہ اٹھانے کے لیے پائیدار اور باوسیلہ نیٹ ورکس کے ذریعے تعاون کرنا اہم ہے۔
- وسائل۔ اگرچہ ماضی میں تعلیم سے وابستہ کئی اقدامات کیے گئے، ان میں سے کئی کو عموماً فنڈز کی کمی کے باعث مشکلات کا سامنا ہوا۔ ان شعبوں میں اقدامات کرنے کے لیے مالی اور تکنیکی معاونت درکار ہو گی تاکہ کوآپریٹو نیٹ ورکس کو برقرار رکھا جائے۔ یہ موثر بائیو رسک مینیجمنٹ کے لیے محدود وسائل کے ساتھ LIMC کے لیے خاص طور پر اہم ہو گا۔
- اقدامات کو فعال کرنا۔ حیاتیاتی خطرات اور محدود تربیت کے خدشات کے بارے میں آگاہی ناہموار ہے۔ آگاہی میں اضافہ، تعلیم، تربیت اور صلاحیت سازی سے ان مشکلات کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔ مزید برآں، خدشات کا جواب دینے کے لیے ٹولز اور طریقے تیار کیے جانے چاہئیں، جیسے کہ کام شروع کرنے والے کے لیے چینل فراہم کرتے ہوئے، آگاہی بڑھانے اور دیگر اقدامات کے ساتھ۔ یہ خاص طور پر تربیت یافتہ افراد، طلباء، سائنسدانوں یا دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے نشاندہی کردہ شبہات کی اطلاع دینے یا جواب دینے کے معاملے میں اہم ہے۔
- پائیداری۔ آگاہی بڑھانے، تعلیم، تربیت، اور صلاحیت سازی کو پائیدار بنانے کے لیے اقدامات کو آغاز سے ہی کر لیے جانے چاہیے۔ اس کے لیے سرگرمیوں بشمول متعلقہ کیریئر میٹرکس کے لیے ممکنہ ترغیبات پر محتاط طریقے سے غور کرنے کی ضرورت ہو گی، جو لانگ ایویٹی اور باٹم اپ (نیچے سے اوپر) کی سرگرمیوں۔ کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

LMIC: کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک

ذریعہ: WHO (2022) (38).

[20] See, for example, NASEM (2018) (27), NAS (2011) (150), NASEM (2017) (151) and NRC (2013) (152).

5۔ سیکشن 5

شکل 1. فریم ورک پر عملدر آمد کرنے اور بائیو رسک مینجمنٹ سرگرمیوں کو تیار کرنے کے لیے ایک مرحلہ وار طریقہ کار

E

s

x

a

e

5.1 فریم ورک پر عملدرآمد

چیک لسٹ کے ساتھ مرحلہ وار سوچ کا استعمال کرتے ہوئے فریم ورک کا اطلاق اقدار اور اصولوں اور حیاتیاتی خطرات کے نظام کے لیے متعلقہ عزائم کے ذریعے ہو گا (جدول 1)۔ اس کے علاوہ، عمل درآمد ایک ایسا عمل ہو گا جو مندرجہ ذیل اہم غور طلب امور کے ذریعے چلایا جائے گا:

- **قیادت اور ملکیت:** بائیو رسک مینجمنٹ کی سرگرمیوں کو مضبوط کرنے کے عمل کے لیے قومی اور علاقائی سطحوں پر قیادت اور ملکیت درکار ہو گی۔ اہم شراکت داروں کے ساتھ اشتراک، معاونت، رہنمائی، اور صلاحیت سازی مؤثر عمل درآمد کے لیے اہم ہو گا۔

- **ایک موافق ماحول پیدا کرنا:** عمل درآمد کی سہولت کاری کے لیے بائیو سیفٹی کے موجودہ نظام اور تجربات کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، بائیو سیفٹی کے موجودہ نظام اور طریقے بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی نگرانی کے مزید اقدامات پر عمل درآمد کے لیے بطور راہداریاں استعمال ہو سکتے ہیں۔ فریم ورک اور مرحلہ وار نقطہ نظر پر عمل درآمد کے لیے ایک مخصوص سیاق و سباق کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہو گی۔ سائنسدان، ادارے اور ممالک مختلف نقاط سے آغاز کریں گے۔ اگر کوئی قانون، اصول و ضوابط، رہنمائی یا ٹریننگ موجود نہیں ہے تو مرحلہ وار نقطہ نظر کو تبادلہ خیال کی رہنمائی اور مختلف شراکت داروں کی ضروریات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مرحلہ وار نقطہ نظر مخصوص قومی صلاحیتوں جن کو پیدا کرنے اور مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، کی نشاندہی کے لیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ یہ سوچ شواہد پر مبنی اور مستقبل نشاندہی ہونی چاہیے۔

- **شعبوں کے درمیان اشتراک:** فریم ورک مختلف شراکت داروں کے مابین بحث اور تعاون کی حوصلہ افزائی کرتا ہے (شکل 1، مرحلہ 3)۔ اسٹیک ہولڈر کو مخصوص گروپس مخصوص اہداف کے حصول کی بہتر پوزیشن میں ہوں گے۔ مثال کے طور پر، سائنسدان اپنے کام کے ممکنہ فوائد اور خطرات کا جائزہ لینے کی بہترین پوزیشن میں ہوتے ہیں؛ ادارے حیاتیاتی جائزوں اور تخفیف کی نگرانی میں اہم کردار رکھتے ہیں؛ اور حکومتیں اور ریگولیٹرز مختلف شراکت داروں اور شعبوں (مثلاً شعبہ تعلیم، نجی اور سرکاری لیبارٹریاں اور کمرشل کمپنیاں) میں بائیو رسک مینجمنٹ کی حکمت عملیوں کو مضبوط کرنے کے لیے بہت اہم ہوتے ہیں۔ نظام کی مختلف حکمت عملیاں جن میں اسٹیک ہولڈر کے مختلف گروپس شامل ہوتے ہیں، ایک واحد مخصوص ہدف کے حصول کے لیے اپنائی جا سکتی ہیں۔

- **شراکت داری اور مالیت کاری:** فریم ورک کو لاگو کرنے کے لیے وسائل اور تجربہ درکار ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مختلف شراکت داروں کی شمولیت کے لیے ترغیب کی بھی ضرورت ہو گی۔

- **نتائج کی نگرانی کرنا، کامیابی کی جانچ اور جوابدہی یقینی بنانا:** بائیو رسک منیجمنٹ اور تخفیفی سرگرمیوں کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جانا چاہیے۔ نئی پیش رفت کی روشنی میں حکمت عملیوں کو اختیار کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اسی طرح، ان کا جوابدہی یقینی بنانے کے لیے تخفیفی حکمت عملیوں کی افادیت کا جائزہ لیا جانا چاہیے۔

5.2 رکن ممالک کے لیے غور طلب اہم امور

مخصوص ملک اور اس کی ضروریات اور وسائل پر انحصار کرتے ہوئے، حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو کنٹرول کرنے کے لیے مختلف اور لازمی راستے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ نظام کے اقدامات میں رسمی اور غیر رسمی دونوں طریقے شامل ہو سکتے ہیں:

- حیاتیاتی خطرات میں کمی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کی نظام سے وابستہ قوانین، ضوابط اور پالیسیوں کی مثالوں میں وہ شامل ہیں جو مخصوص اقسام کی سرگرمیوں کی ممانعت کرتے ہیں (مثلاً بائیولوجیکل ہتھیار تیار کرنے کی سرگرمیاں)؛ جو دوہرے استعمال کے امکان کے ساتھ تحقیق کی تیاری کا جائزہ لیتے ہیں؛ جو پیتھوجینز، تحقیق، ٹیکنالوجیز، اور معلومات کی مخصوص اقسام کی برآمد کو کنٹرول کرتے ہیں؛ اور جو پودوں، زراعت اور ماحول کی حفاظت سے تعلق رکھتے ہیں (سیکشن 4.3.1)۔ کئی بین الاقوامی معاہدے حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیق کی نظام سے تعلق رکھتے ہیں؛ مثال کے طور پر، 1925 کا جینوا پروٹوکول (11)، 1972 کا BWC (12)، 1977 کا ماحول کو تبدیل کرنے کے طریقوں کے فوجی یا کسی بھی دوسرے نقصان دہ استعمال کی ممانعت پر کنونشن (ENMOD) (80)، 1993 کا CWC (13) اور UNHCR 1540 (17)۔ ان بین الاقوامی معاہدوں کے مختلف پہلو بائیورسک اور دوہرے استعمال کی ریگولیشن سے تعلق رکھتے ہیں (سیکشن 2)۔

- تحقیق کے ذمہ دار استعمال اور غلط استعمال کی روک تھام سے متعلق رہنما اصول، ضوابط اخلاق، اور آگاہی بڑھانے اور تعلیمی سرگرمیاں، فریم ورک کے اطلاق کے لیے ایک اور اہم راستہ ہے۔ اس شعبہ میں بہت کوششیں کی گئی ہیں (سیکشن 4.4 اور ضمیمہ 3) اور ماضی کے تجربات سے سبق سیکھ لیا گیا ہے (باکس 4)۔

مخصوص ملک اور اس کے وسائل پر انحصار کرتے ہوئے، بائیو سیفٹی کمیٹیوں، تحقیق کی اخلاقی کمیٹیوں (RECs)، قومی اخلاقی کمیٹیوں اور دیگر مشاورتی کمیٹیوں کی ضروریات کے ذریعے حیاتیاتی خطرات کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو کنٹرول کرنے کے لیے مختلف انتخاب ہو سکتے ہیں (سیکشن 4.3.1)۔

- بائیو سیفٹی کی کمیٹیاں ادارہ جاتی کمیٹیاں ہوتی ہیں جو بائیو سیفٹی سے وابستہ مسائل کے لیے ایک آزاد جائزہ گروپ کا کام کرنے کے لیے تشکیل دی جاتی ہیں؛ وہ سینئر منیجمنٹ کو رپورٹ کرتے ہیں (3)۔ بائیو سیفٹی اور لیبارٹری بائیو سیکیورٹی کے مسائل کے علاوہ، بائیو سیفٹی کمیٹیاں تحقیق کے عمل میں (پروپوزل یا ڈیزائن کے مرحلے پر)، تحقیق کرنے کے دوران، اور رابطے کے تمام مراحل کے دوران (مثلاً کانفرنس پریذنٹیشن میں) ممکنہ دوہرے استعمال کے خطرات کی نشاندہی، ان کا جائزہ لینے اور ان میں کمی لانے کے لیے ایک راستہ ہو سکتے ہیں (سیکشن 4.3.3)۔

- RECs کا جائزہ انسانوں یا جانوروں پر تجربات سے متعلق تحقیقات کی تجویز دیتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ تحقیقات عالمی اور قومی سطح پر تسلیم کیے جانے والے اخلاقی رہنما اصول پر پورا اترتی ہیں۔ وہ ایک بار جب تحقیقات شروع ہو جائیں، ان کی نگرانی کرتے ہیں اور جہاں

مناسب ہو تحقیق کے مکمل ہونے کے بعد نگرانی اور فالو اپ کاروائی میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ ایک REC کا جائزہ، انسانوں اور غیر انسان جانوروں پر مشتمل تحقیق کو کنٹرول کرنے والے عالمی اخلاقی معیار اور اس کے ساتھ ساتھ کئی دائرہ اختیار میں مقامی قانون کے تحت ضروری ہوتا ہے۔

- انسانی شرکاء پر مشتمل تحقیق کا جائزہ لیتے ہوئے RECs کی بنیادی ذمہ داریوں میں شرکاء کی حفاظت اور ایسی کمیونٹی جہاں یہ تحقیق کی جائے گی، کو درپیش ممکنہ خطرات اور فوائد پر غور کرنا شامل ہیں۔ اخلاقیات قواعد اور پالیسیوں کے ایک مخصوص سیٹ کی تجویز نہیں کرتے بلکہ یہ مسائل کی جانچ پڑتال اور مناسب طریقہ کار کا تعین کرنے کے لیے ایک فریم ورک مہیا کرتا ہے۔ بائیو ایتھکس میں، سب سے زیادہ عام طور پر نشاندہی شدہ اصولوں میں انفرادی آزادی (خود سے فیصلہ کرنے کی صلاحیت)؛ بھلائی (دوسروں کے ساتھ بھلائی کرنا)؛ غیر مضر (دوسروں کو نقصان پہنچانے سے بچنے کی ذمہ داری)؛ اور انصاف (منصفانہ طور پر فوائد اور بوجھ کی تقسیم کی قدر) شامل ہیں۔ یہ اصول تجزیوں کے لیے ایک عمومی فریم ورک مہیا کرتے ہیں، جس کا اطلاق کسی خاص اخلاقی مخمصے کے حقائق پر کسی حل تک پہنچنے کے لیے کیا جا سکتا ہے (153)۔ جیسا کہ سیکشن 2.2 میں بحث کی گئی ہے، دوہری استعمال کی تحقیق کو اکثر مشکوک کہا جاتا ہے۔ اس تناظر میں، اور ملکی سطح پر دستیاب ڈھانچے پر منحصر ہے، RECs دوہری استعمال کی صلاحیت کے ساتھ تحقیق کی نگرانی میں بھی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

نیچے دی گئی چیک لسٹیں قومی حکومتوں کے لیے کچھ بنیادی غور طلب امور کو بیان کرتی ہیں تاکہ پہلے سے موجود اقدامات اور ایسے اقدامات جو حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے اور دوہرے استعمال کی تحقیق کو کنٹرول کے لیے اٹھائے جا سکتے ہیں، ان کا جائزہ لیا جائے اور بحث کی جائے۔ چیک لسٹیں مکمل یا حتمی نہیں ہوتی بلکہ ان کو جہاں ضروری ہو اختیار کیا جا سکتا ہے۔

باکس 5۔ اسٹیک ہولڈر: قومی حکومتوں کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لحاظ سے قابل توجہ امور کی نشاندہی پر مبنی ہیں، مگر بائیو رسک (حیاتیاتی خطرات) سے نبٹنا، مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علاوہ ازیں، جیسا کہ چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں واضح کیا گیا ہے کہ مختلف اسٹیک ہولڈرز مضبوط اور موثر بائیو رسک مینجمنٹ کا انتظام کریں گے۔

مرحلہ 1: معلومات جمع کریں	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیقی صلاحیت کی نشاندہی اور اندازہ لگانے کے لیے قومی اقدامات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل پہلو شامل ہیں: • کیا آپ کے ملک میں بائیو سیفٹی، لیبارٹری بائیو سیکورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کی نگرانی سے متعلق قانون سازی، ضابطے یا رہنما ہدایات موجود ہیں؟ ○ کون سے ادارے قانون سازی، ضوابط یا رہنما ہدایات کی نگرانی اور نفاذ کرتے ہیں؟ ○ کیا آپ کے ملک کو آپ کے دائرہ اختیار کے تحت سہولیات کے مراکز میں کیے گئے کام کے خطرے کی جائزے یا خطرے اور فائدہ کے تجزیوں کی ضرورت ہے؟ ○ کیا آپ کے ملک میں لیبارٹریوں کو لائسنس دینے کا نظام موجود ہے؟ ○ کیا آپ کے ملک میں پیتھوجنز (مرض پیدا کرنے والے جراثیم) اور زہریلے مادوں کی انونٹری موجود ہے جو آپ کے دائرہ اختیار میں سہولیات کے مراکز کے اندر ذخیرہ کیے جاتے ہیں یا ان پر مزید کارروائی یا عمل کیا کیا جاتا ہے؟ ○ کیا آپ کے ملک کے پاس آپ کے دائرہ اختیار کے تحت سہولیات کے مراکز میں کی جانے والی دوہرے استعمال کی تحقیق کی انونٹری موجود ہے؟ ○ کیا آپ کے ملک میں سیمپلز کی نقل و حمل، اشتراک اور ذخیرہ کرنے سے متعلق قانون سازی، ضابطے یا رہنما ہدایات موجود ہیں؟ ○ کیا قانون سازی، ضوابط یا رہنما ہدایات تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز بشمول سرکاری اور نجی تحقیق اداروں، فنڈ فراہم کرنے والے حلقوں اور سائنسدانوں کا احاطہ کرتی ہیں؟	باکس 1 عالمی ادارہ صحت JEE ٹولز (P.6.1 and P.6.2) (138) عالمی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنڈا ایکشن پیکج 3 (18) عالمی ہیلتھ سیکیورٹی انڈیکس (146)

	○ کیا آپ کے ملک میں آپ کے دائرہ اختیار میں سہولتی مراکز پر حفاظتی اور سیکورٹی سے متعلق واقعات کے رد عمل میں منصوبے موجود ہیں اور کیا آپ کے ملک نے ان منصوبوں کا نفاذ علاقائی اور ذیلی سطح پر کیا ہے؟ ○ کیا آپ کے دائرہ اختیار کے تحت سہولیات کے مراکز میں آڈٹ کا کوئی نظام موجود ہے؟ • کیا آپ کے ملک میں برآمدی کنٹرول سے متعلق قانون سازی کی گئی ہے؟ • کیا آپ کے ملک میں تحقیق کے ذمہ دارانہ طرز عمل سے متعلق قانون سازی، ضابطے یا رہنما ہدایات موجود ہیں جو دوہرے استعمال کی تحقیق کی نگرانی سے متعلق ہوں؟ ○ کون سے ادارے قانون سازی، ضوابط یا رہنما ہدایات کی نگرانی اور نفاذ کرتے ہیں؟ ○ کیا قانون سازی، ضوابط یا رہنما ہدایات تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز بشمول سرکاری اور نجی تحقیقی اداروں، فنڈ فراہم کرنے والے حلقوں اور سائنسدانوں کا احاطہ کرتی ہیں؟ ○ کیا آپ کے دائرہ اختیار کے تحت سہولیات کے مراکز میں آڈٹ کرنے کا کوئی نظام موجود ہے؟ کیا آپ کا ملک حیاتیاتی خطرات کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے، تعلیم اور ٹریننگ کی سرگرمیوں، بشمول دوہرے استعمال کی تحقیق کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے ؟

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 2: اقدار، اصولوں اور اہداف کی نشاندہی کرنا
جدول 1، جدول 2 اور جدول 3	نتائج: اقدار، اصول، منسلک ذمہ داریوں اور اہداف کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • مثالی طور پر، بائیورسک مینجمنٹ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام اقدار اور اصولوں کا تحفظ کیا جائے۔ تاہم عملی طور پر چند صورتیں متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کا باعث بن سکتی ہیں، جن کی وجہ سے ایسے فیصلے کرنا پڑ سکتے ہیں جن میں چند اقدار اور اصولوں کو ترجیح دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے (مثلاً صحت، حفاظت اور سلامتی، اور کھلے پن، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کی اقدار کے درمیان تناؤ کی صورت میں)۔ مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان ممکنہ تناؤ کو حل کرنے کے لیے کوئی ایک طریقہ نہیں ہے۔ منتخب کردہ طریقہ کار میں مقامی حالات اور سیاق و سباق کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ مزید برآں، بائیورسک مینجمنٹ کے بارے میں فیصلے کھلے، شفاف، ایماندارانہ اور جوابدہی پر مبنی عمل کو استعمال کرتے ہوئے کیے جانے چاہئیں۔ اس طرح کے طریقہ کار سے قابل جوابدہی فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 3: اسٹیک ہولڈر کا تجزیہ
	نتائج: تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز جو حیاتیاتی خطرے سے نبٹنے کے عمل میں شامل ہیں اور ان سے متاثر ہوئے ہیں ان کی نشاندہی کی جاتی ہے اور اقدامات کو مربوط بنایا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور اور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • تمام اہم اسٹیک ہولڈرز ، ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی حیاتیاتی خطرات (مثلاً سائنسدانوں، تحقیقی اداروں، پیشہ ورانہ سائنسی انجمنوں، فنڈ فراہم کرنے والے حلقوں، پبلشرز، دیگر حکومتوں، عوام، نجی شعبے اور بین الاقوامی تنظیموں) کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کرنا۔ • حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں کلیدی اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمت عملی تیار کرنا۔ • تفصیل بیان کرنا کہ آپ ان افراد یا گروہوں (یعنی خطرے کی آگاہی کے پلان) کے ساتھ اپنی کارروائیوں کا ابلاغ اور اس سلسلے میں ربط کیسے قائم کریں گے۔

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 4: رسک مینجمنٹ: خطرات کو کم کرنا اور ممکنہ فوائد و ثمرات میں وسعت لانا
جدول 2 اور جدول 3 سیکشن 4	نتائج: معلومات کے حصول (مرحلہ 1) اور اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام کے سیٹ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے میں کمی لانے کی حکمت عملیاں نشاندہی شدہ خطرات سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ • خطرے میں کمی لانے کا عمل خطرات کو صفر تک کم نہیں کر سکتا جب تک کہ کام شروع نہ کیا جائے۔ • مختلف ٹولز اور نظام میں رسمی طریقہ، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں ہو سکتی ہیں (مثلاً قانون سازی بمقابلہ رہنما ہدایات اور معیارات)۔ • کچھ ٹولز اور نظام مخصوص اہداف کے لیے خاص ہو سکتے ہیں، جبکہ چند دوسرے ٹولز اور نظام بہ یک وقت ایک ساتھ کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • قومی اور مقامی سطحوں پر حفاظت، سلامتی اور دوہرے استعمال کی تحقیق سے سامنے آنے والے خطرات کو کم کرنے کے لیے کون سے اقدامات نافذ کیے گئے ہیں یا کن اقدامات کو مرتب کرنے کی ضرورت ہے (مرحلہ 1)؟ ممکنہ سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: ○ آپ کے دائرہ اختیار کے تحت سہولتی مراکز میں بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کی نگرانی کے لیے کون سے اقدامات کیے جاتے ہیں؟ ○ آپ کے دائرہ اختیار میں موجود تحقیقی سہولتی مراکز میں اور اہلکاروں کے لیے آپ کے دائرہ اختیار کے تحت خطرات کا اندازہ لگانے اور ان خطرات کو کم کرنے کے لیے کون سے وسائل اور صلاحیت سازی کی معاونت مخصوص کی گئی ہے؟ ○ حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے کے عمل میں بایو سیفٹی کمیٹیوں اور اخلاقیات کی جائزہ کمیٹیوں جیسے اداروں کا کیا کردار ہے؟ ○ تحقیقی اداروں اور اہلکاروں کو ان کے باقاعدہ فرائض کے حصے کے طور پر خطرات کا اندازہ لگانے اور ان کو کم کرنے کے لیے کیا تربیت فراہم کی جاتی ہے؟ ○ آپ کے دائرہ اختیار میں ایجنٹوں، ٹولز، معلومات اور نمونہ جات کو محفوظ اور بحفاظت انداز سے شیئر کرنے کے لیے کون سے نظام موجود ہے؟

- کیا لیبارٹری میں کام کرتے وقت یا فیلڈ میں پیتھوجینز اکٹھے کرنے کے دوران ممکنہ طور پر ان پیتھوجینز کی زد میں آنے کے سلسلے میں اہلکاروں کی نگرانی کے لیے کوئی سرویلنس سسٹم (نگرانی کا نظام) موجود ہے؟
- مختلف اسٹیک ہولڈرز کے درمیان واضح رابطے اور کمیونی کیشن کو کیسے فروغ دیا جا رہا ہے؟
- معلومات کے پھیلاؤ کو منظم کرنے، ممکنہ غلط اطلاع اور گمراہ کن معلومات کو روکنے اور ان پر ردعمل ظاہر کرنے کے لیے کون سے نظام کام کررہے ہیں؟

کیا آپ کے ملک نے ممکنہ غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر محفوظ تحقیق یا دیگر سرگرمیوں کی خفیہ رپورٹنگ اور تفتیش کے لیے منصفانہ طریق ہائے کار کا نفاذ کیا ہے؟ کیا یہ یہ طریق ہائے کار دونوں رپورٹنگ کے مذکورہ خدشات اور غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر محفوظ تحقیق یا دیگر سرگرمیوں میں ملوث ہیں ان کے لیے موزوں معاونت اور تحفظ فراہم کرتے ہیں؟

مرحلہ 5: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام پر عملدرآمد کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام کے مجموعے (مرحلہ 4) کا نفاذ، اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • ٹولز اور نظام کے مجموعے کی اطلاق پذیری پر غور کریں۔ • وسائل کا تحفظ کریں اور ایک حقیقت پسندانہ ٹائم فریم کی نشاندہی کریں۔ • کلیدی اسٹیک ہولڈرز سے معاونت حاصل کریں۔	

مرحلہ 6: کارکردگی اور مطابقت پذیری کی نظر ثانی	وسائل اور ٹولز
نتائج: طریقہ کار کا جائزہ لیا جاتا ہے (مرحلہ 1 تا مرحلہ 5) اور ضرورت کے مطابق اسے ڈھال لیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کی جانچ یا خطرے اور فائدے کے تجزیوں کی باقاعدگی سے از سرنو اپ ڈیٹ کی جانی چاہیے۔ • کام کے دوران خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔نئے اعداد و شمار یا غیر متوقع نتائج کا تقاضا یہ ہو سکتا ہے کہ خطرے کو کم کرنے کی تدابیر کو اپنایا جائے۔ • خطرے کو گھٹانے کی حکمت عملیوں کی اثرانگیزی کا اندازہ لگایا جانا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو اس کام میں شامل کیا جانا چاہیے اور ان کی رائے طلب کی جانی چاہیے۔	

5.3 دیگر اسٹیک ہولڈرز کے لیے اہم قابل توجہ امور

باکس 6۔ سائنسدانوں کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لحاظ سے قابل توجہ امور کی نشاندہی پر مبنی ہیں، مگر بائیو رسک (حیاتیاتی خطرات) سے نبٹنا مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علاوہ ازیں، جیسا کہ چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں واضح کیا گیا ہے مختلف اسٹیک ہولڈرز مضبوط اور موثر بائیو رسک مینجمنٹ مرتب کریں گے۔

مرحلہ 1: معلومات کا حصول	وسائل اور ٹولز
نتائج: کام شروع کرنے سے پہلے کام کے ممکنہ خطرات کی نشاندہی کی جاتی ہے اور ان کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ اگر قابل اطلاق ہو تو، کام شروع کرنے سے پہلے خطرے اور فائدے کے تجزیہ جات عمل میں لائے جاتے ہیں۔ کلیدی قابل توجہ اموراور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • مجوزہ کام انسانوں، جانوروں، پودوں، زراعت اور ماحولیات کو کن خطرات سے دوچار کر سکتا ہے؟ • مجوزہ کام کے ممکنہ فوائد کون سے ہیں؟ • کیا مجوزہ کام کے لیے خطرے کا اندازہ لگایا گیا یا خطرے اور فائدہ کا تجزیہ کیا گیا ہے؟ ○ مجوزہ کام کی اس جانچ کا کتنی بار دوبارہ جائزہ لیا جانا چاہیے؟ ○ کیا تحقیق کے فوائد خطرات سے زیادہ ہیں؟ کیا تحقیق ہونی چاہیے؟ ○ کیا مجوزہ کام سے حاصل ہونے والی معلومات، ڈیٹا اور تحقیقی طریقوں کا نقصان پہنچانے کے لیے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے؟ اس خطرے میں کمی لانے کے لیے کونسی تخفیفی حکمت عملیاں اختیار کی گئی ہیں؟ • کیا تجربے کو محفوظ یا حیاتیاتی تحفظ کے لیے کم خطرہ بنانے کے لیے ایک مختلف طریقہ کار، تجرباتی ڈیزائن یا مختلف جاندار جراثیم کا استعمال کیا جاسکتا ہے؟ • کیا حفاظتی اقدامات لیبارٹری کے عملے اور دوسرے لوگوں اور ماحول کو خطرات سے بچانے کے لیے کافی ہیں؟ • کیا مواد، معلومات، اہلکاروں اور ماحول کو غیر ضروری رسائی سے بچانے کے لیے حفاظتی اقدامات کافی ہیں؟ کیا مجوزہ کام برآمدی کنٹرولز کے دائرہ کار میں آتا ہے؟	باکس 1 WHO JEE tools (P.6.1 and P.6.2) (138)

- کیا مجوزہ کام محفوظ، سلامتی پر مبنی اور ذمہ دارانہ تحقیق کے لیے ادارہ جاتی رہنما ہدایات، یا قومی یا علاقائی قانون سازی، ضوابط یا رہنما ہدایات کی پیروی کرتا ہے؟

مرحلہ 2: اقدار، اصولوں اور اہداف کی نشاندہی کریں۔	وسائل اور ٹولز
نتائج: اقدار، اصول، منسلکہ ذمہ داریوں اور اہداف کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • مثالی طور پر، بائیورسک مینجمنٹ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام اقدار اور اصولوں کا تحفظ کیا جائے۔ تاہم عملی طور پر چند صورتیں متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کا باعث بن سکتی ہیں، جن کی وجہ سے ایسے فیصلے کرنا پڑ سکتے ہیں جن میں چند اقدار اور اصولوں کو ترجیح دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے (مثلاً صحت، حفاظت اور سلامتی، اور کھلے پن، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کی اقدار کے درمیان تناؤ کی صورت میں)۔ • مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان ممکنہ تناؤ کو حل کرنے کے لیے کوئی ایک طریقہ نہیں ہے۔ منتخب کردہ طریقہ کار میں مقامی حالات اور سیاق و سباق کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ مزید برآں، بائیورسک مینجمنٹ کے بارے میں فیصلے کھلے، شفاف، ایماندارانہ اور جوابدہی پر مبنی عمل کو استعمال کرتے ہوئے کیے جانے چاہئیں۔ اس طرح کے طریقہ کار سے قابل جوابدہی فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔	جدول 1، جدول 2 اور جدول 3

مرحلہ 3: اسٹیک ہولڈر کا تجزیہ	وسائل اور ٹولز
نتائج: تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز جو بائیو رسکس کی مینجمنٹ میں شامل ہیں اور ان سے متاثر ہوئے ہیں ان کی نشاندہی کی جاتی ہے اور کارروائیوں میں ربط پیدا کیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور اور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • تمام اہم اسٹیک ہولڈرز ، ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی حیاتیاتی خطرات (مثلاً سائنسدانوں، تحقیقی اداروں، پیشہ ورانہ سائنسی انجمنوں، فنڈ فراہم کرنے والے حلقوں، پبلشرز، دیگر حکومتوں، عوام، نجی شعبے اور بین الاقوامی تنظیموں) کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کرنا۔ • حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں کلیدی اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمت عملی تیار کرنا۔ • تفصیل بیان کرنا کہ آپ ان عاملین یا گروہوں (یعنی خطرے کی آگاہی کے پلان) کے ساتھ اپنی کارروائیوں کا ابلاغ اور اس سلسلے میں ربط کیسے قائم کریں گے۔	

مرحلہ 4: رسک مینجمنٹ: خطرات کو کم کریں اور ممکنہ فوائد و ثمرات میں وسعت لائیں	وسائل اور ٹولز
نتائج: معلومات کے حصول (مرحلہ 1) اور اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام کے سیٹ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ **کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں:** • خطرے میں کمی لانے کی حکمت عملیاں نشاندہی شدہ خطرات سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ • خطرے میں کمی لانے کا عمل خطرات کو صفر تک کم نہیں کر سکتا جب تک کہ کام یا تحقیق شروع نہ کی جائے۔ • کیا نشاندہی کردہ خطرات کو دور کرنے کے لیے وسائل موجود ہیں۔ • مختلف ٹولز اور نظام میں رسمی طریقہ، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں ہو سکتی ہیں (مثلاً قانون سازی بمقابلہ رہنما ہدایات اور معیارات)۔ • کچھ ٹولز اور نظام مخصوص اہداف کے لیے خاص ہو سکتے ہیں، جبکہ چند دوسرے ٹولز اور میکانزم بہ یک وقت ایک ساتھ کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • معلومات کے پھیلاؤ کو منظم کرنے، ممکنہ غلط اطلاع اور گمراہ کن معلومات کو روکنے اور ان پر ردعمل ظاہر کرنے کے لیے کون سے نظام کام کر رہے ہیں؟	جدول 2 اور جدول 3 سیکشن 4

مرحلہ 5: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام کا نفاذ کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام کے مجموعے (مرحلہ 4) کا نفاذ، اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • ٹولز اور نظام کے مجموعے کی اطلاق پذیری پر غور کریں۔ • وسائل کا تحفظ کریں اور ایک حقیقت پسندانہ ٹائم فریم کی نشاندہی کریں۔ • کلیدی اسٹیک ہولڈرز سے معاونت حاصل کریں۔	

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 6: کارکردگی اور مطابقت پذیری کی نظرثانی
	نتائج: طریقہ کار کا جائزہ لیا جاتا ہے (مرحلہ 1 تا مرحلہ 5) اور ضرورت کے مطابق اسے ڈھال لیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کی جانچ یا خطرے اور فائدے کے تجزیوں کی باقاعدگی سے ازسرنواپ ڈیٹ کی جانی چاہیے۔ • کام کے دوران خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔نئے اعداد و شمار یا غیر متوقع نتائج کا تقاضا یہ ہوسکتا ہے کہ خطرے کو کم کرنے کی تدابیر کو اپنایا جائے۔ • خطرے کو گھٹانے کی حکمت عملیوں کی اثرانگیزی کا اندازہ لگایا جانا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو اس کام میں شامل کیا جانا چاہیے اور ان کی رائے طلب کی جانی چاہیے۔

باکس 7۔ تحقیقی اداروں کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لحاظ سے قابل توجہ امور کی نشاندہی پر مبنی ہیں، مگر بائیو رسک (حیاتیاتی خطرات) سے نبٹنا مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علاوہ ازیں، جیسا کہ چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں واضح کیا گیا ہے مختلف اسٹیک ہولڈرز مضبوط اور موثر بائیو رسک مینجمنٹ مرتب کریں گے۔

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 1: معلومات کا حصول
باکس 1 WHO JEE tools (P.6.1 and P.6.2) (138)	نتائج: حیاتیاتی خطرات اور دوہری استعمال کی تحقیقی صلاحیت کا اندازہ لگانے کے لیے ادارہ جاتی اقدامات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ زیر غور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • آپ کے ادارے میں شروع کیے جانے والے مجوزہ کام کے کیا مقاصد ہیں؟ • مجوزہ کام انسانوں، جانوروں، پودوں ، زراعت اور ماحولیات کو کن خطرات سے دوچار کر سکتا ہے؟ • آپ کے ادارے میں شروع کیے جانے والے مجوزہ کام کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟ • کیا آپ کے ادارے میں مجوزہ کام کے لیے خطرے کا اندازہ یا خطرے اور فائدہ کا تجزیہ کیا گیا ہے؟ ○ کیا ادارہ سائنس دانوں کی طرف سے خطرے کے اندازہ یا خطرے اور فائدہ کے تجزیے سے متفق ہے؟ ○ کیا ادارہ اس دورانیے سے اتفاق کرتا ہے جو سائنسدانوں نے خطرے کا دوبارہ اندازہ لگانے یا خطرے اور فوائد کے دوبارہ جائزے کے لیے مقرر کیا ہے؟ ○ کیا تحقیق کے فوائد خطرات سے زیادہ ہیں؟ کیا تحقیق کا انعقاد کیا جانا چاہیے؟ ○ کیا مجوزہ کام سے حاصل ہونے والی معلومات، ڈیٹا اور تحقیقی طریقوں کا نقصان پہنچانے کے لیے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے؟ اس خطرے میں کمی لانے کے لیے کونسی تخفیفی حکمت عملیاں اختیار کی گئی ہیں؟ • کیا اہلکار اور ادارہ مجوزہ کام کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں؟ • اس بات کا تعین کرنے کا کوئی طریقہ کار موجود ہے کہ کون سے اہلکار مجوزہ کام کرنے اور اس تک رسائی حاصل کرنے کے مجاز ہیں؟ • کیا حساس معلومات تک رسائی مناسب پالیسیوں اور ضابطہ کار کے ذریعے کنٹرول کی جاتی ہے؟ • کیا حفاظتی اقدامات لیبارٹری کے عملے اور دوسرے لوگوں اور ماحول کو خطرات سے بچانے کے لیے کافی ہیں؟ • کیا مواد، معلومات، اہلکاروں اور ماحول کو غیر ضروری رسائی سے بچانے کے لیے حفاظتی اقدامات کافی ہیں؟ • کیا ایک مختلف طریقہ کار، تجرباتی ڈیزائن یا عضویہ کو استعمال کیا جا سکتا ہے تا کہ تجربے کو محفوظ یا حیاتیاتی تحفظ کا کم خطرہ ہو؟ • کیا مجوزہ کام محفوظ، محفوظ اور ذمہ دارانہ تحقیق کے لیے ادارہ جاتی، قومی یا علاقائی قانون سازی، ضوابط یا رہنما اصولوں کے مطابق ہے؟

- کیا مجوزہ کام برآمدی کنٹرول کے دائرہ کار میں آتا ہے؟
- کیا ادارہ حفاظتی اور سیکورٹی کے خطرات کے جائزے کے لیے اور خطرے کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لیے اہلکاروں کو مناسب تعلیم، تربیتی وسائل، مراعات اور مہارت فراہم کرتا ہے؟

مرحلہ 2: اقدار، اصولوں اور اہداف کی نشاندہی کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: اقدار، اصولوں، اور متعلقہ ذمہ داریوں اور اہداف کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی، قابل توجہ امور درج ذیل ہیں: • مثال کے طور پر بائیو رسک مینیجمنٹ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام اقدار اور اصولوں کا تحفظ کیا جائے۔ تاہم عملی طور پر چند صورتیں متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کا باعث بن سکتی ہیں۔ جن کی وجہ سے ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے جن میں چند اقدار اور اصولوں کو ترجیح دینے کی ضرورت ہو گی۔ (مثلاً صحت، حفاظت اور سلامتی اور کھلے پن، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کی اقدار کے درمیان تناؤ۔ • مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان ممکنہ تناؤ کو دور کرنے کے لیے کوئی ایک طریقہ نہیں۔ منتخب کردہ طریقہ کار میں مقامی حالات اور سیاق وسباق کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ مزید براں، بائیو رسک مینیجمنٹ کے بارے میں فیصلے، کھلے، شفاف، ایماندارانہ اور قابل جوابدہی عمل کو استعمال کرتے ہوئے کئے جانے چاہئیں۔ اس طرح کے طریقہ کار سے قابل جوابدہی فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔	جدول 1 اور جدول 2 جدول 3

مرحلہ 3: اسٹیک ہولڈرز کا جائزہ:	وسائل اور ٹولز
نتائج: تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز جو حیاتیاتی خطرے کے دور کرنے کے عمل میں شامل ہیں اور اس عمل سے متاثر ہیں ان کی نشاندہی کی جاتی ہے اور کارروائیوں میں ربط پیدا کیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور اور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان خطرات کو دور کرنے (مثلاً سائنسدانوں، دیگر تحقیقی، اداروں، پیشہ ورانہ، سائنسی انجمنوں، فنڈ فراہم کرنے والے حلقوں، پبلشرز، حکومت، عوام، نجی شعبے اور بین الاقوامی تنظیموں) کے عمل میں تمام اہم سٹیک ہولڈرز، ان کے کے کردار اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کرنا۔ • حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان خطرات کو کم کرنے کے عمل میں اہل اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمت عمل مرتب کریں۔ • تفصیل بتائیں کہ آپ ان افراد یا گروہوں (یعنی خطرے کی آگاہی کے منصوبے) کے ساتھ اپنی کارروائیوں کے بارے میں کیسے آگاہ کریں گے۔ اور ربط قائم کریں گے۔	

مرحلہ 4: رِسک منیجمنٹ، خطرات میں کمی لانا اور ممکنہ فوائد میں وسعت لانا	وسائل اور ٹولز
نتائج: معلومات کے حصول (مرحلہ نمبر 1) اور اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام کے سیٹ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کو گھٹانے کی حکمت عملیاں، نشاندہی شدہ خطرات سے ہم آہنگ ہونی چاہئیں۔ • خطرے کو گھٹانے کا عمل خطرات کو صفر تک کم نہیں کر سکتا جب تک کہ کام شروع نہ کیا جائے۔ • کیا نشاندہی شدہ خطرات کو دور کرنے کے لیے وسائل موجود ہیں؟ • خطرات کو کم کرنے کے لیے اہلکاروں کو ان کے باقاعدہ فرائض کے حصے کے طور پر کیا ٹریننگ فراہم کی جاتی ہے۔ • مختلف ٹولز اور نظام میں رسمی طریقہ، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں (مثلاً قانون سازی بمقابلہ رہنما ہدایات اور معیارات) ہو سکتی ہیں۔ • چند ٹولز اور نظام مخصوص اہداف کے لیے خاص ہو سکتے ہیں جبکہ چند دوسرے ٹولز اور نظام بہ یک وقت کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • کیا آپ کے ادارے نے حفاظت، سیکیورٹی اور دہرے استعمال کی تحقیق سے سامنے آنے والے خطرات کو کم کرنے کے لیے نظام اور ٹولز کا نفاذ کیا ہے؟ • کیا آپ کے ادارے میں بائیو سیفٹی افسر موجود ہے یا کیا ادارے نے ادارہ جاتی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکورٹی کمیٹی تشکیل دی ہے جو مجوزہ کام کی نگرانی کرے؟ • کیا آپ کا ادارہ اہلکاروں کو بائیو رسک منیجمنٹ سے متعلق تعلیم اور ٹریننگ فراہم کرتا ہے؟ • واقعات، حادثات اور خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے کے لیے کونسے نظام نافذ العمل ہیں؟ • کیا لیبارٹری میں کام کرتے وقت یا فیلڈ میں پیتھوجنز اکٹھے کرنے کے دوران ممکنہ طور پر پیتھوجنز کی ذد میں آنے کے سلسلے میں اہلکاروں کی نگرانی کے لیے کوئی سرویلنس سسٹم موجود ہے؟ • کیا آپ کے ادارے نے حساس معلومات (مثلاً مریض کے بارے میں معلومات، گاہکوں کا خفیہ ڈیٹا اور دہرے استعمال کی حامل ممکنہ معلومات) تک رسائی کو باقاعدہ بنانے کے لیے موزوں پالیسیاں اور ضابطہ جات کا نفاذ کیا ہے؟ • کیا آپ کے ادارے نے ممکنہ غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر محفوظ تحقیق یا دیگر سرگرمیوں کی خفیہ رپورٹنگ اور تفتیش کے ضمن میں غیر جانبدار ضابطہ جات کا نفاذ کیا ہے؟ کیا یہ ضابطہ جات ان دونوں کے لیے جو تشویشی پہلوؤں کی رپورٹنگ کرتے ہیں اور وہ لوگ جو مبینہ طور پر غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر محفوظ تحقیق یا دیگر سرگرمیوں میں ملوث ہیں موزوں معاونت اور تحفظ فراہم کرتے ہیں؟ • آپ کے ادارے اور تعاون کرنے والے دیگر اداروں کے مابین ایجنٹوں، ٹولز، معلومات اور خاندانوں کی بحفاظت ترتیب و نسق کے لیے کون سے نظام نافذ العمل ہیں؟ کیا آپ کے ادارے میں آڈٹ کرنے کا نظام موجود	جدول 2 اور جدول 3 سیکشن 4

ہے؟

- آپ کے ادارے اور قومی سطح پر معلومات کے نشر کرنے کے عمل کو منظم کرنے، ممکنہ غلط معلومات اور گمراہ کن خبر پر ردعمل کے اظہار کے لیے کون سے نظام کام کر رہے ہیں؟

مرحلہ 5: نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام کا نفاذ	وسائل اور ٹولز
نتائج: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام کے مجموعے (مرحلہ 4) کا نفاذ، اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور درج ذیل ہیں: • ٹولز اور نظام کے مجموعے کی اطلاق پذیری کو مدنظر رکھیں۔ • وسائل کا تحفظ کریں اور ایک حقیقت پسندانہ ٹائم فریم کی نشاندہی کریں۔ • کلیدی اسٹیک ہولڈرز سے معاونت حاصل کریں۔	

مرحلہ 6: کارکردگی اور مطابقت پذیری کا جائزہ	وسائل اور ٹولز
نتائج: طریقہ کار کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ (مرحلہ 1 تا 5) اور ضرورت کے مطابق اسے ڈھالا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کا اندازہ یا خطرے اور فائدے کے جائزوں کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جائے۔ • کام کے دوران خطرے کو کم کرنے کی حکمتِ عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ نئے ڈیٹا یا غیر متوقع نتائج کا تقاضایہ ہو سکتا ہے کہ خطرے کلو کم کرنے کی تدابیر کو اپنایا جائے۔ • خطرے کو گھٹانے کی حکمتِ عملیوں کی اثر انگیزی کا اندازہ لگایا جانا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو اس عمل میں شامل کیا جانا چاہیے اور ان کی رائے طلب کی جانی چاہیے۔	

باکس 8: فنڈ فراہم کرنے والے اداروں کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگر چہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے لحاظ سے قابل توجہ امور کی نشاندہی پر مبنی ہے مگر بائیو رسک (حیاتیاتی خطرے) سے نبٹنا مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ علاوہ ازیں جیسا کہ چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں واضح کیا گیا ہے مختلف اسٹیک ہولڈرز مضبوط اور مؤثر بائیو رسک منیجمنٹ مرتب کریں گے۔

مرحلہ 1: معلومات کا حصول	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیقی صلاحیت کا اندازہ لگانے کے اقدامات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • مجوزہ کام کے مقاصد کیا ہیں؟ • مجوزہ کام انسانوں سے جانوروں، پودوں، زراعت اور ماحولیات کو کن خطرات سے دوچار کر سکتا ہے؟ • مجوزہ کام کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟ • فنڈ دینے والے ادارے کے طور پر کیا فنڈنگ کی درخواست میں یہ تقاضا شامل ہے کہ ممکنہ بائیو رسکس کے لیے مجوزہ کام کیا جائزہ لیا جائے اور زندگی کو لاحق خطرے میں کمی لانے والے ذرائع پر غور کیا جائے۔ • فنڈ دینے والے ادارے کے طور پر کیا آپ کے پاس مجوزہ کام کے تحفظ، سیکورٹی رسک اور ممکنہ غلط استعمال کا اندازہ لگانے کے لیے جائزہ لینے کا طریقہ کار موجود ہے؟ • کیا مجوزہ کام کے سلسلے میں خطرے کا اندازہ یا خطرے اور فائدے کا تجزیہ عمل میں لایا گیا ہے اگر ایسا ہے تو ○ کیا فنڈ فراہم کرنے والا ادارہ سائنسدانوں کی طرف سے خطرے کے اندازے یا خطرے اور فائدے کے جائزے سے اتفاق رکھتا ہے؟ ○ کیا فنڈ فراہم کرنے والا ادارہ اس دورانیے سے اتفاق رکھتا ہے جو سائنسدانوں یا اداروں نے خطرے کے اندازے یا خطرے اور فائدے کے از سر نو تجزیے کے ضمن میں مقرر کیا ہے؟ ○ کیا تحقیق کے فائدے خطرات سے زیادہ ہیں؟ کیا تحقیق کی جانی چاہیے؟ • تجربے کو زیادہ محفوظ بنانے یا اسے کم بائیو سیکورٹی رسک بنانے کے لیے کوئی مختلف طریقہ، تجرباتی ڈیزائن یا جراثیم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ • فنڈز فراہم کرنے والے ادارے کے طور پر کیا آپ کا تقاضا ہو سکتا ہے؟ ہو سکتا ہے کہ مجوزہ کام کے پورے دوری نظام کے دوران حیاتیاتی رسک کی تخفیف کی خاص حکمتِ عملیوں کا نفاذ کیا جائے؟ ○ مجوزہ کام کے دوران سیفٹی، سیکورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے خطرات میں کمی لانے کے لیے کون سے اقدامات نافذ العمل ہیں؟ کیا نقصان پہنچانے کے لیے معلومات، ڈیٹا اور تحقیقی طریقے جو اس کام کے نتیجے میں تشکیل پاتے ہیں ان کا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے؟ اس خطرے کو کم کرنے کے لیے کونسی تخفیفی حکمتِ عملیوں کا	باکس 1

نفاذ کیا گیا ہے؟

- مجوزہ کام کے سلسلے میں آڈٹ کے لیے کوئی نظام موجود ہے؟
- فنڈ فراہم کرنے والے ادارے کے طور پر، کیا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کوئی نظام موجود ہے کہ جو محققین ان معلومات وغیرہ کے ممکنہ خدشات کی وجہ سے نتائج شائع نہ کرنے کا فیصلہ کریں انھیں کیریئر آگے بڑھانے یا فنڈنگ کے نتائج کے حوالے سے نقصان نہ ہو اور انھیں ذمہ دارانہ سائنسی عمل کا مظاہرہ کرنے پر انعام دیا جاتا ہے؟
- فنڈ فراہم کرنے والے کی حیثیت سے کیا آپ سے تقاضا کیا جاسکتا ہے کہ حیاتیاتی خطرات کی کمی کی حکمت عملیوں پر تعلیم و تربیت فراہم کی جانی چاہیے؟
- فنڈ فراہم کرنے والے کی حیثیت سے کیا آپ نے اپنے ملک یا جہاں آپ کام کر رہے ہیں، وہاں کسی بیرونی کنٹرول کی نشاندہی کی ہے؟

مرحلہ2:اقدار،اصولوں اور اہداف کی نشاندہی	وسائل اور ٹولز
نتائج:اصول، متعلقہ ذمہ داریوں اور اہداف کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی، قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • مثالی طور پر بائیورسک منیجمنٹ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام اقدار اور اصولوں کا تحفظ کیا جائے۔ تاہم عملی طور پر چند صورتیں متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کا باعث بن سکتی ہیں جن کی وجہ سے ایسے فیصلے کرنے پڑسکتے ہیں جن میں چند اقدار اور قاصولوں کو ترجیح دینے کی ضرورت ہوگی (مثلاً صحت، حفاظت اور سیکورٹی اور کھلے پن، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کی اقدار کے درمیان تناؤ) • مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان ممکنہ تناؤ کو دور کرنے کے لیے کوئی ایک طریقہ موجود نہیں۔ منتخب کردہ طریقہ کار میں مقامی حالات اور سیاق وسباق کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ مزید برآں، بائیورسک منیجمنٹ کے بارے میں فیصلے کھلے، شفاف اور ایماندارانہ اور جوابدہی پر مبنی عمل کو استعمال کرتے ہوئے کئے جانے چاہئیں۔ اس طرح کے طریقہ کار سے قابل جوابدہی فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔	جدول1، جدول2 اور جدول3

مرحلہ 3:اسٹیک ہولڈرز تجزیہ	وسائل اور ٹولز
نتائج:عام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز جو حیاتیاتی رسک سے نبٹنے کے عمل میں شامل ہیں اور ان سے متاثر ہوئے ہیں ان کی نشاندہی کی جاتی ہے اور کارروائیوں میں ربط پیدا کیا جاتا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور اور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں: • تمام اہم اسٹیک ہولڈرز ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں (مثلاً سائنسدانوں، تحقیقی اداروں، پیشہ ورانہ سائنسی انجمنوں، فنڈ فراہم کرنے والے اداروں، پبلشرز، دیگر حکومتوں، عوام، نجی شعبے اور بین الاقوامی تنظیموں) کی نشاندہی کرنا۔ • حیاتیاتی خطرات کی تشکیل، نشاندہی اور ان سے نبٹنے کے عمل میں کلیدی اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمتِ عملی مرتب کرنا۔ • تفصیل بیان کریں کہ آپ ان عاملین یا گروہوں (خطرے کی آگاہی کے پلان) کے ساتھ اپنی کارروائیوں کا ابلاغ اور اس سلسلے میں ربط کیسے قائم کریں گے؟	

مرحلہ 4: رسک منیجمنٹ، خطرات کو کم کرنا اور ممکنہ فوائد میں وسعت لانا	وسائل اور ٹولز
نتائج: معلومات کی وصولی، (مرحلہ 1) اور اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام کے مجموعے کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کو گھٹانے کی حکمتِ عملیاں نشاندہی شدہ خطرات سے ہم آہنگ کی جانی چاہئیں۔ • خطرے کو گھٹانے کا عمل خطرات کو صفر تک کم نہیں کر سکتا جب تک کہ کام شروع نہ کیا جائے۔ • مختلف ٹولز اور نظام میں رسمی طریقہ، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں ہو سکتی ہیں (مثلاً قانون سازی، بمقابلہ رہنما ہدایات اور معیارات) • چند ٹولز اور نظام مخصوص اہداف کے لیے خاص ہو سکتے ہیں جبکہ چند دوسرے ٹولز اور نظام بہ یک وقت کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • عطیہ دہندگان کو حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے اور اندازہ لگانے بشمول دہرے استعمال کی تحقیق سے متعلق ان کی ٹریننگ، صلاحیت سازی اور تعلیمی سرگرمیوں کے لیے کون سے وسائل فراہم کئے جاتے ہیں؟ • آپ کے ادارے میں اور قومی سطح پر معلومات کی ترسیل کو منظم کرنے، ممکنہ غلط معلومات اور گمراہ کن خبروں کو روکنے اور ان پر ردعمل ظاہر کرنے کے لیے کون سے نظام موجود ہیں؟	جدول 2، جدول 3 سیکشن 4

مرحلہ 5: نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام کا نفاذ	وسائل اور ٹولز
نتائج: نشاندہی شدہ ٹولز اور نظام کے مجموعے (مرحلہ 4) کا نفاذ، اقدار، اصولوں اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ کلیدی قابل توجہ امور میں درج ذیل شامل ہیں: • ٹولز اور نظام کے مجموعے کی اطلاق پذیری پر غور کریں۔ • وسائل کا تحفظ کریں اور ایک حقیقت پسندانہ ٹائم فریم کی نشاندہی کریں۔ • کلیدی اسٹیک ہولڈرز سے معاونت حاصل کریں۔	

مرحلہ 6:کارکردگی اور مطابقت پذیری کا جائزہ لیں	وسائل اور ٹولز
نتائج:طریقہ کار کا جائزہ لیا جاتا ہے۔(مرحلہ 1 تا مرحلہ 5)اور ضرورت کے مطابق اسے ڈھالا جاتا ہے۔ کلیدی قابل امور توجہ میں درج ذیل شامل ہیں: • خطرے کی جانچ یا خطرے اور فائدے کے جائزوں کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ • کام کے دوران خطرے کو کم کرنے کی حکمتِ عملیوں کو باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔نئے ڈیٹا یا غیر متوقع نتائج کا یہ تقاضا ہو سکتا ہے کہ خطرے کو کم کرنے کی تدابیر پر عمل کیا جائے۔ • خطرے کو گھٹانے کی حکمتِ عملیوں کی اثر انگیزی کا اندازہ لگایا جانا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو سارے عمل میں شامل کیا جانا چاہیے اور ان کی رائے طلب کی جانی چاہیے۔	

باکس 9: پبلشرز اور ایڈیٹر کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ہدف بنانے والے قابل غور امور کی مثالوں کی نشاندہی کرتی ہیں جبکہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام وانصرام مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مختلف اسٹیک ہولڈرز مل کر مضبوط اور مؤثر حیاتیاتی خطرات کا انتظام وانصرام کریں گے جیسا کہ اس چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں زور دیا گیا ہے۔

مرحلہ 1: معلومات جمع کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیق کا جائزہ لینے کے لیے اقدامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • اس کام کے بنیادی مقاصد کیا تھے؟ • اس کام کے لیے فنڈنگ / امداد کون کر رہا ہے؟ • مجوزہ کام سے انسانوں، غیر انسانی جانوروں، پودوں اور زراعت اور ماحول کو کیا خطرات ہو سکتے ہیں؟ • کام کے ممکنہ فوائد اور خطرات کیا ہیں؟ • ایک پبلشر یا ایڈیٹر کی حیثیت سے کیا آپ کام کے دوران کیے گئے خطرے کے جائزے یا فائدے کے تجزیے سے اتفاق کرتے ہیں؟ • کیا تحقیق شائع کرنے کے فوائد خطرات سے زیادہ ہیں؟ • مجوزہ کام کے حفاظت، تحفظ اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے خطرات کم کرنے کے لیے کن اقدامات پر عملدرآمد کیا گیا؟ • کیا نشاندہی کردہ خطرات کم یا ختم کرنے کے لیے کی کے یہ اقدامات مناسب تھے؟ • کیا ایسی حکومتی ایجنسیاں موجود ہیں جنھیں ایسی صورت حال میں مطلع کرنے کی ضرورت ہے جب آپ نے حفاظت، تحفظ اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے خطرات کی نشاندہی کی ہو جن کا شائع کیے جانے والے کام کے عرصے میں تصفیہ نہ کیا گیا ہو۔ • ایک پبلشر یا ایڈیٹر کی حیثیت سے آپ کے جریدے میں کون سی پالیسی، جائزے کے طریقہ کار اور مہارتیں شامل ہیں تاکہ ایسے مسودوں کی نشاندہی کی جاسکے جن میں ڈیٹا، طریقے اور معلومات شامل ہوتی ہے جن کا نقصان پہنچانے کے لیے دوسروں کی جانب سے ممکنہ طور پر غلط استعمال کیا جاسکتا ہے۔ • آپ کا جریدہ خطرات کم کرنے کے لیے کیا اقدامات کر سکتا ہے؟ • ایک پبلشر یا ایڈیٹر کی حیثیت سے کیا اس امر کو یقینی بنانے کا کوئی نظام موجود ہے کہ وہ محققین جو غلط استعمال کے امکان کے خدشات کے باعث نتائج شائع نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں کو پیشے کی ترقی میں نقصان نہیں ہوگا اور انھیں ذمہ دارانہ سائنسی کام شائع کرنے کا صلہ دیا جائے گا۔	باکس 1

مرحلہ 2: اقدار، اصول اور اہداف کی نشاندہی کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: اقدار، اصول، عہد و عزم اور اہداف کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں • مثالی طور پر حیاتیاتی خطرات کا انتظام و انصرام اس امر کو یقینی بنائے گا کہ تمام اقدار اور ااصول محفوظ ہیں۔ تاہم عملی طور پر کچھ حالات متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کی وجہ بن سکتے ہیں جو کچھ اقدار اور اصولوں کو ترجیح دینے کے فیصلوں کا باعث بن سکتا ہے (مثلاً صحت، حفاظت اور تحفظ کی اقدار اور صاف دلی، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کے درمیان تناؤ)۔ • مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ ختم کرنے کا کوئی واحد طریقہ کار نہیں ہے۔ منتخب شدہ طریقہ کار کو مقامی حالات اور تناظر پر غور کرنے کی ضرورت ہو گی۔ مزید بر آں، حیاتیاتی خطرات سے متعلق فیصلے آزادانہ، شفاف، ایماندار اور جوابدہ طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے کرنے چاہییں۔ ایسے طریقہ کار جوابدہ فیصلے کرنے میں مدد کریں گے۔	جدول 1، جدول 2 اور جدول 3

مرحلہ 3: اسٹیک ہولڈرز کا تجزیہ	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام میں شامل اور اس سے متاثر ہونے والے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی نشاندہی کی گئی ہے اور اقدامات مربوط کیے گئے ہیں۔ بنیادی قابل غور امور اور سوالات میں درج ذیل شامل ہیں۔ • تمام بنیادی اسٹیک ہولڈرز اور حیاتیاتی خطرات مرتب کرنے، نشاندہی کرنے اور ان کا انتظام و انصرام کرنے کے لیے ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کریں۔ (مثلاً سائنسدان، تحقیقی ادارے، پیشہ ورانہ سائنسی ایسوسی ایشنز، فنڈنگ کے ادارے، دیگر پبلشرز، حکومتیں، عوام، نجی شعبہ اور بین الاقوامی تنظیمیں)۔ • حیاتیاتی خطرات مرتب کرنے، نشاندہی اور انتظام و انصرام کرنے کی خاطر بنیادی اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمت عملی تشکیل دیں۔ • بیان کریں کہ آپ ان کرداروں اور گروپس کے ساتھ بات چیت کرنے اور اپنے اقدامات مربوط کرنے کا منصوبہ کس طرح تشکیل دیتے ہیں (مثلاً رسک کمیونی کیشن پلان)۔	

مرحلہ 4: خطرے کا انتظام وانصرام: خطرات میں کمی کرنا اور ممکنہ فوائد میں اضافہ کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: معلومات کی جمع آوری (مرحلہ 1) اور اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام ہائے کار کے ایک مجموعے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • خطرات میں کمی کی حکمت عملیوں کو نشاندہی کردہ خطرات کے مطابق بنانے کی ضرورت ہے۔ • خطرات میں کمی کی حکمت عملیاں اس وقت تک خطرات مکمل طور پر ختم نہیں کر سکتیں جب تک کام شروع نہ کیا جائے ۔ • مختلف ٹولز اور نظام ہائے کار میں ضوابط، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں ہو سکتی ہیں (مثلاً قانون سازی بمقابلہ رہنما اصول اور اقدار)۔ • کچھ ٹولز اور نظام ہائے کار خاص اہداف سے مخصوص ہو سکتے ہیں جبکہ دوسرے ایک ہی وقت میں کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • آپ کے جرنل کے ایڈیٹرز اور مسودے کے جائزے کے لیے کون سے وسائل، تربیت اور صلاحیت سازی فراہم کی گئی ہے تاکہ حیاتیاتی خطرات کے ساتھ ساتھ دوہرے استعمال کی تحقیق کے لیے مسودوں کی نشاندہی کی جا سکے۔ • آپ کے جرنل میں خطرات اور فائدے کے جامع تجزیے کے بعد کون سی اشاعتی حکمت عملی (مثلاً مکمل اشاعت، تاخیر سے اشاعت یا رائے کی دستاویزات کے ساتھ اشاعت) موجود ہے؟ • آپ کے ادارے اور قومی سطح پر معلومات کی ترسیل کا انتظام کرنے، ممکنہ غلط معلومات اور غلط معلومات کو روکنے اور ان پر ردعمل ظاہر کرنے کے لیے کون سے نظام موجود ہیں؟	جدول 2، جدول 3 سیکشن 4

مرحلہ 5: نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام ہائے کار پر عملدرآمد کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام ہائے کار (مرحلہ 4) کے مجموعے پر عملدرآمد کیا گیا ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں: • ٹولز اور نظام ہائے کار کے مجموعے کی فزیبلٹی پر غور کریں۔ • وسائل کی حفاظت کریں اور ایک حقیقی معین مدت کی نشاندہی کریں۔ • بنیادی اسٹیک ہولڈرز سے مدد حاصل کریں۔	

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 6: کارکردگی اور مطابقت کا جائزہ لینا
	نتائج: طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا ہے (مرحلہ 1۔ مرحلہ 5) اور اسے ضرورت کے مطابق بنایا گیا ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • خطرے کے جائزے یا خطرے اور فائدے کے تجزیوں کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ • کام کے دوران خطرے میں کمی کی حکمت عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ نئے ڈیٹا اور غیر متوقع نتائج کے لیے خطرے میں کمی کی حکمت عملیوں کو ضرورت کے مطابق بنانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ • کمی کی حکمت عملیوں کی اثر پذیری کا جائزہ لینا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو مشغول کرنا چاہیے اور ان کی فیڈ بیک لینی چاہیے۔

باکس 10: سول سوسائٹی کے نیٹ ورکس اور عوام کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ہدف بنانے والے قابل غور امور کی مثالوں کی نشاندہی کرتی ہیں جبکہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام وانصرام مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مختلف اسٹیک ہولڈرز مل کر مضبوط اور مؤثر حیاتیاتی انتظام وانصرام کریں گے جیسا کہ چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں زور دیا گیا ہے۔

مرحلہ 1: معلومات جمع کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی خطرات اور دوہرے استعمال کی تحقیقی امکان کی نشاندہی کرنے اور جائزہ لینے کے لیے اقدامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل معلومات شامل ہیں۔ • کیا کام اور ممکنہ اثرات سے متعلق عوامی طور پر دستیاب معلومات ہیں؟ • اس کام کے مقاصد کیا ہوں گے؟ • کام کے خطرات اور فوائد کیا ہیں؟ • مجوزہ کام سے انسانوں، غیر انسانی جانوروں، پودوں اور زراعت اور ماحول کو کیا خطرات ہوسکتے ہیں؟ • اس کام یا متعلقہ کام سے متعلق معلومات کے کون سے ذرائع دستیاب ہیں جو آزادانہ، شفاف، ایماندار اور جوابدہ انداز میں اس کام کے خطرات کی جانچ پڑتال کرنے میں مدد کریں گے؟ • کیا سائنسدان یا ادارہ جہاں یہ کام کیا جائے گا یا کیا جارہا ہے یا کوئی دوسرا سائنسی ادارہ خطرات سے متعلق سوالات کے جواب دینے کے لیے دستیاب ہے؟ • کیا مجوزہ کام کے لیے خطرے کا جائزہ یا خطرے اور فائدے کا تجزیہ کیا گیا ہے؟ • کس قسم کے حیاتیاتی خطرات کی کمی کے اقدامات پر عملدرآمد کیا گیا ہے؟ • کیا دیگر کم خطرناک طریقوں پر غور کیا گیا ہے؟ • کیا مجوزہ کام کا آڈٹ کرنے کے لیے نظام موجود ہے؟ • اگر اس کے لیے فنڈ دیا جائے تو کام کے ممکنہ نتائج کا جواب دینے کے لیے کون ذمہ دار ہوگا؟ • کوئی بھی غیر متوقع نتائج کے لیے کون ذمہ دار ہوگا؟	باکس 1

مرحلہ 2: اقدار، اصول اور اہداف کی نشاندہی کرنا	وسائل اور ٹولز
نتائج: اقدار، اصول، منسلک عہد و عزم اور اہداف کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • مثالی طور پر حیاتیاتی خطرات کا انتظام و انصرام اس امر کو یقینی بنائے گا کہ تمام اقدار اور اصول محفوظ ہیں۔ تاہم عملی طور پر کچھ حالات متعدد متعلقہ اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ کی وجہ بن سکتے ہیں جو کچھ اقدار اور اصولوں کو ترجیح دینے کے فیصلوں کا باعث بن سکتا ہے (مثلاً صحت، حفاظت اور تحفظ کی اقدار اور صاف دلی، شفافیت، ایمانداری اور جوابدہی کے درمیان تناؤ)۔ • مختلف اقدار اور اصولوں کے درمیان تناؤ ختم کرنے کا کوئی واحد طریقہ نہیں ہے۔ منتخب شدہ طریقہ کار کو مقامی حالات اور تناظر پر غور کرنے کی ضرورت ہو گی۔ مزید براں حیاتیاتی خطرات سے متعلق فیصلے آزادانہ، شفاف، ایماندار اور جوابدہ طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے کرنے چاہئیں۔ ایسے طریقہ کار جوابدہ فیصلہ کرنے میں مدد کریں گے۔	جدول 1، جدول 2 اور جدول 3

مرحلہ 3: اسٹیک ہولڈرز کا تجزیہ	وسائل اور ٹولز
نتائج: حیاتیاتی اقدار کے انتظام و انصرام میں شامل اور اس سے متاثر ہونے والے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی نشاندہی کی گئی ہے اور اقدامات مربوط کیے گئے ہیں۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • تمام بنیادی اسٹیک ہولڈرز اور حیاتیاتی خطرات مرتب کرنے، نشاندہی کرنے اور اس کا انتظام و انصرام کرنے کے لیے ان کے کردار اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کریں (مثلاً سائنسدان، تحقیقی ادارے، پیشہ ورانہ سائنسی ایسوسی ایشنز، فنڈنگ کے ادارے، دیگر پبلشرز، حکومتیں، عوام، نجی شعبہ اور بین الاقوامی تنظیمیں)۔ • حیاتیاتی خطرات مرتب کرنے، نشاندہی اور انتظام و انصرام کرنے کی خاطر بنیادی اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے حکمت عملی تشکیل دیں۔ • بیان کریں کہ آپ ان کرداروں اور گروپس کے ساتھ بات چیت کرنے اور اپنے اقدامات مربوط کرنے کا منصوبہ کس طرح تشکیل دیتے ہیں (مثلاً رسک کمیونیکیشن پلان)۔	

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 4: خطرے کا انتظام وانصرام: خطرات میں کمی کرنا اور ممکنہ فوائد میں اضافہ کرنا
جدول 2 اور جدول 3 سیکشن 4	نتائج: معلومات کی جمع آوری (مرحلہ 1) اور اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) کے مطابق ٹولز اور نظام ہائے کار کے ایک مجموعے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • خطرات میں کمی کی حکمت عملیوں کو نشاندہی کردہ خطرات کے مطابق بنانے کی ضرورت ہے۔ • خطرات میں کمی کی حکمت عملیاں اس وقت تک خطرات مکمل طور پر ختم نہیں کر سکتیں جب تک کام شروع نہ کیا جائے۔ • مختلف ٹولز اور نظام ہائے کار میں ضوابط، ترغیبات اور نفاذ کی مختلف سطحیں ہو سکتی ہیں (مثلاً قانون سازی بمقابلہ رہنما اصول اور اقدار)۔ • کچھ ٹولز اور نظام ہائے کار خاص اہداف سے مخصوص ہو سکتے ہیں جبکہ دوسرے ایک ہی وقت میں کئی مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔ • حیاتیاتی علم کی تحقیق کے ممکنہ فوائد اور نقصانات سے متعلق مختلف عوام کو مطلع کرنے کے لیے حکومتوں، فنڈز فراہم کرنے والوں، ادار • وں اور محققین کی جانب سے کون سے وسائل، تعلیم اور صلاحیت سازی مختص کی گئی ہے؟ • حیاتیاتی علم کے خطرات اور فوائد سے مختلف عوام کو آگاہ کرنے اور حیاتیاتی علم کی سرگرمیوں سے متعلق بحث ومباحثے اور فیصلوں میں مشغول کرنے کی خاطر انھیں بااختیار بنانے کے لیے کون سے وسائل اور ٹولز موجود ہیں؟ • آپ کے ادارے اور قومی سطح پر معلومات کی ترسیل کا انتظام کرنے، ممکنہ غلط معلومات اور غلط معلومات روکنے اور ان پر ردعمل ظاہر کرنے کے لیے کون سے نظام موجود ہیں؟

وسائل اور ٹولز	مرحلہ 5: نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام ہائے کار پر عملدرآمد کرنا
	نتائج: اقدار، اصول اور اہداف (مرحلہ 2) اور مختلف اسٹیک ہولڈرز (مرحلہ 3) کو مدنظر رکھتے ہوئے نشاندہی کردہ ٹولز اور نظام ہائے کار (مرحلہ 4) کے مجموعے پر عملدرآمد کیا گیا ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • ٹولز اور نظام ہائے کار کے مجموعے کی فزیبلٹی پر غور کریں۔ • وسائل کی حفاظت کریں اور ایک حقیقی معین مدت کی نشاندہی کریں۔ • بنیادی اسٹیک ہولڈرز سے مدد حاصل کریں۔

مرحلہ 6: کارکردگی اور مطابقت کا جائزہ لینا	وسائل اور ٹولز
نتائج: طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا ہے (مرحلہ 1۔ مرحلہ 5) اور اسے ضرورت کے مطابق بنایا گیا ہے۔ بنیادی قابل غور امور میں درج ذیل شامل ہیں۔ • خطرے کے جائزے یا خطرے اور فائدے کے تجزیوں کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ • کام کے دوران خطرے میں کمی کی حکمت عملیوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ نئے ڈیٹا اور غیر متوقع نتائج کے لیے خطرے میں کمی کی حکمت عملیوں کو ضرورت کے مطابق بنانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ • کمی کی حکمت عملیوں کی اثر پذیری کا جائزہ لینا چاہیے۔ • اسٹیک ہولڈرز کو مشغول کرنا چاہیے اور ان کی فیڈ بیک لینی چاہیے۔	

باکس 11: نجی شعبے کے لیے چیک لسٹ

نوٹ: اگرچہ چیک لسٹ مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ہدف بنانے والے قابل غور امور کی مثالوں کی نشاندہی کرتی ہیں جبکہ حیاتیاتی خطرات کا انتظام وانصرام مختلف اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مختلف اسٹیک ہولڈرز مل کر مضبوط اور مؤثر حیاتیاتی خطرات کا انتظام وانصرام کریں گے جیسا کہ اس چیک لسٹ کے مرحلہ 3 میں زور دیا گیا ہے۔

اس فریم ورک کے تناظر میں نجی شعبے کو افراد اور اداروں کے طور پر سمجھا جاتا ہے جو نہ تو درج ذیل میں شامل حکومتوں کی ملکیت ہوتے ہیں اور نہ ہی یہ انھیں کنٹرول کرتی ہیں۔

- تحقیق اور ترقی (R&D) تجارتی مصنوعات کی تیاری میں مدد کرتی ہیں۔ تجارتی مصنوعات کی تحقیق و ترقی (P&D) میں شامل نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کی مثالوں میں دواسازی کی صنعتیں، بائیو ٹیکنالوجی کمپنیاں، بائیو ٹیکنالوجی انکیوبیٹر مراکز اور زرعی بائیو ٹیکنالوجی کمپنیاں شامل ہیں۔
- تحقیقی خدمات کی فراہمی، تحقیقی معاونت کی خدمات کی فراہمی سے منسلک نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز میں جین سنتھیسز کمپنیاں، R&D کنسلٹنسی اور سازوسامان، قابل استعمال اشیا اور دیکھ بھال کی خدمات کے خصوصی فراہم کنندگان شامل ہیں۔


سائنسدان A:

- کیا لیبارٹری کی بائیو سیفٹی کے اقدامات لیبارٹری کے عملے کو لینٹیوائرل ویکٹر کے ممکنہ پھیلاؤ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے خطرات سے بچانے کے لیے کافی ہے؟
- کیا تجربے کے لیے خسرہ کی جگہ مختلف، کم خطرناک وائرس استعمال کیا جاسکتا ہے۔
- کیا اس تحقیق سے حاصل شدہ معلومات خسرہ کا ایسا وائرس بنانے کے لیے استعمال کی جاسکتی ہیں جو خسرہ کی ویکسی نیشن سے پیدا ہونے والی مدافعت سے بچ سکتا ہے؟
- میوٹیشن کی اقسام اور مدافعت سے بچاؤ کی سطح سے متعلق کس سطح کی تفصیلی معلومات، ڈیٹا اور تحقیق اشاعت میں عوامی طور پر دستیاب کی جانی چاہیے؟

تحقیقی ادارے میں بائیو سیفٹی آفیسر

- کیا ادارے میں بائیو سیفٹی کی کمی کی حکمت عملی موجود ہے؟ کیا لیبارٹری کے عملے کو پھیلاؤ بشمول ایروسل کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے بائیو سیفٹی کے اقدامات مناسب ہیں؟
- کیا اس تحقیق کی منظوری سے قبل خطرے کا جائزہ لیا گیا تھا؟ کیا اس سٹڈی سے ملنے والی معلومات خسرہ کا وائرس جینیاتی طور پر بنانے کے لیے ایک بدنیت اداکار کی جانب سے غلط استعمال کی جاسکتی ہے جس کے خلاف ویکسین کام کرے گی؟
- کیا تجربے کو محفوظ بنانے یا بائیو سیفٹی کے خطرات کم کرنے کے لیے مختلف طریقہ عمل یا تجرباتی ڈیزائن استعمال کیا گیا ہے؟

منظرنامہ 1 میں بیان کردہ اقدار اور اصول (دیگر اقدار اور اصول بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی: سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی اسٹیک ہولڈرز (بشمول سائنسدان، ان کے اداروں اور فنڈز فراہم کرنے والوں) سے یہ تقاضا کرتی ہے کہ وہ ممکنہ تحقیق کے خطرات اور فوائد کا مناسب جائزہ لیں۔ بائیو سیفٹی افسران اور ادارہ جاتی جائزہ بورڈز ایسے ادارے

ہیں جو عام طور پر یہ نگرانی فراہم کرتے ہیں۔ ان اداروں میں سے ہر ایک کو اس امر پر غور کرنا چاہیے کہ ممکنہ خطرات کام کے ممکنہ فوائد سے زیادہ یا کم ہیں، اس امر کی نشاندہی کریں آیا کہ سوال کا جواب دینے کے لیے کم خطرناک طریقے یا تحقیق کی اقسام استعمال کی جاسکتی ہیں اور آیا کہ خطرے کو کم کرنے کے لیے کوئی مزید اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ کم از کم تمام مقامی، قومی اور بین الاقوامی پالیسیوں اور رہنما اصول پر عمل کرنا چاہیے، علاوہ ازیں ہر اسٹیک ہولڈر کو تحقیق کے دوران خطرے کو مزید کم کرنے کے لیے بہترین امور کو جدید اور بہتر بنانا چاہیے۔

صحت، حفاظت اور تحفظ: حیاتیاتی علم کی تحقیق کو انسانی، حیوانی یا ماحولیاتی صحت بہتر بنانے، حیاتیاتی علم کو نقصان پہنچانے سے روکنے اور امن کو فروغ دینے کے لیے حیاتیاتی خطرات کی کمی کی حکمت عملیوں پر عملدرآمد کرنا چاہیے۔

منظر نامہ 1 کے لیے بحث و مباحثہ

جین تھراپی ایک طاقتور ٹیکنالوجی ہے جو بیماری کا علاج کرنے یا اسے روکنے کے لیے جینیاتی تھراپیوٹک مواد فراہم کرنے کے لیے وائرل ویکٹر سسٹم کا استعمال کرتی ہے۔ اس منظر نامے میں تحقیق کا آغاز کرنے سے قبل بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور خطرات کی کمی کے مسائل کا جائزہ لینا چاہیے۔ پراجیکٹ پر کام کرنے والے سائنسدانوں اور بائیو سیفٹی افسر کو خطرے کا بامعنی جائزہ لینے اور خطرے کی کمی کا منصوبہ بنانے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے جس میں طریقہ عمل، پروٹوکول اور حفاظتی اقدامات پر غور کیا جائے۔ کوئی بھی کام شروع کرنے سے قبل ادارہ جاتی جائزہ بورڈ کو خطرے کے جائزے اور کمی کی حکمت عملیوں کا جائزہ لینا چاہیے۔

انسانی جین تھراپی میں وائرل ویکٹر سسٹم کے خطرے کا اچھے طریقے سے جامع جائزہ لینے سے متعلق محدود معلومات اور رہنما اصول ہیں۔ لہٰذا سائنسدانوں کو تعلیم دینا اور بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی خطرات سے متعلق آگاہی پیدا کرنا، خطرے کے بالکل درست جائزے لینے کے لیے مؤثر طریقے سکھانا اور حیاتیاتی خطرات کم کرنے کے لیے دستیاب کمی کے ٹولز کی اقسام کا تبادلہ کرنے کے ساتھ ساتھ تحقیق کے نتائج کے بعد ازاں غلط استعمال کے خطرے کو کم کرنا انتہائی اہم ہے۔

حیاتیاتی خطرات کے بہتر انتظام و انصرام کے لے لیے محقق اور بائیو سیفٹی آفیسر کی ذمہ داریاں آغاز سے ہی درست ہونی چاہئیں اور انھیں اچھی طرح سمجھنا چاہیے۔ مناسب نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے محقق اور بائیو سیفٹی افسر کو ادارہ جاتی جائزہ بورڈ کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔

تحقیق کی نگرانی مرحلہ وار کی جانی چاہیے تاکہ خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملیوں کی مطابقت اور اثر پذیری کی جانچ کی جاسکے۔ ایسی نگرانی تحقیق کے عمل کی نگرانی کرکے غلط استعمال روکنے میں مدد کرتی ہے۔

جیسے جین تھراپی کی مزید پروڈکٹس دستیاب ہوں گی سائنسدانوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز (مثلاً ہیلتھ ورکرز) کے لیے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے فریم ورک، رہنمائی اور تربیت تشکیل دینے کی ضرورت ہوگی کیونکہ اس طرح زیادہ گروپس ایسے ٹولز تک رسائی حاصل کریں گے۔

منتخب شدہ اسٹیک ہولڈرز کے غور و فکر کے لیے منظر نامہ 1 میں بیان کردہ ترجیحی اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار۔ (مزید اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار اور اسٹیک ہولڈرز بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

تعلیمی اور تحقیقی ادارے اور اہم تفتیش کار (PIs)

- اس امر کو یقینی بنائیں کہ حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام سے متعلق تعلیم و تربیت تمام سائنسدانوں اور لیبارٹری کے عملے خاص طور پر PIs اور بائیو سیفٹی افسران کے لیے دستیاب ہو۔
- اس امر کو یقینی بنائیں کہ لیبارٹری کے تمام تحقیقی عملے نے ایسی تربیت حاصل کی ہے اور طلبا اور تربیت حاصل کرنے والوں میں حیاتیاتی خطرات سے متعلق آگاہی کو فروغ دیں۔
- بنیادی اور اطلاقی حیاتیاتی علم کی تحقیق کے لیے تعلیم و تربیت کے ذریعے حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے خطرات کم کرنے کے کلچر کو فروغ دیں۔
- تحقیقی لیبارٹریز میں بائیو سیفٹی کے مسائل پر غور کرنے کے لیے ٹولز اور نظام ہائے کار پر عملدرآمد کریں۔ مثال کے طور پر ایک بائیو سیفٹی آفیسر کا تقرر کرنا اور ادارہ جاتی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کمیٹی یا ادارہ جاتی جائزہ بورڈ قائم کرنا۔
- بنیادی اور اطلاقی حیاتیاتی علم کے لیے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے کلچر کو فروغ دیں، بائیو سیفٹی آفیسر کی ضرورت کو فروغ دیں اور جین تھراپی کی تحقیق کی سٹڈیز یا دیگر اقسام کی زیادہ خطرے والی تحقیق کے پروٹوکول جائزے کے لیے ادارہ جاتی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کمیٹی قائم کریں۔ بائیو سیفٹی آفیسر اچھی طرح سے تربیت یافتہ ہو اور اسے تحقیقی جائزے کے عمل کے دوران بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی پر احتیاط سے غور کرنا چاہیے۔ آفیسر کو اس قسم کی تحقیق کا آغاز کرنے سے قبل اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ خطرے کی کمی کے اقدامات کیے گئے ہیں۔ کام کا آغاز ہونے کے بعد بائیو سیفٹی آفیسر کو لیبارٹری کے عملے کے ساتھ کام جاری رکھنا چاہیے تاکہ کام کی نگرانی کے لیے مدد فراہم کی جاسکے۔

لیبارٹری کا عملہ

- ٹرانسمیشن روٹ (اس کیس میں ایروسول کے ذریعے) کے امکان سے آگاہ رہیں اور اس تجربے سے متعلق خطرے کے جائزے اور خطرے کی کمی کی حکمت عملیوں کے دوران اس پر غور کریں۔ اس منظر نامے میں خطرات کی کمی کی متعلقہ حکمت عملیوں میں ایروسول پیدا کرنے کے طریقہ کار کے لیے ذاتی حفاظتی سازوسامان ایروسول کے پھیلاؤ کے خلاف حفاظتی سازوسامان یا اضافی PPE (مثلاً سانس لینے کے آلات) کے استعمال کی رہنمائی شامل ہوسکتی ہے۔
- حادثات اور PPE کے استعمال اور اسے ٹھکانے لگانے کی صورت میں لیبارٹری کے طریقہ کار اور خطرے کی کمی کے لیے معیاری عملی طریقہ کار اور مینول رکھیں۔

سائنسدان

- بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے خطرات کا جائزہ لینے، روکنے اور کم کرنے سے متعلق ذمہ داریوں اور اپنی تحقیق سے حاصل ہونے والی معلومات کے ممکنہ غلط استعمال سے آگاہ رہیں۔
- اپنے اداروں کی معاونت سے اپنی تحقیق کے نتائج سے متعلق ذمہ دارانہ بات چیت کریں تاکہ حاصل کردہ علم تک مساوی رسائی کو یقینی بنایا جا سکے اور غلط استعمال کا خطرہ کم کیا جا سکے۔
- قومی ریگولیٹری باڈیز سے تعلق رکھنے والے افراد کے پاس خطرات کے مناسب جائزے لینے کا مناسب علم ہوتا ہے۔

منظر نامہ 2:
نیوروبائیولوجی / اعصابی وذہنی نظام کا علم

منظر نامہ 2 کے لیے صورت حال

سائنسدان B ایک P1 ہے جس نے سینٹرل نروس سسٹم (CNS) بائیوریگولیٹر سے متعلق فنڈڈ ریسرچ میں کئی برس گزارے ہیں۔ ایک فرد جس میں اس بائیوریگولیٹر کی کمی ہو میں کمزور ہونے کی بیماری ہوگی۔ اس بائیوریگولیٹر کے ضائع ہونے کی وجہ غالباً مدافعتی نظام کی خرابی ہے لیکن یہ کیسا ہوتا ہے یہ واضح نہیں ہے اور بائیوریگولیٹر کے دیگر پیچیدہ کام بھی ہیں۔ سائنسدان B اور اس کے ساتھی ایک مقالے کی اشاعت کی تیاری کر رہے ہیں جس کا مقصد کمزور کرنے والی بیماری میں نیورونل سرکٹس اور سرکٹ میں بائیوریگولیٹر کیسے کام کرتا ہے اور اس میں کیسے خرابی پیدا ہوتی ہے کو واضح کرنا ہے۔

سائنسدان B اُمید کرتا ہے کہ ان کے مقالے میں دی گئی معلومات بالآخر بائیوریگولیٹر اور سرکٹ کی مؤثر درستگی کے طریقوں کا باعث بن سکتی ہے جس سے اس بیماری میں مبتلا افراد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ سائنسدان B مرض کے نتائج بہتر بنانے کے لیے نئی تکنیکوں کو سامنے لاکر بائیوریگولیٹر سے متعلق سائنس کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ وہ اس کام میں بہت زیادہ ممکنہ فائدے دیکھتے ہیں اور انھوں نے کبھی اس امر پر غور نہیں کیا کہ بدنیت اداکار اس تحقیق کو نقصان پہنچانے کے لیے کس طرح استعمال کرسکتے ہیں۔ مزید براں سائنسدان B نے اپنے تمام پراجیکٹس یونیورسٹی کی منظوری کے طریقہ کار کے لیے جمع کروادیئے ہیں اور انھیں کبھی بھی یونیورسٹی کی قیادت یا فنڈز فراہم کرنے والوں کی جانب سے اپنے کام کے دوہرے استعمال سے متعلق کسی سوال کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

- کانفرنس میں یہ تحقیق پیش کرتے وقت سامعین میں سے ایک فرد نے سائنسدان B سے سوال کیا کہ کیا کوئی بائیوریگولیٹر کی ساخت سے متعلق معلومات ایک دوا بنانے جو ریگولیٹر کے کام میں رکاوٹ ڈال سکتی ہو، اس کا استعمال کرسکتا ہے (اگر یہ دوا ریگولیٹر کے کام میں موثر طریقے سے رکاوٹ ڈالے تو متاثر ہونے والے افراد میں شدید کمزور ہونے والے بیماری پیدا ہوسکتی ہے)۔ سائنسدان B کو یہ سوال عجیب لگا لیکن اس نے جلدی سے اس کا جواب دیا اور آگے بڑھ گیا۔ اس دن بعد ازاں سائنسدان B کے ایک ساتھی سائنسدان C نے کانفرنس میں ان سے رابطہ کیا اور پریزینٹیشن کے دوران پوچھے گئے سوال پر تبصرہ کیا۔

- سائنسدان C جو کینیبس کیمسٹری پر کام کرتے ہیں نے بتایا کہ اس سوال نے انھیں وہ وقت یاد دلا دیا جب ان کے استاد نے کینیبس کی ساخت اور کام سے متعلق بات کی جسے بعد میں مجرموں کی جانب سے خطرناک منشیات بنانے کے لیے استعمال کیا گیا۔ سائنسدان B اور سائنسدان C نے نیوروبائیولوجی تحقیق کے غلط استعمال سے متعلق فوری آن لائن تلاش کی۔ انھیں نیوروبائیولوجی کی تحقیق کے ممکنہ دوہرے استعمال کی اپیلی کیشنز پر بحث کرنے والی متعدد اشاعتیں ملیں۔ سائنسدان B اور C کو احساس ہوا کہ انھیں تحقیق کے ممکنہ غلط استعمال یا اپنے کام کے خطرات اور اخلاقی مضمرات کے بارے میں بہت زیادہ پتہ نہیں ہے۔

منظرنامہ 2 میں بیان کردہ خطرات (دیگر خطرات بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

دوہرے استعمال کی تحقیق: حیاتیاتی اور منسلکہ علوم میں مجموعی ترقی سے نیوروبائیولوجی کی تحقیق کے صحت سے متعلق ممکنہ فوائد میں اضافہ ہوا ہے۔ اہم نیورونل سرکٹس کی بائیوریگولیشن کا مطالعہ کرنا خاص اعصابی بیماریوں کو سمجھنے کے لیے اہم ہوتا ہے۔ تاہم اس ترقی سے غلط استعمال کا امکان بڑھ سکتا ہے۔ نیوروسائنس کے شعبے میں غلط استعمال کی ایک تاریخ ہے۔ اس منظرنامے میں یہ امر تشویش کا باعث ہے کہ نقصان پہنچانے کے لیے کسی بدنیت فرد اور گروپ کی جانب سے سائنسدان B کی تحقیق کا استعمال ہے۔

منظرنامہ 2 میں بیان کردہ منتخب شدہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے سوالات (دیگر سوالات اور اسٹیک ہولڈرز سامنے آسکتے ہیں)۔

سائنسدان B اور C

سائنسدان B اور C اپنی تحقیق کے ممکنہ خطرات سے متعلق مزید کیسے جان سکتے ہیں اور خود کو تازہ ترین پیش رفت اور بہترین امور سے کس طرح آگاہ رکھ سکتے ہیں جنھیں وہ نقصان دہ معاشرتی مضمرات کم کرنے میں مدد کے لیے شامل کرسکتے ہیں؟

ادارہ

- کیا سائنسدان B نے بائیوسیکیورٹی کی مناسب تعلیم حاصل کی ہے جس نے انھیں دوہرے استعمال کے خدشات کی نشاندہی کرنے اور ان سے نمٹنے کے لیے تیار کیا ہوگا؟
- کیا ادارے نے اپنے محققین کو کوئی مراعات فراہم کی ہیں تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ تحقیق کا کام شروع کرنے سے قبل حیاتیاتی خطرات کا مناسب جائزہ لیا جائے؟
- ادارہ سائنسدان B کو ان کی تحقیق کے بدنیتی پر مبنی غلط استعمال کے خطرات سے متعلق رائے دینے اور ان سے خطرات کم کرنے کے کچھ ذرائع پر غور کرنے کا تقاضا کرنے کے لیے بائیوسیکیورٹی معائنہ جات پر کس طرح عملدرآمد کرسکتا ہے؟

[24] See, for example, Dando (2015) *(1)*.

پیشہ ورانہ سائنسی ادارے

اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ایسو سی ایشنز کیا کردار ادا کر سکتی ہے کہ اس کے اراکین کو دوہرے استعمال کے مسئلے اور اس سے نمٹنے کے ذرائع کی مکمل سوجھ بوجھ ہو۔

فنڈز فراہم کرنے والے

- کیا فنڈز فراہم کرنے والے کے پاس مجوزہ تحقیق کے خطرات اور ممکنہ غلط استعمال کا جائزہ لینے کے لیے بائیو سیکیورٹی جائزہ کا مضبوط طریقہ کار موجود ہے؟
- فنڈز فراہم کرنے والا سائنسدان Bاور گرانٹ وصول کرنے والے دیگر افراد سے حیاتیاتی خطرات کو کم کرنے کے کچھ ذرائع پر غور کرنے کا تقاضا کس طرح کر سکتا ہے؟

پبلشرز

- ممکنہ پبلشرز کے پاس جائزہ کا کون سا طریقہ کار ہونا چاہیے تاکہ مسودے جن میں ڈیٹا، طریقے اور معلومات شامل ہیں جنھیں نقصان پہنچانے کے لیے دوسروں کی جانب سے ممکنہ طور پر غلط استعمال کیا جا سکتا ہے کی نشاندہی کی جا سکے۔
- جرنلز خطرات کم کرنے کے لیے کیا اقدامات کر سکتے ہیں؟

قومی حکومت

- کیا ملک میں اس امر کو یقینی بنانے کے لیے قانون سازی، ضوابط یا رہنما اصول ہیں کہ جدید لائف سائنسز کی تحقیق، ٹیکنالوجی اور ایسی تحقیق کی اشاعت کے ذریعے متعارف کروائے گئے حیاتیاتی خطرات کم یا ختم کیے جائیں؟
- کیا گورننس کا نظام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ساتھ سرکاری اور نجی تحقیقی اداروں، فنڈز فراہم کرنے والوں اور سائنسدانوں کا احاطہ کرتا ہے؟
- قومی ریگولیٹری باڈیز کے سائنسدان اور خطرے کے جائزہ کار تحقیق کے ممکنہ خطرات سے متعلق کیسے سیکھ سکتے ہیں اور تازہ ترین پیش رفت اور بہترین امور جنھیں وہ نقصان دہ سماجی مضمرات کم کرنے میں مدد کے لیے شامل کر سکتے ہیں سے کس طرح آگاہ رہ سکتے ہیں؟

بین الاقوامی تنظیمیں

- عالمی ادارہ صحت (WHO)، اقوام متحدہ کے سسٹم میں دیگر ایجنسیاں، حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیاروں کے کنونشن (BWC) (2) جیسے عدم پھیلاؤ کے معاہدے اور کیمیائی ہتھیاروں کی روک تھام کی تنظیمیں (3) ممالک تحقیقی اداروں، پیشہ ورانہ سوسائٹیز، جرنلز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی مدد کرنے میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں تاکہ دوہرے استعمال کی تحقیق سے پیدا ہونے والے خطرات کو کم کیا جا سکے۔

منظر نامہ 2 میں بیان کردہ اقدار اور اصول (دیگر اقدار اور اصول بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی: سائنس سے منسلک ہر فرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ سائنس کو نقصان پہنچانے سے روکے۔ اس ذمہ داری میں خود کو خطرات سے آگاہ رکھنا، اس امر پر غور کرنا کہ ان کے کام وسیع تر معاشرے کے لیے کس طرح موزوں ہے اور تاریخی تناظر کو سمجھنا شامل ہیں۔ تحقیق کے دوران ہر مرحلے میں مختلف قسم کے اسٹیک ہولڈرز کو حیاتیاتی خطرات کم کرنے کے لیے اقدام کرنے کا موقع ملتا ہے۔ لہٰذا سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی ہر اسٹیک ہولڈر سے ایسا کرنے کی کوشش کرنے کا تقاضا کرتی ہے۔

سماجی انصاف: تحقیق کے عمل میں تمام اداروں اور افراد کی ذمہ داری ہے کہ وہ تحقیق کا بوجھ مساوی طور پر کم کریں لہٰذا اس میں اس کام سے منسلک خطرات کے ممکنہ دوہرے استعمال پر غور کرنا شامل ہے۔ اس امر پر غور کرتے وقت کہ خطرات اور ممکنہ فوائد میں کس طرح توازن برقرار رکھنا ہے یہ سمجھنا اہم ہوتا ہے کہ سائنس اور تحقیق کا غلط استعمال کس طرح کیا جاسکتا ہے۔ ٹیکنالوجی کے غلط استعمال کے نتائج دوسروں کی نسبت مسائل کا شکار آبادیوں کو زیادہ متاثر کریں گے لیکن ہو سکتا ہے کہ اس کام کے فوائد انھی آبادیوں کے لیے قابل رسائی نہ ہو۔

منظر نامہ 2 کے لیے بحث و مباحثہ

100 سالوں میں کیمسٹری اور بائیولوجی میں سول سوسائٹی کی تحقیق میں ہونے والی ترقی کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کی تیاری میں مدد کے لیے استعمال کی گئی ہے جن میں کچھ بلاواسطہ اور بالواسطہ اعصابی نظام کو ہدف بناتی ہیں۔ لائف سائنسز میں ترقی تیز رفتاری سے جاری ہے اور ٹیکنالوجیز سستی اور زیادہ قابل رسائی ہو رہی ہیں۔ یہ ترقی تیزی سے اہداف کی اقسام کا تعین کرے گی جن پر ڈیزائن کردہ ایجنٹس کے ذریعے حملہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ منظر نامہ عام طور پر اس ترقی کے اثرات نہ کہ ایک تجربے کے مضمرات سے متعلق سوالات پر توجہ دیتا ہے۔

کچھ سائنسدانوں اور بین الاقوامی تنظیموں نے اب نیوروبائیولوجی کی تحقیق کی خاص اقسام کی نوعیت کے دوہرے استعمال کو تسلیم کرنا شروع کر دیا ہے۔ ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی اور مختلف ریاستی پارٹیز نے کیمیائی ہتھیاروں کے کنونشن (CWC|) (4) میں ممکنہ خامیاں دور کرنے کے لیے دہائیوں پر محیط مہم کی رہنمائی کی ہے جیسے قانون کے نفاذ کے مقاصد کے لیے کیمیکلز کے استعمال کے طور پر پڑھا جاسکتا ہے۔ نومبر 2021 میں (CWC) (4) کی ریاستی پارٹیز کی کانفرنس میں اس طرح کے استعمال کو ممنوع قرار دینے کا فیصلہ کیا۔ BWC کے کچھ ریاستی ورکنگ پیپرز کی جانب سے نیوروسائنسز کے ممکنہ استعمال کی نشاندہی ایک خدشے کے طور پر کی گئی ہے لیکن انفرادی، ادارہ جاتی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر متعلقہ ٹولز اور گورننس کے نظام ہائے کار بہتر بنا کر تحقیق کے اس شعبے کا تصفیہ کرنے کے لیے بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

منتخب شدہ اسٹیک ہولڈرز کے غور کے لیے منظر نامہ 1 میں بیان کردہ ترجیحی اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار (دیگر اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار اور اسٹیک ہولڈرز بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

یہ منظر نامہ بہتر تعلیم و تربیت کی ضرورت پر زور دیتا ہے تاکہ سائنسدان، ادارے، فنڈز فراہم کرنے والے، پبلشرز اور ممالک دوہرے استعمال کے مسائل اور وسیع تر سوسائٹی کے لیے ممکنہ نتائج سے آگاہ ہوں۔ جب یہ اسٹیک ہولڈرز تحقیق کے دوہرے استعمال کو سمجھ لیں گے تو وہ انفرادی تجربات اور وسیع پیمانے پر اپنے شعبے کے لیے اپنے روزمرہ کاموں کے ذریعے خطرات کم کرنے میں مدد کے لیے اپنی مہارت استعمال کرسکتے ہیں۔

سائنسدان

اس امر کو سمجھیں کہ تحقیق کا ان کا شعبہ وسیع تر سماجی تناظر میں کس طرح موزوں ہے جس میں تحقیق کے خطرات اور شعبے کے غلط استعمال کی تاریخی مثالوں پر غور کرنا شامل ہے۔

تعلیمی ادارے

- طلبا کو حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کی سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، آرٹس اور ریاضی کی تعلیم دیں۔
- حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کے معیارات اور مہارتوں کو ثانوی سکول کی بائیولوجی کی کلاسز سے لے کر بنیادی اور اطلاقی لائف سائنسز بشمول بائیولوجی، بائیو کیمسٹری، بائیو انجینئرنگ اور دیگر متعلقہ فیلڈ کے سائنسی نصاب میں شامل کریں۔
- مسلسل تعلیم فراہم کریں جس میں سائنسی کمیونٹی کے تمام اراکین کے لیے دوہرے استعمال کی تحقیق پر تربیت شامل ہو۔

پیشہ ورانہ تنظیمیں

- اراکین کو فیلڈ میں تحقیق سے منسلک خطرات اور غلط استعمال کی تاریخ یا غیر محفوظ امور سے متعلق تعلیم دینے میں فعال کردار ادا کریں۔
- قومی حکومتیں
- حیاتیاتی خطرات بشمول دوہرے استعمال کی تحقیق سے متعلق تعلیم و تربیت کے لیے وسائل فراہم کریں۔
- متعلقہ قانون سازی، ضوابط اور رہنما اصول تشکیل دیں جن میں تحقیق اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے امکان کی نگرانی شامل ہے۔

منظر نامہ 3:

ڈی این اے سین تھیس (DNA synthesis)

منظر نامہ 3 کے لیے صورت حال

طالب علم D سپروائزر E کی بڑی لیبارٹری میں گریجویٹ کا طالب علم ہے جہاں دو سائنسدان پاکس وائرس کے خلاف میزبان مدافعتی رد عمل کا مطالعہ کرتے ہیں۔ طالب علم خاص طور پر منکی پاکس کے خلاف مدافعتی رد عمل کو سمجھنے پر توجہ دے رہا ہے۔ سپروائزر E امید کرتا ہے کہ یہ بنیادی سائنسی تحقیق بالآخر نئی ویکسین کی تیاری سے متعلق معلومات دینے میں مدد کر سکتی ہے۔ اپنے پہلے مقصد کے لیے طالب علم D BR-203 وائرینس پروٹین پر توجہ دینا چاہتا ہے جس کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ وائرس کو اس کی افزائش نمو سے قبل میزبان سیل کو مرنے سے روکنے میں مدد کرتی ہے۔ سپروائزر E اور طالب علم D فیصلہ کرتے ہیں کہ BR-203 جین جو BR-203 پروٹین کو اَن کوڈ کرتا ہے کو مائیکسوما وائرس ریڑھ کی ہڈی میں داخل کیا جانا چاہیے۔ اگرچہ مائیکسوما خرگوشوں کے لیے بہت مہلک ہوتا ہے لیکن یہ انسانوں کو متاثر نہیں کرتا اور یہ منکی پوکس وائرس کا کافی قریبی رشتہ دار ہے جو حیاتیاتی طور پر تجربے کے لیے موزوں ہے۔ تحقیق کے لیے طالب علم D اور سپروائزر E نے اپنی ادارے یونیورسٹی آف ایلیمپاس میں بائیو سیفٹی آفیسر کے ساتھ کام کیا تاکہ اس تحقیق کے بائیو سیفٹی پروٹوکول کا تعین کیا جا سکے۔

طالب علم D کو مائیکسوما کی ریڑھ کی ہڈی میں BR-203 داخل کرنے کے لیے روائتی کلوننگ تکنیک استعمال کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ سپروائزر E اتفاق کرتا ہے کہ طالب علم D ڈی نوو ڈی این اے سین تھیس کے فراہم کنندہ سے BR-203 جین جس کے دونوں طرف مائیکسوما جنیوم کا حصہ ہوتا ہے، آرڈر کر سکتا ہے۔ وہ ایک ایسے فراہم کنندہ کا انتخاب کرتے ہیں جو انٹرنیشنل جین سین تھیس کنسور شیم (JGSC) (5) کا رکن نہیں ہے کیونکہ یہ سب سے زیادہ سستا آپشن ہے۔ آرڈر آنے کے بعد طالب علم D ٹکڑے کو مائیکسوما کی ریڑھ کی ہڈی میں داخل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور منصوبے کے مطابق اپنا تجربہ کرتا ہے۔

پانچ سال بعد سپروائزر E کی لیبارٹری میں ایک نیا گریجویٹ طالب علم F طالب علم D کے گذشتہ کام میں دلچسپی رکھتا ہے۔ طالب علم D کے نوٹس کا جائزہ لیتے وقت طالب علم F کو ڈی نوو سین تھیس آرڈر کی معلومات ملتی ہیں۔ طالب علم F منکی پوکس مدافعتی رد عمل کا مطالعہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے لیکن وہ منکی پوکس اور مائیکسوما کے خلاف میزبان مدافعتی عمل کا موازنہ کرنا چاہتا ہے۔ طالب علم F، مائیکسوما BR-

203 آرتھولوج، M-14 آرڈر کرنے کا فیصلہ کرتا ہے جس کے دونوں طرف منکی پوکس جینوم کے حصے ہوتے ہیں جس سے لیبارٹری کے منکی پوکس کی ریڑھ کی ہڈی میں جین داخل کرنا آسان ہوتا ہے۔ طالب علم F آرڈر کرنے سے پہلے سپروائزر E سے نہیں پوچھتا ہے۔ طالب علم F آرڈر وصول کرتا ہے اور مائیکسوماوائرس M-14 جین منکی پوکس کی ریڑھ کی ہڈی میں کامیابی سے داخل کرتا ہے جسے منکی پوکس وائرس کے لیبارٹری کے سٹاک سے حاصل کیا گیا تھا۔ طالب علم F کو فریزر میں طالب علم D کی پرانی ساختیں ملتی ہیں اور وہ جیمریک وائرس دوبارہ بتانے کے لیے پرانی ساخت کو محفوظ کرتا ہے جیسے طالب علم D نے مدافعتی ردعمل کا موازنہ کرنے کے لیے اپنے اصل تجربات کے لیے استعمال کیا تھا۔

جب ایک مرتبہ طالب علم F کو یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ ڈی نووسین تھیسس پک وائرس بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے تو وہ مزید ٹکڑے آرڈر کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تاکہ یہ دیکھ سکے کہ مائیکروماوائرس کس مقام پر بندروں کو متاثر کر سکتا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے طالب علم F بندروں کا استعمال کرتا ہے جو لیبارٹری میں ویوو کے دیگر تجربات میں استعمال ہوتے ہیں اور طالب علم F کے لیے قابل رسائی ہوتے ہیں۔ اس طریقے سے طالب علم F کامیابی سے مائیکسوماوائرس بنالیتا ہے جو بندروں کو تیزی سے متاثر کر سکتا ہے۔ طالب علم F خود کو وائرس سے متاثر کرنے پر غور کرتا ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ کیا یہ انسانوں کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔

منظر نامہ 1 کی جانب سے ظاہر کردہ خطرات (دیگر خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں)

بائیو سیفٹی: جنگلی قسم کا منکی پوکس وائرس انسانوں کے لیے متعدی ہوتا ہے جبکہ مائیکسوما وائرس متعدی نہیں ہوتا ہے۔ مائیکسوما وائرس کو بندروں کو متاثر کرنے کے قابل بنانے کے لیے منکی پوکس جینز کا استعمال اس امر کا امکان پیدا کرتا ہے کہ لیبارٹری میں کیے گئے تجربات ایسے مائیکسوما وائرس کا باعث بن سکتے ہیں جو انسانوں کو متاثر اور بیمار کر سکتا ہے۔ تکنیکی سازوسامان اور PPE لیبارٹری اور اینمل یونٹ کے عملے کو نئے بنائے گئے وائرس کے انفیکشن سے محفوظ رکھنے کے لیے کافی نہیں ہو سکتا اور اسے زیادہ مضبوط بنانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ آگاہی اور نگرانی کی کمی ایسے حالات کا باعث بن سکتی ہے جو لیبارٹری کا عملہ بائیو سیفٹی کے شدید خطرات سے آگاہ نہ ہو اور خود کو غیر ارادی طور پر خطرناک پیتھوجینز کا شکار کر سکتا ہے۔ انفیکشن کی تشخیص بہت دیر سے ہو سکتی ہے اور یہ لیبارٹری کے عملے سے لیبارٹری سے باہر افراد میں پھیل سکتا ہے۔ دانستہ طور پر خود کو نئے جیمرک وائرس سے متاثر کرنا محقق، لیبارٹری کے دیگر عملے اور کمیونٹی کے اراکین کی صحت کے لیے شدید خطرہ ہو سکتا ہے۔

بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق: کسی وائرس کو نئی میزبان انواع کو متاثر کرنے کی صلاحیت دینا جینیاتی تبدیلی کا تجربہ ہوتا ہے اور یہ تجربہ تشویش کا باعث بھی ہوتا ہے۔ کئی ممالک (مثلاً آسٹریلیا، کینیڈا اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ) منکی پوکس وائرس کو ایک ممکنہ سیکیورٹی رسک سمجھتے ہیں اور اس پیتھوجینز تک رسائی کو منظم کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں وائرس کی برآمد آسٹریلیا گروپ کی جانب سے منظم کی جاتی ہے جو 43 ممالک کا ایک غیر رسمی فورم ہے جو کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں (6) کے پھیلاؤ روکنے کے لیے اپنے برآمدی کنٹرول میں توازن پیدا کرتا ہے۔

منکی پوکس وائرس جینیوم کا احاطہ متوازن اسکریننگ پروٹوکول کی جانب سے کیا گیا (5) جسے جین سین تھیسس کمپنیوں کی جانب سے تشکیل دیا گیا۔ پروٹوکول سیکوینس پرووائڈر ممبران سے سیکوینس آرڈرز کا معائنہ کرنے اور اس امر کو یقینی بنانے کا تقاضا کرتا ہے کہ صارفین کو سین تھیٹک ڈی این اے کی جائز ضرورت ہو تو IGSC ویب سائٹ کے مطابق دنیا بھر میں جین سین تھیسس کے فراہم کنندگان کا 20 فیصد کنسورشیم کے رکن نہیں ہیں اور ان کے ممالک کے لیے یہ اسکریننگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

منظر نامہ 3 میں بیان کردہ منتخب شدہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے سوالات (دیگر سوالات اور اسٹیک ہولڈرز بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

طالب علم-D

- کیا تحقیقی کام کرنے کا آغاز کرنے سے قبل خطرے کا جائزہ لیا گیا تھا؟
- کیا یہ تجربہ کیا جانا چاہیے یا کیا تحقیق کے مقاصد پورے کرنے کے لیے زیادہ محفوظ طریقے ہیں؟
- لیبارٹری میں ایسا تجربہ کرنے کا اہل ہونے کے لیے کون سی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی معلومات درکار ہیں؟
- ڈی این اے کے ٹکڑوں کا آرڈر دینے کے لیے کس کی اجازت کی ضرورت ہے؟

- مستقبل میں استعمال کے لیے مواد کو کس طرح محفوظ کیا جانا چاہیے؟
- کیا یہ کام محفوظ طریقے سے کیا جا رہا ہے؟
- یا اس کام سے بائیو سیفٹی یا بائیو سیکیورٹی خطرات منسلک ہیں؟
- چیمرک وائرس بنانے کے مستقبل کے ممکنہ نتائج کیا ہیں؟

E۔ سپروائزر

- کیا یہ تجربہ کیا جانا چاہیے یا کیا تحقیق کے مقاصد پورے کرنے کے لیے زیادہ محفوظ طریقے ہیں؟ منصوبے کی تجاویز کی منظوری کے لیے کیا طریقہ کار ہیں؟
- لیبارٹری کے عملے اور طلبا کی جانب سے کون سی سرگرمیاں اور تجربات کیے جاتے ہیں؟
- طلبا کو لیبارٹری میں ایسے تجربات کرنے کا اہل ہونے کے لیے کون سی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی معلومات جاننے کی ضرورت ہے؟
- چیمرک پوکس وائرس بنانے کے ممکنہ نتائج کیا ہیں؟ اس کام کی وجہ سے غلط استعمال اور حادثاتی پھیلاؤ کا کیا امکان ہے؟
- کیا کام محفوظ طریقے (مثلاً تکنیکی ساز و سامان اور PPE مناسب ہے اور اپ ٹو ڈیٹ ہے) اور ادارہ جاتی جائزہ بورڈ کے منظور شدہ پروٹوکول کے مطابق کیا جا رہا ہے؟
- کیا خطرے کا جائزہ مناسب مہارت رکھنے والے فرد کی جانب سے لیا گیا ہے؟ (مثلاً پیشہ ورانہ تجربہ یا تربیت یا دونوں)
- لیبارٹری میں مواد تک کون رسائی رکھتا ہے اور کیا افراد سپروائزر E کی اجازت یا علم کے بغیر مواد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- مواد کا آرڈر کون دے سکتا ہے اور کیا سپروائزر E کی اجازت اور علم کے بغیر آرڈر کیا جا سکتا ہے؟
- سپروائزر E کو حفاظت اور تحفظ کے مسائل کی رپورٹ کیسے دینی چاہیے؟
- کیا تمام تحقیق میں ادارہ جاتی رہنما اصول کے ساتھ ساتھ مقامی اور قومی رہنما اصول اور قانون سازی پر عمل کیا جاتا ہے؟

F۔ طالب علم

- کیا یہ کام کیا جانا چاہیے؟
- کسی ایک کو لیبارٹری میں ایسے تجربات کرنے کا اہل ہونے کے لیے کون سی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی معلومات جاننے کی ضرورت ہے؟
- ڈی این اے کے ٹکڑے یا پرانی ساختیں دوبارہ استعمال کرنے سے قبل کس کی اجازت کی ضرورت ہے؟
- کیا اس کام سے بائیو سیفٹی یا بائیو سیکیورٹی خطرات منسلک ہیں؟
- چیمرک وائرس بنانے کے مستقبل کے نتائج کیا ہیں؟
- خود کو نئے وائرس سے متاثر کرنے کے خطرات کیا ہیں؟ کیا اس سے یہ پھیل سکتا ہے؟

لیبارٹری کے دیگر اراکین

- کیا وہ تحقیق جس پر طلباD اور F کام کر رہے ہیں، اس سے مطابقت رکھتی ہے جو وہ لیبارٹری کی ملاقات یا دوسروں سے بات کرتے وقت کہتے ہیں؟
- کیا لیبارٹری کے تمام جانوروں اور وائرس کا سٹاک حسب توقع ہے؟
- اگر طالب علم F کے جینز کے غیر مجاز آرڈر، جیمرک وائرس کی تخلیق اور جانوروں اور خود کے ساتھ تجربات کا علم لیبارٹری کے کسی دوسرے رکن کو ہو جائے تو کیا انھیں معلوم ہے کہ اس رویے کی رپورٹ کسے کرنی ہے اور کیا وہ ایسا کرنے پر رضامند ہوں گے؟

ادارہ کا بائیو سیفٹی افسر

- کیا PI اور عملہ (بشمول طلبا) بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی مقررہ رہنما اصولوں پر عمل کرنے کے لیے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی آگاہی اور عزم و عہد کی مناسب حد تک اعلیٰ سطح ظاہر کرتے ہیں؟
- کیا PI اور عملے (بشمول طلبا) نے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی مناسب تربیت حاصل کی ہے؟
- کیا ادارے میں کیے جانے والے تجربات میں بائیو سیفٹی سے متعلق تبدیلیاں کی گئی ہیں جو خطرے کے جائزے کے نتائج تبدیل کر سکتی ہیں اور تجربات کے بائیو سیفٹی کی اعلیٰ سطح کے مطابق ہو سکتی ہیں؟
- تبدیل شدہ خطرے کے جائزے کے نتیجے کے طور پر کیا تکنیکی سازوسامان اور PPE لیبارٹری کے عملے کے تحفظ کے لیے مناسب ہیں؟
- کیا ایسے قوانین ہیں جو ممنوع پیتھوجینز یا لیبارٹریز اور جانوروں کے یونٹ تک رسائی کو بائیو سیفٹی کی اعلیٰ سطح کے مطابق منظم کرتے ہیں؟ ان قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے کون سی پالیسیاں اور طریقہ کار موجود ہیں؟
- کیا ایسے قوانین ہیں جو یہ تعین کرتے ہیں کہ ممکنہ طور پر خطرناک جینز سیکوینس کا آرڈر کون دے گا؟

یونیورسٹی آف ایلیاس کی انتظامیہ

- کیا تحقیق محفوظ اور باحفاظت طریقے سے کی جا رہی ہے؟
- کیا تمام تحقیق میں ادارہ جاتی رہنما اصولوں کے ساتھ ساتھ مقامی اور قومی رہنما اصولوں اور قانون سازی پر عمل کیا جاتا ہے؟
- کیا لیبارٹری نے بائیو سیفٹی آفیسر کے ساتھ کام کیا ہے؟ کیا یہ باہمی عمل جائزے لینے اور خطرات کم کرنے کے لیے مناسب رہا ہے؟
- کیا ایسے قوانین موجود ہیں جو عملے کو صرف ایسے فرحت کاروں کو آرڈر دینے کی اجازت دیتے ہیں جو متعلقہ گروپس کے اراکین (مثلاً IGSC) ہیں یا جنھوں نے ضابطہ اخلاق پر دستخط کیے ہوں؟

ڈی نووسین تھیسس کمپنی

- ان سنتھیٹک ڈی این اے کے ٹکڑوں کا آرڈر کون کر رہا ہے؟
- کیا سینتھیٹک ڈی این اے کا آرڈر کرنے والے فرد یا ادارے کے پاس محفوظ طریقے سے اس کا انتظام کرنے کی جائز ضرورت اور ذرائع ہیں؟

- کیا یہ ٹکڑے بائیو سیفٹی خطرات پیدا کرتے ہیں؟
- کیا ان ٹکڑوں کا خریدار کی جانب سے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے؟
- کیا آرڈر کرنے سے پہلے مناسب اجازت لینی چاہیے؟

منظر نامہ 3 میں بیان کردہ اقدار اور اصول (دیگر اقدار اور اصول بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی: سائنس کی ذمہ دارانہ نگرانی انسانوں، کرہ ارض کے حیاتیاتی تنوع، ماحولیاتی نظام اور ماحول کی بہتری کے لیے مضبوط اور شواہد پر مبنی طریقے سے لائف سائنسز میں کی جانے والی بنیادی اور اطلاقی تحقیق کی اہمیت ظاہر کرتی ہے۔ علاوہ ازیں ذمہ دار محققین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کثیر الضابطہ جائزے کے طریقہ کار کے ذریعے اپنی تحقیق کے ممکنہ نقصان دہ نتائج کی نشاندہی، انتظام و انصرام اور مناسب حد تک ان میں کمی کریں گے۔

محققین سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تحقیق کی منصوبہ بندی اور کام میں احتیاط برتیں اور صحت، حفاظت اور تحفظ کو لاحق خطرات کم کرنے کے لیے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے مناسب اقدامات اٹھائیں۔

دیانتداری: محققین سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ دیانتداری سے اپنا کام سرانجام دیں، اس میں مقامی اور قومی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے قوانین اور قانون سازی کے مطابق اپنا کام کرنا شامل ہے۔ مناسب نگرانی کے بغیر ذاتی تجربہ، غیر محفوظ اور ممکنہ طور پر غیر اخلاقی ہوتا ہے۔ خاص طور پر اگر اس سے دیگر افراد کے لیے خطرات پیدا ہوں۔ علاوہ ازیں طریقہ عمل کے مسائل کے باعث ایسے تجربات کے نتائج کی سائنسی افادیت محدود ہوتی ہے۔ آخر میں محققین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ساتھیوں کے ممکنہ غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر محفوظ رویے کی رپورٹ متعلقہ ادارہ جاتی، قومی، علاقائی یا بین الاقوامی اتھارٹیز کو کریں۔

منظر نامہ 3 کے لیے بحث و مباحثہ

اس منظر نامے میں بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے خطرات بہت زیادہ ہیں۔ اقدام کے کئی ممکن طریقے ہیں جن سے لیبارٹری کو زیادہ محفوظ اور بحفاظت بنایا جاسکتا تھا۔ طالب علم D نے نیک نیتی سے اپنی تحقیق کا آغاز کیا لیکن مابعد طالب علم نے اس کے کام کا غلط استعمال کیا۔ سپر وائزر E اور بائیو سیفٹی آفیسر کو طالب علم کے کامیابی سے جیمرک وائرس بنانے سے پہلے طالب علم F سے مفصل بات چیت کرنی چاہیے تھی اور اس کام کے ممکنہ بائیو سیکیورٹی اور بائیو سیفٹی خطرات پر بحث کرنی چاہیے تھی اور اس امر کا فیصلہ کرنا چاہیے تھا آیا کہ تحقیق کی جانی چاہیے۔ لیبارٹری میں کام کرنے والے دیگر افراد طالب علم F کے نامناسب رویے یا سرگرمیوں کا نوٹس لینے کی بہتر حیثیت میں تھے، اگر انھیں ادارے کی مناسب تربیت اور تعاون حاصل ہوتا تو انھیں اقدام کرنے اور ایسا کرنے کے لیے بااختیار ہونا چاہیے تھا۔ ڈی این اے سین تھیسس کمپنی کو آرڈر کا معائنہ کرنا چاہیے تھا تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ سپر وائزر E نے ہر انفرادی آرڈر کی منظوری دی ہے اور اس سائنسدان کی لیبارٹری سے اس سے پہلے کیا آرڈر کیا گیا ہے، اس کا ریکارڈ رکھنا چاہیے تھا۔ ایسا نہیں لگتا کہ سپر وائزر E نے اپنے طلبا کو بائیو سیکیورٹی اور بائیو سیفٹی کے خطرات سے متعلق مناسب تعلیم دی ہے اور ان مسائل سے متعلق آگاہی کم ہے۔

طالب علم F کے لیے رسائی کے کوئی کنٹرول نہیں ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ اس نئے تجربے کے لیے ادارہ جاتی جائزہ بورڈ کی منظوری کی ضرورت نہیں ہے۔ علاوہ ازیں سپر وائزر E یہ نہیں دیکھتا کہ کون اپنی لیبارٹری میں زیادہ خطرناک پیتھوجینز کے ساتھ کام کر رہا ہے اور اس نے اس بارے میں قوانین نہیں بنائے ہیں کہ مونکی پوکس وائرس تک کسے رسائی حاصل ہے۔ ادارے کے بائیو سیفٹی آفیسر کو سپر وائزر E اور اس کے طلبا کو بائیو سیفٹی کے مسائل سے متعلق تربیت دینی چاہیے تھی اور ان موضوعات سے متعلق آگاہی پیدا کرنی چاہیے تھی۔

مجموعی طور پر آگاہی اور تربیت میں کمی اور ممنوعہ مواد تک نامناسب منظم رسائی ایسی صورت حال کا باعث بنی ہے جہاں لیبارٹری کے اندر اور باہر افراد انتہائی پیتھوجینک جیمرک وائرس سے متاثر ہو سکتے تھے اور یہ کمیونٹی میں وائرس کے پھیلاؤ کا باعث بن سکتا تھا۔ اس صورت حال کو روکا جاسکتا تھا اگر منکی پوکس جینیاتی مواد فراہم کرنے والی جین سین تھیسس کمپنی ایسا فرد جو جینیاتی مواد حاصل کرنے میں جائز دلچسپی نہیں رکھتا تھا، اس کا آڈر پورا کرنے سے پہلے ادارے سے دریافت کرتی۔

منتخب شدہ اسٹیک ہولڈرز کے غور کے لیے منظر نامہ 3 میں بیان کردہ ترجیحی اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار (دیگر اقدامات، ٹولز اور نظام ہائے کار اور اسٹیک ہولڈرز بھی سامنے آسکتے ہیں)۔

یہ منظر نامہ Pls، طلبا اور عملے کے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے اہم مسائل سے آگاہ ہونے، بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی مقامی اور قومی قانون سازی، ضوابط اور رہنما اصولوں سے آگاہ ہونے اور اپنے کام سے متعلق بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے مسائل (مثلاً مہلک ایجنٹس کے ٹرانسمیشن روٹ یا ہوسٹ رینجیرہ جیسے لیبارٹری میں کیے گئے کام کے اہم بائیو سیفٹی پہلو، جینیاتی تبدیلی کے ممکنہ نتائج) کی نشاندہی کرنے کی اہمیت نمایاں کرتا ہے۔ اسے ممکن بنانے کے لیے pl، طلبا اور عملے کو بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کی قانون سازی، ضوابط، رہنما اصول اور مساوات سے متعلق مناسب تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔ یہ تعلیم تحقیق شروع کرنے سے پہلے فراہم کرنی چاہیے اور اسے باقاعدہ وقفوں (کم از کم سال میں ایک مرتبہ) میں اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔

PI

- بائیو سیکیورٹی کے سوالات پر بذاتِ خود غور و فکر کرنے کے لیے طلبا اور عملے کو موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں اور pl کے ساتھ بحث و مباحثہ کرنے میں ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے آزاد ماحول پیدا کریں۔
- بہتر مائیکرو بائیولوجی لیبارٹری پریکٹس جیسے عمومی قوانین پر عمل کرتے ہوئے "حیاتیاتی خطرات کے انتظام و انصرام کا مثالی کردار" بنیں۔
- طلبا اور عملے کے ساتھ رابطے میں رہیں اور آگاہ رہیں کہ ان کی لیبارٹری میں کون سے تجربات کیے جا رہے ہیں۔

ادارے

- ایسے بائیو سیفٹی افسران کا تقرر کریں یا انھیں مامور کریں جو متعلقہ اداروں میں کیے جانے والے تجربات کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ یہ افسران بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی معاملات سے متعلق مناسب طور پر تعلیم یافتہ ہوں تاکہ ایسی تحقیق جس سے صحت، حفاظت یا تحفظ کے خطرات پیدا ہو سکتے ہوں کی نشاندہی، انتظام و انصرام اور کمی کی جا سکے۔ بائیو سیفٹی افسران کو ایک آزاد کلچر پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے سوالات سے متعلق آگاہی بڑھانے اور تبادلہ خیال میں مدد کرنے کی حوصلہ افزائی کرے۔ انھیں اس مقصد کو یقینی بنانے کے لیے لیبارٹریز کا باقاعدہ معائنہ، جائزہ اور آڈٹ بھی کرنا چاہیے کہ ادارہ جاتی اور قومی ضوابط کے ساتھ ساتھ مائیکر آرگینزم کے سٹاک کے کنٹرول پر عمل کیا جائے۔
- قوانین بنائیں جو اس امر کا تعین کریں کہ جینیاتی مواد آرڈر کرنے کا استحقاق کون رکھتا ہے ایسے ایجنٹس جن سے صحت، حفاظت اور تحفظ کے ممکنہ خطرات پیدا ہوتے ہیں تک رسائی کا استحقاق کس کے پاس ہے۔ ان مواد تک رسائی دینے اور ریکارڈ کرنے کے واضح طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے خاص مواد آرڈر کرنے یا پیتھوجینز کے خاص سٹاک تک رسائی کا استحقاق افراد کے مقررہ گروپ تک محدود ہونا چاہیے۔

جین سین تھیسس کے فراہم کنندگان

- جین سیکوینس اور صارفین کی اسکریننگ کے لیے مقررہ پروٹوکول پر عمل کریں۔ ریگولیٹڈ پیتھوجینز (جراثیم) پر مشتمل آرڈر صرف ایسی صورت میں پورے کرنے چاہییں اگر اسے آرڈر کرنے والا ادارہ کمپنی کو جائز دلچسپی ظاہر کرے اور ادارہ پیتھوجینز کے ساتھ کام کرنے کے ضروری اجازت ناموں کا ثبوت فراہم کرے۔ منتخب شدہ ایجنٹس یا زہریلے مادوں کے لیے جن سیکوینس کوڈنگ کے ہر آرڈر کی خاطر plیا ادارہ جاتی اتھارٹی کے دستخط کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- IGSC سے تعلق رکھنے والی جین سین تھیسس کمپنیاں ایک ضابطہ اخلاق پر عمل کرتی ہیں جو انھیں جین سیکوینس اور صارفین کی اسکریننگ کا پابند کرتا ہے۔ ریگولیٹڈ پیتھوجینز کی فہرست کے آرگینزم سے اولیگونوکلیوٹائڈس صرف اس صورت میں صارف کو دیا جاتا ہے اگر صارف کے اضافی معائنے پورے کیے جائیں۔ تاہم تمام کمپنیاں کنسورشیم کی رکن نہیں ہوتی ہیں جو بائیو سیکیورٹی کو کمزور کرتا ہے۔ قومی قانون سازی اور پالیسیاں یہ کمی پوری کر سکتی ہیں۔

قومی حکومتیں

- ترقی کرتی بائیو ٹیکنالوجیز کے حیاتیاتی خطرات کم کرنے کے لیے اقدامات کریں۔ ڈی این اے سین تھیسس سے متعلق خطرات قوانین، ضوابط اور رضاکارانہ رہنمائی کے ذریعے قانونی طور پر کم کیے جاسکتے ہیں جس کے لیے آرڈر کیے گئے سیکوینس اور آرڈر کرنے والے لوگوں کی مناسب اسکریننگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ باکس A1.1 جرمنی میں اٹھائے گئے حیاتیاتی خطرات کی گورننس/انتظام کے کئی اقدامات بیان کرتا ہے۔

باکس A1.1۔ جرمنی میں حیاتیاتی خطرات کی گورننس/انتظام کے اقدامات کی اقسام

اس قسم کے مسائل حل کرنے کے لیے ان ممالک کو دیکھنا نصیحت آمیز ہوتا ہے جو گورننس کے اقدامات اٹھاتے ہیں۔ مثال کے طور پر جرمنی میں جینیاتی انجینئرنگ کے آپریشنز انجام دینے والے ہر ادارے کے لیے بائیو سیفٹی افسران جنھیں لازمی تربیتی کورسز میں حصہ لینے کی ضرورت ہوتی ہے، ان کا تقرر کرنا یا مامور کرنا ضروری ہوتا ہے۔ مہلک ایجنٹس (بائیو سیفٹی لیول 4-2) کے ساتھ کام کرنے والی لیبارٹریز تک رسائی مجاز عملے تک محدود ہوتی ہے۔ دوبارہ پیدا ہونے والے آرگیزم کے ساتھ کام کرنے والے لیبارٹری کے عملے کو اس کام سے متعلق بائیو سیفٹی کے مسائل پر pl سے تعلیم حاصل کرنی چاہیے۔ جینیاتی انجینئرنگ آپریشنز انجام دینے سے قبل pls کے لیے بذات خود قانون کے مطابق جینیاتی انجینئرنگ آپریشنز اور متعلقہ قانونی تقاضوں کے خطرے کے جائزے کا احاطہ کرنے والے تربیتی کورسز میں حصہ لینا ضروری ہوتا ہے۔ وہ قومی قانون سازی پر عمل کرنے کے ذاتی طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں اور انھیں خلاف ورزی پر جرمانہ ہو سکتا ہے۔ پیتھوجینز (بطور ڈونر یا وصول کنندہ آرگنیزم) کے ساتھ جینیاتی انجینئرنگ آپریشنز کے لیے مقامی اتھارٹیز کی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے جنھیں بائیو سیفٹی کے سوالات پر اعزازی ماہرین (سینٹرل کمیٹی آن بائیولوجیکل سیفٹی ZKBS) پر مشتمل ایک قومی ماہر ادارے سے مشاورت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بائیو سیفٹی لیول 3 یا اس سے اوپر کوئی تجربہ اس وقت تک شروع نہیں کرنا چاہیے جب تک مقامی اتھارٹیز باضابطہ اجازت فراہم نہ کریں۔ تجربات صرف ان لیبارٹریز میں کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جو آرگیزم کے بائیو سیفٹی لیول پورے کرتی ہیں اور جینیاتی طور پر تبدیل شدہ آرگنیزم (GMos) کا باعث بننے والے کسی تجربے کا ریکارڈ pl کی جانب سے رکھا جاتا ہے۔ مقامی اتھارٹیز باقاعدگی سے لیبارٹریز اور اداروں کو کنٹرول کرتی ہیں (فریکوینسی کا انحصار بائیو سیفٹی کی سطح پر ہوتا ہے) اور بائیو سیفٹی کے اقدامات، ریکارڈ اور سٹاک کا معائنہ کرتی ہیں۔

دیگر ممالک میں جہاں قانوناً اس کی ضرورت نہ ہو وہاں سائنسدانوں کو دلچسپی لینی چاہیے اور اس حوالے سے طلبا اور لیبارٹری میں کام کرنے والے عملے کے مفاد میں ذمہ دار طور پر اقدام کرنے چاہئیں۔ یورپین قانون کے تحت جینیاتی انجینئرنگ آپریشنز کے خطرے کے جائزے کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرنے کی قانونی ضرورت ہے۔

منظر نامہ 4:

میوٹیشنل اسکیننگ / جینیاتی تبدیلی کا جائزہ

منظر نامہ 4 کے لیے صورت حال

محقق G نجی کمپنی میں وبائی امراض کے علاج پر کام کر رہا ہے۔ محقق G ایسی تحقیق کے بارے میں پر جوش ہے جو مریضوں کے لیے بہتر علاج تلاش کرنے کا باعث بن سکتی ہے۔ خاص طور پر یہ سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ میوٹیشن اتنی تیزی سے کس طرح پیدا ہوتی ہے جو ایک پیتھو جین کو پیتھو جن کے خلاف موجودہ اینٹی باڈیز سے بچنے کا موقع دیتی ہے جو اینٹی باڈی پر مبنی علاج کو غیر موثر بنا دیتا ہے۔ یہ تحقیق کرنے کے لیے محقق G پیتھو جین جینوم میں ممکنہ میوٹیشن کی جانچ کرنے کے لیے گہری میوٹیشنل اسکیننگ (DMS) کرتا ہے اور اس امر کا تعین کرتا ہے کہ کون سی میوٹیشن پیتھو جین کو اینٹی باڈیز سے بچنے کے قابل بناتی ہے۔ وہ پیتھو جین کی مختلف اقسام کا مجموعہ بناتے ہیں اور ان مختلف اقسام کو سلیکشن پریشر (عام طور پر اینٹی باڈیز علاج) کے ساتھ گزارتے ہیں تاکہ ایسی مختلف اقسام تلاش کی جا سکیں جو اینٹی باڈیز کی موجودگی کے باوجود دوبارہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ انھیں گزارنے کے بعد محقق G پیتھو جین کے مجموعے جینیاتی سکریننگ کے لیے بھیجتا ہے اور بنیادی میوٹیشن یا میوٹیشن کے مجموعوں کی نشاندہی کرتا ہے جو اینٹی باڈیز سے بچنے میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔

ان میوٹیشن کی مندرجہ ذیل نشاندہی کے بعد محقق G اپنے ساتھی محقق H کو نتائج بھیجتا ہے جو ایک دوسرے ملک میں حکومتی تحقیقی ادارے میں پروٹین انجینئر ہے۔ محقق H شماراتی طور پر اپنی اینٹی باڈیز ڈیزائن کرنے کے لیے محقق G کا DMS ڈیٹا استعمال کرتا ہے جنھیں بعد میں علاج کے لیے ترکیب دیا جاتا ہے اور اُن کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ دونوں محققین اس پائپ لائن اور طریقہ عمل جو انھوں نے نئے پیتھو جین کے لیے بنایا ہے، اس کو شائع کرنا چاہتے ہیں، وہ اپنے نتائج اور طریقوں کو ایک مسودے میں لکھتے ہیں اور سائنسی جرنل میں اشاعت کے لیے جمع کرواتے ہیں۔ جائزہ کے کرادر میں سے ایک یہ ہے کہ جائزہ کار تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ تبادلہ کی جانے والی معلومات کا کسی ایسے فرد کی جانب سے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے جو ایسی دوا بنانا چاہتے ہیں جو مریضوں کا علاج کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی موجودہ وسیع اسپیکٹرم اینٹی وائرل تھراپیز کی اثر پذیری میں رکاوٹ بنتی ہو۔

منظر نامہ 4 میں بیان کردہ خطرات (دیگر خطرات بھی سامنے آسکتے ہیں):

بائیو سیفٹی: یہ منظر نامہ ایسے بائیو سیفٹی خطرات ظاہر کرتا ہے جو پیتھو جین کی مختلف اقسام بنانے سے پیدا ہوتے ہیں اور جن کے لیے موجودہ علاج موثر نہیں ہوتا ہے۔ ایسی مختلف اقسام کے حادثاتی پھیلاؤ کا خطرہ بائیو سیفٹی خطرہ ہے۔ خطرے کی سطح کا انحصار اس امر پر ہے کہ ہر قسم کتنی قابل انتقال اور خطرناک ہے اور آیا کہ موثر انسدادی اقدامات دستیاب ہیں۔

بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق: بائیو سیکیورٹی کے متعدد خطرات ہیں۔ غلط استعمال کے خطرات کو اس تحقیق سے حاصل ہونے والی معلومات (اور جسے شائع کیا جا سکتا ہو)، بیان کردہ طریقوں اور بنائی گئیں مصنوعات سے پیدا ہونے والے خطرات میں تقسیم کیا جانا چاہیے۔ یہ تحقیق اگر شائع ہو گی تو اس کی معلومات کے استعمال سے متعلق خطرات کے حوالے سے (یا خطرات کے افراد کسی نہ کسی طرح یہ علم حاصل کر لیں گے) یہ خطرہ ہے کہ میوٹیشنل معلومات مختلف اقسام بنانے کے لیے غلط استعمال کی جا سکتی ہے جن کا علاج ابھی تک وسیع پیمانے پر دستیاب نہیں ہے۔ ایک خطرہ یہ ہے کہ ممکنہ طور پر کون سی میوٹیشن پیدا ہو سکتی ہیں اور کون سا اینٹی باڈی علاج ان کا تصفیہ کر سکتا ہے، اس سے متعلق معلومات کا ایسی ادویات بنانے کے لیے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے جو ان ممکنہ علاج کو نقصان پہنچاتی ہوں۔

دوسری قسم کا خطرہ شائع کردہ طریقہ عمل سے پیدا ہوتا ہے۔ اس طریقہ عمل کا غلط استعمال بدنیت افراد کی جانب سے پیتھوجین بنانے کے لیے کیا جا سکتا ہے جو موجودہ علاج سے بچ جاتے ہیں۔ اگر اس تحقیق کے ذریعے بنائی گئی پائپ لائن کو دوبارہ پیدا کرنا آسان ہو تو اسے دیگر پیتھوجین کے لیے اسی طرح کی پائپ لائن بنانے کے لیے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے۔ آخر میں اس تحقیق کے ذریعے پیدا کردہ دیگر اقسام کا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے اگر بدنیت لوگ ان تک رسائی حاصل کر سکیں۔

کوئی تحقیق کرنے سے قبل ان تمام خطرات کا مکمل طور پر جائزہ لینے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ اس امر کا تعین کیا جا سکے کہ یہ تشویش کا باعث ہیں۔ اگر تحقیق کے ممکنہ دوہرے استعمال کے مسئلے (DURC) کی نشاندہی ہو جائے تو اس امر پر غور کرنا چاہیے کہ کیا کام آگے بڑھنا چاہیے اور کیا منسلکہ خطرات مناسب طریقے سے کم کیسے جا سکتے ہیں۔ اس میں تحقیق کی اشاعت سے متعلق غور و فکر شامل ہے کہ کیا اسے آگے بڑھانا چاہیے اگر ایسا کرنا ہے تو کس سطح تک تفصیل شامل کی جانی چاہیے۔

منظرنامہ 4 میں بیان کردہ منتخب اسٹیک ہولڈرز کے لیے سوالات (دیگر سوالات اور اسٹیک ہولڈرز بھی سامنے آ سکتے ہیں۔

مسودے کا جائزہ کار

- کیا تحریری مسودے کو بدنیت اداکار کی جانب سے نقصان پہنچانے کے لیے ممکنہ طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے؟
- مقالے میں ظاہر کردہ خطرات سے متعلق کسے مطلع کیا جانا چاہیے اور یہ کس طرح کیا جانا چاہیے؟

جرنلز آڈیٹر

- جرنل آڈٹر کو مقالے کے خطرات کا جائزہ کس طرح لینا چاہیے؟
- کیا خطرات اتنے سنگین ہیں کہ ان کے لیے خاص جائزہ لینا ضروری ہے؟ جرنل آڈیٹر کو اس کا تعین کس طرح کرنا چاہیے؟ (مقالے میں معلومات کا غلط استعمال کرنا کتنا آسان یا مشکل ہے؟ کیا ایسے افراد ہیں جنھوں نے اس طرح کی معلومات کا غلط استعمال کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے؟ کیا خطرات اتنے زیادہ ہیں کہ خطرات کو دور کیا جا سکتا ہے؟)
- جرنل آڈیٹر اس مقالے کی اشاعت کے ممکنہ خطرات کم کرتے ہوئے اسے کس طرح شائع کر سکتا ہے؟ (کیا خطرے کی کمی کے منصوبے پر عملدرآمد کرتے ہوئے اشاعت میں تاخیر ہونی چاہیے؟)

- کیا جرنل آڈیٹر غیر واضح طریقہ عمل شامل کر کے یا کچھ معلومات تبدیل کر کے نتائج شائع کر سکتا ہے؟

نجی ادارے

- نجی اداروں کو تعاون کا جائزہ کس طرح لینا چاہیے اور انھیں اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ غلط معلومات کے باعث مناسب نگرانی کا مقصد ضائع نہ ہو۔
- نجی اداروں کو اس وقت تعاون کی نگرانی اور رد عمل کس طرح ظاہر کرنا چاہیے جب ایک پراجیکٹ میں دوہرے استعمال کی تحقیق کے امکان ظاہر ہوں۔

فنڈز / امداد دینے والے

- کیا فنڈز فراہم کرنے والوں نے سرکاری و نجی شراکت کاری کی محتاط نگرانی فراہم کی ہے تاکہ بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی ور دوہرے استعمال کی تحقیق کے خطرات کم کیے جا سکیں۔
- کیا ممکنہ حیاتیاتی خطرات کی تجاویز کا جائزہ لینے کے لیے فنڈنگ کی درخواست میں کون سا طریقہ کار وضع کیا گیا تھا؟
- کیا فنڈز فراہم کرنے والوں کو خاص حیاتیاتی خطرات کی کمی کی خاص حکمت عملیوں (بشمول بائیو سیفٹی اقدامات) پر عملدرآمد کا تقاضا کرنا چاہیے؟

منظر نامہ 4 میں بیان کردہ اقدار اور اصول (دیگر اقدار اور اصول بھی سامنے آسکتے ہیں)

سائنس کی ذمہ دارانہ حفاظت: جرنلز اور ناشرین، سرکاری و نجی ادارے، اور فنڈ دینے والے سب کی ذمہ داری ہے کہ وہ سائنس کے مضبوط محافظ بنیں۔ ہر ادارے کی بائیو رسک منیجمنٹ کو فروغ دینے اور اس میں فعال شراکت کرنے کو یقینی بنائیں۔

منصف مزاجی: جرنلز اور ناشر، سرکاری اور نجی ادارے، اور فنڈ دینے والوں کو اپنے طریقہ کار درست کرنا چاہیے تاکہ ان کے کام کے مناسب نتائج یقینی بنائے جائیں۔ جرنلز اور ناشرین ان جائزہ لینے والوں کے لیے تحفظ کا بندوبست کریں جو بائیو سیکیورٹی یا ایک مسودہ میں دوہرے استعمال کے تحقیقی خدشات رپورٹ کرتے ہیں۔ اداروں کو خواہ وہ سرکاری ہوں یا نجی، مکمل تحفظ ملنا چاہیے اور ایسا ماحول قائم کرنا چاہیے جس میں عملہ کو یہ سوال کرنے کا حق ہو کہ کیا پہلے سے جاری کام غیر محفوظ ہو گیا ہے یا اس میں ممکنہ بائیو سیکیورٹی خطرہ موجود ہے۔ عملہ، جو اپنے یا دوسروں کے کام کے حوالے سے بائیو سیکیورٹی خدشات کا اظہار کریں، ان کو سزا نہیں دی جانی چاہیے، بلکہ ایسے کام کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ فنڈ دینے والے ان گروپس پر جرمانہ نہ لگائیں جنھوں نے ماضی میں سیفٹی یا سیکیورٹی خدشات کے باعث تحقیق روک دی ہو یا ایسے گروپس جن کو سیفٹی اور سیکیورٹی اقدامات درست انداز میں لاگو کرنے کے لیے مزید رقم درکار ہو۔

منظر نامہ 4 کے لیے بحث مباحثہ

جرنلز اور ناشرین، فنڈ دہندگان، نجی ادارے اور استحقاق رکھنے والی ایجنسیوں کو اہم کردار ادا کرنے کی استطاعت رکھنے کے باوجود بائیو

رسک منیجمنٹ کے مباحثوں میں عموماً نظر انداز کیا جاتا ہے۔ فنڈ دہندگان ایک پراجیکٹ کے آغاز سے قبل کام کرنے کی منفرد پوزیشن میں ہوتے ہیں، اور ناشر ممکنہ طور پر خطرناک معلومات کو وسیع پیمانے پر پھیلانے سے پہلے اس پوزیشن میں ہوتے ہیں۔ استحقاق رکھنے والے دفاتر بھی اہم ہو سکتے ہیں، مثال کے طور پر جب وہ نجی کمپنیوں کی طرف سے استحقاق رکھنے والی درخواستوں کی جانچ پڑتال کرتے ہیں۔ کسی ایجاد سے وابستہ ڈیٹا عموماً اس وقت تک صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے جب تک کہ اس کی اجازت نہ دی جائے، یعنی ایجاد کے مکمل انکشاف تک۔

بعض ممالک میں، بائیو رسک منیجمنٹ کے حوالے سے قومی پالیسیاں نجی اداروں پر لاگو نہیں ہو سکتی ہیں یا صرف ایسے کام پر لاگو ہو سکتی ہیں جن کی مالیت کاری مخصوص فنڈرز کی طرف سے کی گئی ہو۔ ایسے معاملات میں، یہ ضروری ہے کہ نجی ادارے، دیگر فنڈ دینے والے اور ناشر سیفٹی اور سیکیورٹی خدشات کے لیے تجاویز یا کام کا جائزہ لینے میں سرگرم ہوں۔

منظر نامہ 4 میں مخصوص شراکت داروں پر غور کرنے کے لیے بیان کردہ ترجیحی اقدامات، ٹولز اور طریقہ ہائے کار (دیگر اقدامات، ٹولز اور طریقہ ہائے کار، اور شراکت دار بھی سامنے آسکتے ہیں)

جرنل ایڈیٹرز

- جو نشر کیا جاتا ہے، اس کی ذمہ داری لیں۔
- مسودے کے اپنے ہم منصب جائزہ لینے والوں کے ساتھ یہ دیکھیں کہ ان کے ساتھ کام کرنے والے مضامین کی گزارشات کس طرح وسیع تر معاشرے میں حصہ ڈال رہی ہیں اور اس کے ساتھ ایک مضمون سے ممکنہ طور پر سامنے آنے والے موجودہ اور مستقبل کے حیاتیاتی خطرات پر بھی غور کریں۔
- اگر ضرورت ہو تو جائزوں اور سوالات کے لیے ماہرین کی نشاندہی کریں (اندرونی یا بیرونی)
- اس بات کا تعین کریں کہ کیا کسی جمع شدہ مسودے کا مزید جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔
- اپنی جگہ واضح پالیسیاں رکھیں جو بائیو سیکیورٹی کے خطرات کے لیے کاغذات کی جانچ پڑتال کے لیے اقدامات اور ان کا اندازہ لگانے اور بہترین طریقہ کار کا تعین کرنے کے لیے ایک پروٹوکول کا تعین کرتی ہے۔ (مثلاً، مکمل اشاعت، تاخیر کی شکار اشاعت، یا ایسی اشاعت جن کے ہمراہ آراء کے کاغذات ہوں)۔ اس بات کا تعین کرنے کہ کیا ایک پیپر بائیو سیکیورٹی خطرات رکھتا ہے، کے پہلے قدم کا انحصار جرنل کے ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کی بائیو سیکیورٹی خطرات کے بارے میں آگاہی رکھنے اور ان کے مزید جائزہ لینے کے فیصلے کی صلاحیت پر ہوتا ہے۔ یہی اصول اداروں اور فنڈ دینے والوں پر لاگو ہوتا ہے۔ آگاہی پیدا کرنے اور تعلیم کا عمل جاری اور پیچیدہ ہوتا ہے، لیکن اگر غلط استعمال کے خطرات کا مسئلہ حل کرنے کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے۔ جرنلز کے ایڈیٹرز (اور ماہرین) کو خطرات کے فائدے کا تجزیہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے مزید ٹولز درکار ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں خطرناک نظر آنے کے لیے پیپر پر نشان (فلیگنگ) لگانے کے بعد، ایک جامع جائزہ لینا چاہیے۔

فنڈز / امداد دینے والے

- حیاتیاتی خطرات کے لیے تجاویز کا جائزہ لیں اور اس مضمون میں ماہرانہ جائزہ اور نصیحت پر انحصار کریں۔
- اس بات کا جائزہ لیں کہ مجوزہ کام کا استعمال کیسے ہو گا اور تحقیق کی فیلڈ کی کسی بھی متعلقہ تاریخ کا بھی جائزہ لیں۔
- حیاتیاتی خطرات میں کمی کے مضبوط اقدامات کا تقاضا کرنے کے لیے انتخاب کی نشاندہی کریں۔
- تجاویز کا جائزہ لیتے وقت بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے ممکنہ خطرات پر غور کریں۔ حتیٰ کہ اگر فنڈ دینے والا ادارہ (یا نجی فنڈ دہندہ) خود سے خطرات کا تفصیلی جائزہ نہیں لے سکتے، تو اس کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ مزید جائزے کے لیے کس سے مدد دریافت کی جائے۔

نجی اور سرکاری تحقیقی ادارے

- ان کے اشتراک سے ہونے والے تمام کام کے بارے میں آگاہ رہیں۔
- ان کے محققین کی ضرورت پڑنے پر ممکنہ تعاون کر کی جانچ پڑتال کرنے میں مدد کریں، اور تعاون کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ایسے کسی بھی اضافی بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی خطرات پر نظر رکھیں۔ ادارے یہ یقینی بنائیں کہ تمام کام کا حیاتیاتی خطرات کے لیے مناسب طور پر جائزہ لے لیا گیا ہے، تعاون میں شامل کم سے کم ایک ادارے کو خطرات کے تجزیے اور خطرات میں کمی کی حکمت عملی کا جائزہ لینا چاہیے۔
- تحقیق سے وابستہ حیاتیاتی خطرات کی نشاندہی کریں۔ اداروں کے پاس تحقیقی ٹیم کے ساتھ کام کرنے والا ایسا عملہ موجود ہونا چاہیے جو خطرات کا جائزہ لینے کے قابل ہو۔ ان کے پاس ایک جائزہ لینے والا بورڈ بھی ہونا چاہیے جو بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی صلاحیت کے لیے خطرات میں کمی کے منصوبوں اور خطرات کا جائزہ لے سکے۔

قومی حکومتیں

ایک بار جب وبائی انفلوئنزا وائرس دوبارہ سے پیدا ہو گیا، سائنسدانوں نے اس کو انفیکشن، پیتھوجینسٹی (مرض پیدا کرنے کی صلاحیت) اور وائرس گروتھ کے لیے جانچا۔ وائرس کی منتقل ہونے کی صلاحیت کو ٹرپسن (trypsin) کی موجودگی اور عدم موجودگی دونوں صورتوں میں ممالیہ خلیوں میں جانچا (1)۔ ٹرپسن کی موجودگی اور عدم موجودگی میں وائرس کی افزائش ضروری ہے کیونکہ انفلوئنزا وائرس کی ٹرپسن کے بغیر ان وٹرو (in vitro) نقل بننے کی صلاحیت ہیماگلوٹینن (HA) مالیکیول کو ختم کرنے کے لیے عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ ممالیہ جانوروں میں پیتھوجینسٹی (مرض پیدا کرنے کی صلاحیت) کا ایک عامل ہے (9، 10)۔ تحقیق نے اس بات کا تعین کیا کہ 1918 کی وبائی انفلوئنزا نیورامینیڈیز (NA) پروٹین ٹرپسن کی عدم موجودگی میں HA پروٹین کے ٹوٹنے کا ذمہ دار تھا، لیکن اس عمل کا طریقہ کار پہلے تحقیق کیے گئے انفلوئنزا وائرس جیسا نہیں تھا (1)۔

پیتھوجنسٹی (مرض پیدا کرنے کی صلاحیت) کو چوہوں کو دوبارہ سے تشکیل شدہ 1918 کے وبائی انفلوئنزا وائرس سے متاثر کرنے کے ذریعے جانچا گیا (1)۔ ناک کے اندر انفیکشن کا نتیجہ پھیپھڑوں میں تیزی سے وائرل ہونے والے ٹائٹرز، بہت ہی زیادہ مہلک اور تیزی سے وزن کم ہونے کی صورت میں نکلا (1)۔ جانوروں کی تحقیق اس بات کا تعین کرنے کے قابل تھی کہ وائرس دماغ، دل، جگر یا تلی تک نہیں پھیلا اور یہ کہ پھیپھڑوں کو شدید نقصان 1918 کے وبائی انفلوئنزا HA جین سے وابستہ طریقہ کار کی وجہ سے ہوا (1)۔

وائرس کی افزائش کی جانچ پولرائزڈ انسانی پھیپھڑوں کے اپی تھیلیم (سر تلمی) خلیے کے انفیکشن کے ذریعے کی گئی (1)۔ 1918 کے وبائی انفلوئنزا وائرس کے ٹائٹرز بنیادی طور پر خلیے کے اوپری حصے میں پائے گئے تھے، اور یہ ٹیسٹ کیے گئے کسی بھی کنٹرول وائرس سے نمایاں طور پر زیادہ تھے (1)۔ اس تجربے کے نتائج دو طرح کے تھے؛ انہوں نے ظاہر کیا کہ HA اور پولیمریز جین پھیپھڑوں کے اپی تھیلیم (سر تلمی) خلیوں میں زیادہ سے زیادہ وائرس کی نقل کے لیے ذمہ دار ہیں اور انہوں نے تصدیق کی کہ انفیکشن کے دوران پھیپھڑوں میں زیادہ وائرل والے ٹائٹرز موجود ہوتے ہیں (1)۔

2018 کی ہسپانوی انفلوئنزا تشکیل نو کی تحقیق میں کیا گیا کام دوسرے سائنسدانوں اور عام لوگوں کی طرف سے جلدی سے جانچا گیا، لیکن محققین نے پہلے سے ہی جواز کی ایک فہرست فراہم کر دی جو خطرات سے بھرپور پراجیکٹ ہو سکتا ہے۔ مصنفین کی طرف سے فراہم کردہ بنیادی جواز میں یہ یقین شامل ہے کہ مستقبل میں انفلوئنزا کی وبا ممکن ہے، اور یہ کہ 1918 کے انفلوئنزا وائرس کی وبا کی بہتر سمجھ بوجھ سے ممکنہ ناول انفلوئنزا وائرسز کی بہتر سمجھ بوجھ پیدا ہو سکتی ہے، اور یہ کہ تحقیق علاج کی پیش رفت کے لیے اہداف کی نشاندہی کر سکتی ہے (1، 11)۔ مستقبل میں انفلوئنزا کی وبا ممکنہ طور پر واقع ہونے کا جواز انٹر گورنمنٹل سائنس پالیسی پلیٹ فارم برائے بائیوڈائیورسٹی اینڈ ایکو سسٹم سروسز کی رپورٹ میں پیش کیا گیا جس میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ مستقبل میں زیادہ کثرت کے ساتھ اور تیزی کے ساتھ پھیلنے والی وبائیں ممکن ہیں جس کی وجہ ماحولیاتی نظام میں خلل اور جنگلی حیات کی انسانوں کے ساتھ قربت جیسے عوامل ہو سکتے ہیں (12)۔ انفلوئنزا کی نگرانی میں اضافے کے باوجود، وبا کی صلاحیت کے ساتھ انفلوئنزا کی ایک مکمل طور پر نئی قسم کی تخلیق اب بھی ممکن ہے (13)۔

مصنفین کی جانب سے دوسرا جواز یہ تھا کہ 1918 کے انفلوئنزا وائرس کی وبا کی بہتر سمجھ بوجھ سے ناول انفلوئنزا وائرسز جو مستقبل میں پیدا ہو سکتے ہیں، کے بارے میں ہماری سمجھ بوجھ میں بہتری آ سکتی ہے (1)۔ 1918 کی ہسپانوی انفلوئنزا وائرسز کی تشکیل نو کی تحقیق کے نتائج میں سے ایک اہم یہ تھا کہ NA پروٹین ایک ایسے طریقہ کار، جس کی ماضی میں نشاندہی نہیں کی گئی، کے ذریعے HA پروٹین کی تقسیم کے لیے ذمہ دار تھے (1)۔ ناول طریقہ کار کی دریافت کی مدد سے تحقیق کے نئے راستے کھلنے کے امکان تھے، جس سے ایک ناول انفلوئنزا وائرس جو ایک جیسا HA کی تقسیم کا طریقہ کار استعمال کرتا ہے، سے ایک قدم آگے جا سکتے ہیں۔ آخری جواز یہ تھا کہ تحقیق علاج کی ترقی کے نئے اہداف کی نشاندہی کر سکتی ہے (1)۔ تحقیق کے مطابق HA اور پولیمریز جین اہم وبائی نوعیت کے عوامل تھے، اور بعد میں ہونے والی تحقیق نے پولیمریز روکنے والوں کی پیش رفت پر توجہ مرکوز کی ہے (1, 14, 15)۔ اگر مستقبل میں 1918 کا انفلوئنزا یا ناول انفلوئنزا A کی وبائی بیماری واقع ہو جائے تو وائرل پولیمریز کے مزاحم اہم علاج ثابت ہو سکتے ہیں (15)۔

1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا کی تشکیل نو کی تحقیق کے ناقدین نے تحفظات کا اظہار کیا کہ شائع شدہ مضمون، مذموم عزائم رکھنے والے عناصر کے لیے وائرل جینوم کی عام تفصیل کے ساتھ دستیابی کے سبب ایک حیاتیاتی دہشت گرد (بائیو ٹیررسٹ) ایجنٹ تشکیل دینے کے لیے ایک بلوپرنٹ ثابت ہو سکتا ہے (16)۔ مزید تنقید یہ کی گئی کہ اس طرح کی جان لیوا تاریخ کے ساتھ ایک وائرس کی تشکیل نو کے فوائد کی درست انداز میں تشریح نہیں کی گئی اور یہ کہ کئی دوسرے انفلوئنزا وائرس ایسے ہیں جن پر وبا کی تیاری کے مقصد کی خاطر تحقیق کی جا سکتی ہے (16)۔ NSABB نے مضمون کا جائزہ لیا اور اس کی اشاعت کے حق میں متفقہ ووٹ دیا (17)۔ تاہم، بورڈ نے بتایا کہ یہ فیصلہ انفلوئنزا کی وبا کی تیاریوں کے شعبے میں مزید تحقیق کی حوصلہ افزائی ہو گی اور یہ کہ سائنسی سمجھ بوجھ کے ممکنہ فوائد، غلط استعمال کے خطرے سے زیادہ اہم تصور کیے گئے (17،18)۔ اس تنقید کا جواب، کہ 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا وائرس کی تشکیل نو کے فوائد کی درست تشریح نہیں کی گئی تھی، جزوی طور پر انفلوئنزا کی وبا کی تیاریوں میں بہتری لانے کے ذریعے دیا گیا، جو ناول نظام کی دریافت، وبائی مرض کے عوامل اور ادویات کے اہداف کے نتیجے میں ممکن ہوا، اگرچہ فائدے اور خطرے میں فرق کا درجہ مختلف شراکت داروں میں تبدیل ہو گا (1،14،15)۔ یہ تنقید کہ کچھ اور بھی انفلوئنزا وائرس ہیں جن کو اسی طرح کے اہداف کے حصول کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جو تحقیق کے ذریعے حاصل ہونا مقصود ہوتے ہیں، کو HA کی NA کی تقسیم کے لیے نئے طریقہ کار کی دریافت کے ذریعے جزوی طور پر مطمئن کیا گیا۔ یہ تقسیم صرف 1918 کی مکمل

تشکیل نو کا استعمال کرتے ہوئے ممکن تھا، کیونکہ یہ طریقہ کار کسی بھی دوسرے انفلوئنزا وائرس میں نہیں دیکھا گیا (1، 19)۔ تاہم، یہ ممکن ہے کہ یہ طریقہ کار مختلف انفلوئنزا وائرس میں دریافت کیا جا سکتا تھا اگر مناسب سکریننگ کی گئی ہو۔

1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا تشکیل نو کے عمل کے لیے معاونت اور مالیت کاری USDA، NIH، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی اور CDC نے کی تھی (14)۔ وائرس کی تشکیل نو کا عمل CDC کی سہولیات پر کیا گیا (14)۔ CDC میں تقاضا کیا گیا کہ پراجیکٹ کو کسی ادارہ جاتی بائیو سیفٹی کمیٹی منظور کرے اور کام شروع کرنے سے پہلے کمیٹی کو استعمال کیا جائے (14، 20)۔ کمیٹی یہ یقینی بناتے ہوئے خطرات کم کرنا چاہتی ہے کہ 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا وائرس سے ایک یا زیادہ جینیاتی عناصر رکھنے والے کسی بھی وائرس کے ساتھ تمام کام بائیو سیفٹی لیول 3 لیبارٹری میں کیے جائیں (BSL3-E) (14،20،21)۔ وائرسز پر اس انداز میں کام کیا گیا کہ یہ امریکی فیڈرل سیلیکٹ ایجنٹ پروگرام کی تجاویز سے مطابقت رکھتا تھا، اگرچہ کہ 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا وائرس تحقیق کے وقت سیلیکٹ ایجنٹ کے طور پر رجسٹرڈ نہیں تھا (14، 22)۔ صرف ایک سائنسدان کو تشکیل نو کے عمل کے دوران لیبارٹری میں رسائی حاصل تھی اور یہ کہ سائنسدان انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر پروفلیکٹک اینٹی وائرل ایجنٹ لے رہا تھا۔ 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا وائرس کی طرح کسی بھی دوسرے انفلوئنزا وائرس پر ایک ہی لیبارٹری میں بیک وقت کام نہیں کیا جا سکتا، اور سائنسدان نے اس خیال سے کام کیا کہ اگر اس کو وائرس لگ گیا تو اس کو قرنطینہ کر دیا جائے گا (20)۔

جرنل (جریدے) سائنس نے فیلڈ میں تجربہ رکھنے والے بیرونی ماہرین سے رابطہ کیا، اور مصنفین کو کہا کہ وہ جریدے کے جاری ہونے سے قبل وفاقی حکام کے ساتھ اپنے نتائج کے بارے میں بات چیت کریں (23)۔ اس معاملے پر بحث کہ نتائج کو شائع ہونا چاہیے یا نہیں مختلف امور پر مشتمل تھی مثلاً اس بات پر تشویش کا اظہار کہ جریدے کو بائیو ٹیررزم (حیاتیاتی دہشت گردی) کے لیے بلو پرنٹ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے یا یہ کہ سائنسی جریدوں کو حق حاصل ہے کہ وہ پہلی ترمیم کے تحت وہ جو مرضی مواد چھاپنا چاہتے ہیں چھاپ سکتے ہیں۔ (16، 23)۔

حکومت کی موجودہ پالیسیاں 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا کی تشکیل نو اور خصوصیات پراجیکٹ میں کی گئی تحقیق کی اقسام کو کنٹرول کر سکتی ہیں، ان میں لائف سائنسز کے دوہرے استعمال کی تحقیق کی نگرانی کے لیے امریکی حکومت کی پالیسی (24)، لائف سائنسز کے دوہرے استعمال کی تحقیق کی ادارہ جاتی نگرانی کے لیے امریکی حکومت کی پالیسی (25)، ممکنہ وبائی پیتھوجین کی نگہداشت اور نگرانی (P3CO) کے لیے جائزے کے طریقہ کار کی ترقی کے لیے مجوزہ پالیسی رہنمائی (26)، اور سیلیکٹ ایجنٹ اور ٹاکسن ریگولیشنز شامل ہیں (21)۔ امریکی DURC پالیسیاں مخصوص پیتھوجینز جن کا مذموم عناصر کی طرف سے غلط استعمال کیا جا سکتا ہے، کے ساتھ وفاقی سطح پر چلنے والے اداروں میں مخصوص تحقیق کے لیے جائزے کا ایک طریقہ کار وضع کرتی ہیں۔ DURC پالیسیاں ایسی تحقیق کو ایڈریس کرتی ہیں جو پالیسیوں میں شامل ناپید ہونے والے ایجنٹ یا ٹاکسن کی تشکیل نو یا پیدا کرتی ہے (24)۔ ممکنہ وبائی پیتھوجین کی نگہداشت اور نگرانی (P3CO) کے لیے مجوزہ پالیسی رہنمائی وفاقی ایجنسی کے جائزے اور وفاقی سطح پر کی گئی تحقیق کی نگرانی کا تقاضا کرتی ہے (26)۔ نو تشکیل شدہ 1918 کے ہسپانوی انفلوئنزا وائرس کو تحقیق کی اشاعت کے بعد سیلکٹ ایجنٹ اور ٹاکسن ریگولیشنز کی فہرست میں شامل کیا گیا (21)۔ اس کے نتیجے میں، وائرس کے متعلق ہونے والی تمام تحقیق کو فیڈرل سیلیکٹ ایجنٹ پروگرام کے معیار پر پورا اترنا چاہیے (21)۔

References for Case study 2

1 Tumpey TM, Basler CF, Aguilar PV, Zeng H, Solórzano A, Swayne DE et al. Characterization of the reconstructed 1918 Spanish influenza pandemic virus. Science. 2005;310(5745):77–80 (https://www.science.org/doi/abs/10.1126/science.1119392).

2 Taubenberger JK, Reid AH, Krafft AE, Bijwaard KE, Fanning TG. Initial genetic characterization of the 1918 "Spanish" influenza virus. Science. 1997;275(5307):1793–6 (https://www.science.org/doi/10.1126/science.275.5307.1793).

3 Reid AH, Fanning TG, Hultin JV, Taubenberger JK. Origin and evolution of the 1918 "Spanish" influenza virus hemagglutinin gene. PNAS. 1999;96(4):1651–6 (https://www.pnas.org/doi/full/10.1073/pnas.96.4.1651).

4 Reid AH,Fanning TG, Janczewski TA, Taubenberger JK. Characterization of the 1918 "Spanish" influenza virus neuraminidase gene.PNAS. 2000;97(12):6785-6790 (https://doi.org/10.1073/pnas.100140097).

5 Basler CF, Reid AH, Dybing JK, Janczewski TA, Fanning TG, Zheng H et al. Sequence of the 1918 pandemic influenza virus nonstructural gene (NS) segment and characterization of recombinant viruses bearing the 1918 NS genes. PNAS. 2001;98(5):2746–51 (https://www.pnas.org/doi/full/10.1073/pnas.031575198).

6 Reid AH, Fanning TG, Janczewski TA, McCall S, Taubenberger JK. Characterization of the 1918 "Spanish" influenza virus matrix gene segment. J Virol. 2002;76(21):10717–23 (https://journals.asm.org/doi/10.1128/JVI.76.21.10717-10723.2002).

7 Reid AH, Fanning TG, Janczewski TA, Lourens RM, Taubenberger JK. Novel origin of the 1918 pandemic influenza virus nucleoprotein gene. J Virol. 2004;78(22):12462–70 (https://journals.asm.org/doi/10.1128/JVI.78.22.12462-12470.2004).

8 Taubenberger JK, Reid AH, Lourens RM, Wang R, Jin G, Fanning TG. Characterization of the 1918 influenza virus polymerase genes. Nature. 2005;437(7060):889–93 (https://www.nature.com/articles/nature04230).

9 Goto H, Kawaoka Y. A novel mechanism for the acquisition of virulence by a human influenza A virus. PNAS. 1998;95(17):10224–8 (https://www.pnas.org/doi/full/10.1073/pnas.95.17.10224).

10 Hatta M, Gao P, Halfmann P, Kawaoka Y. Molecular basis for high virulence of Hong Kong H5N1 influenza A viruses. Science. 2001;293(5536):1840–2 (https://www.science.org/doi/10.1126/science.1062882).

11 Webby RJ, Webster RG. Are we ready for pandemic influenza? Science. 2003;302(5650):1519–22 (https://www.science.org/doi/10.1126/science.1090350).

12 Daszak P, Amuasi J, das Neves CG, Hayman D, Kuiken T, Roche B et al. Workshop report on biodiversity and pandemics of the Intergovernmental Science-Policy Platform on Biodiversity and Ecosystem Services. Bonn, Germany: IPBES; 2020 (https://ipbes.net/sites/default/files/2020-12/IPBES%20Workshop%20on%20Biodiversity%20and%20Pandemics%20Report_0.pdf).

13 Harrington WN, Kackos CM, Webby RJ. The evolution and future of influenza pandemic preparedness. Exp Mol Med. 2021;53(5):737–49 (https://www.nature.com/articles/s12276-021-00603-0).

14 Reconstruction of the 1918 influenza pandemic virus. Washington, DC: United States Centers for Disease Control and Prevention; 2019 (https://www.cdc.gov/flu/about/qa/1918flupandemic.htm).

15 Ortigoza MB, Dibben O, Maamary J, Martinez-Gil L, Leyva-Grado VH, Abreu P, Jr. et al. A novel small molecule inhibitor of influenza A viruses that targets polymerase function and indirectly induces interferon. PLoS Pathog. 2012;8(4):e1002668–e (https://pubmed.ncbi.nlm.nih.gov/22577360).

16 van Aken J. Ethics of reconstructing Spanish Flu: is it wise to resurrect a deadly virus? Heredity. 2007;98(1):1–2 (https://doi.org/10.1038/sj.hdy.6800911).

17 Roos R. Scientists recreate 1918 flu virus, see parallels with H5N1. Minneapolis, MN: Center for Infectious Disease Research and Policy; 2005 (https://www.cidrap.umn.edu/news-perspective/2005/10/scientists-recreate-1918-flu-virus-see-parallels-h5n1).

18 Enhancing responsible science: considerations for the development and dissemination of codes of conduct for dual use research. Bethesda, MD: NSABB; 2013 (https://osp.od.nih.gov/wp-content/uploads/2013/06/COMBINED_Codes_PDFs.pdf).

19 van Aken J. Risks of resurrecting 1918 flu virus outweigh benefits. Nature. 2006;439(7074):266 (https://pubmed.ncbi.nlm.nih.gov/16421546/).

20 Jordan D. The deadliest flu: the complete story of the discovery and reconstruction of the 1918 pandemic virus. Washington, DC: CDC; 2019 (https://www.cdc.gov/flu/pandemic-resources/reconstruction-1918-virus.html#references).

21 Health, D.o. and H. Services, ***Possession, use, and transfer of select agents and toxins. 42 CFR Parts 72 and 73.*** Fed. Regist., 2005. 70: p. 13294-13325.

22 Meechan PJ, Potts J. Biosafety in microbiological and biomedical laboratories, sixth edition. Washington, DC: US Department of Health and Human Services; 2020 (https://www.cdc.gov/labs/BMBL.html).

23 von Bubnoff A. Spanish flu papers put spotlight on 'dual use' decisions. Nat Med. 2005;11(11):1130 (https://doi.org/10.1038/nm1105-1130b).

24 United States Government policy for oversight of life sciences dual use research of concern. Washington, DC: United States Government; 2012 (https://www.phe.gov/s3/dualuse/Documents/us-policy-durc-032812.pdf).

25 United States Government policy for institutional oversight of life sciences dual use research of concern. Washington, DC: United States Government; 2014 (https://www.phe.gov/s3/dualuse/documents/durc-policy.pdf).

26 Recommended policy guidance for departmental development of review mechanisms for potential pandemic pathogen care and oversight (P3CO). Washington, DC: White House Office of Science and Technology Policy; 2017 (https://www.phe.gov/s3/dualuse/Documents/P3CO-FinalGuidanceStatement.pdf).

کیس اسٹڈی 3-

نیپاہ(Nipah)وائرس کے لیے ماحولیاتی نگرانی

وبائی امراض کی ماحولیاتی نگرانی ایک ایسا عمل ہے جس میں انسانوں یا جانوروں کی مقامی آبادی یا براہ راست زمین سے حیاتیاتی نمونے لینا شامل ہو سکتا ہے۔ وبائی امراض کی ماحولیاتی نگرانی کو عموماً بیماریوں اور پیتھوجینز کے انسانی آبادیوں میں پھیلنے کے خطرے کے عوامل کی نشاندہی کے عوامل کی نگرانی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے(1)۔ ماحولیاتی نگرانی کا ڈیٹا اکٹھا کرنے کا ہدف مستقبل میں بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچاؤ ہے۔ کسی وبائی بیماری کا جانوروں کی آبادی سے انسانی آبادی میں منتقل ہونے کے عمل کو عام طور پر zoonosis کہا جاتا ہے(2)۔ عالمی موسمیاتی تبدیلی اور انسانوں کی غیر مقیم علاقوں میں سکونت اختیار کرنے کے باعث نئی بیماریوں کے پیدا ہونے کی رفتار بڑھ گئی ہے (3)۔ تقریباً 60 فیصد بڑی وبائی امراض کا zoonosis کے وجہ سے پھیل رہی ہیں(4)۔

نیپاہ وائرس کھانسی، بخار، سر درد اور قے کی علامتوں کے ساتھ ایک zoonotic بیماری کے پیچھے ایک وبائی ایجنٹ ہے۔ اس بیماری سے کوما، ذہنی تناؤ، غنودگی اور یہاں تک کہ بعض شدید حالات میں موت بھی واقع ہو سکتی ہے(5)۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس بیماری کے پھیلنے کا آغاز نیپاہ وائرس کے Pteropus چمگادڑ کی نسل سے انسانوں میں کھجور کے تازہ رس میں چمگادڑ کی رطوبت کے استعمال سے ہوتا ہے(6)۔ نتیجے کے طور پر، بنگلہ دیش میں Pteropsu چمگادڑ میں نیپاہ وائرس کی ماحولیاتی نگرانی کرنے کے لیے متعدد کوششیں کی گئی ہیں(7،8)۔ ان گزشتہ تحقیقات کے اہداف نیپاہ وائرس کے محرکات کو اس کے قدرتی ذخائر کے ساتھ نمایاں کرنا (7) اور وقت کے ساتھ ساتھ نیوکلیو کیپسڈ پروٹین کے ارتقاء کو نمایاں کرنا تھا(8)۔

نیپاہ وائرس کی ماحولیاتی نگرانی حالیہ سالوں کے دوران دو بنیادی طریقوں سے کی گئی ہے۔ پہلے طریقے میں پیشاب اکٹھا کرنے کے لیے Pteropus medius چمگادڑوں کی جڑوں کے نیچے تارپولین رکھے گئے(8)۔ پیشاب کے نمونوں کو تارپولین میں رکھ کر 50 ملی لیٹر کی فالکن ٹیوبز میں جمع کیا گیا۔ پہلے طریقے کی رکاوٹوں میں اس بات کی ضمانت دینا کہ نمونے واقعی P. medius چمگادڑوں کے ہیں اور یہ کہ نیپاہ وائرس کے پازیٹیو نمونوں کی نیگیٹو نمونوں کے ساتھ ملایا گیا۔ دوسرے طریقے میں P. medius roots کے قریب درختوں کے اوپری حصوں پر لگائے گئے دستی جال میں چمگادڑوں کو پکڑا گیا(7)۔ چمگادڑوں کو نکالا گیا(مناسب PPE پہن کر)، اس کے بعد ان کو بے ہوش کرکے نمونے لینے کے لیے فیلڈ لیبارٹری میں لے جایا گیا۔ ہر پکڑی گئی چمگادڑ کی عمر، صنف اور جنس معلوم کیا گیا، اس کے بعد خون کے نمونے، گلے کی لعاب،

پروں کی بائیوپسی اور پیشاب کے نمونے لیے گئے۔ دوسرے طریقے کے ممکنہ رکاوٹوں میں ایک زندہ جنگلی جانور کو سنبھالنے کی وجہ سے فیلڈ محققین میں انفیکشن کا خطرہ شامل ہے۔

ماحولیاتی نگرانی کی تحقیق کرنے کے جواز میں وائرل پھیلاؤ کے انسانی آبادی میں پھیلنے کے خطرات کا تعین، وبا کی منتقلی کے ذرائع کی بہتر سمجھ بوجھ، ماحولیاتی نمونہ جات میں نیپاہ وائرس کے وبا ہونے کے امکان کی بہتر انداز میں جانچ کاری کرنے کے لیے مالیکیولر اہداف فراہم کرنا، اور کسی پھیلاؤ کے حادثے کو ایک بین الاقوامی وبا میں تبدیل ہونے سے روکنے کے لیے اقدامات کرنا شامل ہیں۔ اس بات کا تعین کرتے ہوئے تحقیقات اپنے جواز کی جزوری طور پر حمایت کرنے کے قابل ہوئیں کہ نومبر اور اپریل کے درمیان نیپاہ وائرس کی منتقلی ماضی میں "نیپاہ بیلٹ" (9) کے نام سے پہچانے جانے والے خطے تک محدود نہیں ہے۔ ان معلومات میں بتایا گیا ہے کہ صحت عامہ کے حکام کو اسپل اوور سے بچاؤ کے اقدامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے بنگلہ دیش کے آس پاس (کسی مخصوص خطے میں مخصوص تواریخ کی بجائے) P. medius کی آبادی میں ریوڑ کی قوت مدافعت کے درجوں پر نظر رکھنی چاہیے۔ تحقیقات، نیپاہ وائرس نیوکلیوکیپسڈ جین کے ارتقاء کی شرح کو نمایاں کرکے ان کے جواز کی جزوی طور پر حمایت کے قابل ہوئیں ۔ 2021 کی اشاعت میں، مصنفین نے دعویٰ کیا کہ یہ معلومات اس بات کا تعین کرنے میں مدد کریں گی کہ آیا نیپاہ وائرس کے ماحولیاتی نمونے میں وبائی بیماری کی صلاحیت موجود ہے، لیکن مضمون میں وبا کے خطرات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے مستقبل کے مطالعے کا تقاضا کیا گیا ہے (8)۔

ماحولیاتی نگرانی کی تحقیق پر تنقید ایک فیلڈ محقق کے ممکنہ وبا کی صلاحیت رکھنے والے پیتھوجین کے ساتھ انفیکٹڈ ہونے کے نتیجے میں معاشرے کو درپیش خطرے پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ کسی زندہ جنگلی جانور سے براہ راست نمونے لینے سے وائرل ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ان خطرات میں نمونے لیتے وقت سوئی، کھلے زخموں پر جانوروں کا فضلہ لگنے کا خدشہ، اور غلط طریقے سے بے ہوش کیے جانے والے جانوروں کے کاٹنے یا خراشیں لگانے کا خدشہ شامل ہیں۔ ماحولیاتی نگرانی کا پہلا طریقہ (8) سوئیوں اور کاٹنے یا خراشیں لگانے کے خدشات کو محدود کردیتا ہے، لیکن اس کے نتیجے میں ڈیٹا کے معیار پر سمجھوتہ ہوجاتا ہے۔ غیر معیاری ڈیٹا سے تحقیق کے، نیپاہ وائرس کے پھیلنے کے واقعات کو روکنے یا کم کرنے پر اثرات کم ہوسکتے ہیں۔ ماحولیاتی نگرانی کا دوسرا طریقہ (7) اعلیٰ معیار کا مخصوص ڈیٹا پیش کرتا ہے، لیکن فیلڈ ریسرچرز کو درپیش خطرات میں خاطر خواہ اضافہ ہوجاتا ہے۔ کسی محقق (ریسرچر) کا غیر ارادی طور پر نیپاہ وائرس کے ساتھ انفیکشن ہونے کا نتیجہ کسی بین الاقوامی وبا کی صورت میں نکل سکتا ہے اگر مناسب احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا گیا ہو۔ ایک تحقیق جس میں ماحولیاتی نگرانی کے دوسرے طریقے کو استعمال کیا گیا، میں مناسب احتیاطی دتدابیر اختیار کی گئی تھیں۔ تمام محققین چمگادڑوں کو سنبھالتے وقت نائٹریل دستانے، P100 ریسپیریٹرز، حفاظتی شیشے، ٹائیوک سوٹ اور ویلڈنگ کے دستانے سے لیس تھے۔ اس PPE کا استعمال انفیکشن کے خطرے کو بہت حد تک کم کرسکتا ہے، لیکن یہ محققین یا معاشرے کے لیے ممکنہ خطرے کو مکمل طور پر ختم نہیں کرتا ہے۔

ماحولیاتی نگرانی کی تحقیق کو محفوظ اور مؤثر انداز میں کرنے کے لیے بین الاقوامی رہنمائی بہت محدود ہے۔ WHO لیبارٹری بائیوسیفٹی مینوئل (10) میں ایک حصہ ہے جس میں محققین کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ کسی بیماری کے پھیلنے کی صورتحال میں ماحولیاتی نگرانی کرتے ہوئے اکٹھا کیا گیا تمام مواد کو ممکنہ طور پر وبائی نوعیت کا تصور کریں۔ محققین نے ماحولیاتی نگرانی کے دوسرے طریقے کو انجام دیتے ہوئے اس تاکید کی پیروی کی جیسا کہ انہوں نے تمام چمگادڑوں پر کام کرتے ہوئے مناسب PPE پہنے؛ تاہم، ایسی صورتحال میں جب بیماری پھیلنے کا اندیشہ نہ

ہو، ماحولیاتی نگرانی کی تحقیق سے وابستہ زیادہ عالمی رہنمائی درکار ہے۔ نمونے اکٹھے کرنے کے واقعات کے دوران اور بعد محققین کی مسلسل طبی نگرانی، ممکنہ طور پر متعدی جانوروں یا حیاتیاتی مواد کی نمائش سے بچنے کے لیے PPE کا مناسب استعمال، اور ڈیٹا کا معیار قربان کیے بغیر نمونے اکٹھے کرنے کے واقعات کو کم سے کم کرنے کے لیے کوشش کرنے کو ماحولیاتی نگرانی کی محفوظ تحقیق کے لیے ایک کم از کم معیار تصور کیا جانا چاہیے۔ جہاں ممکن ہو، ماحولیاتی نگرانی کے دوران

References for Case study 3

1 Arnold C. Tracking the Nipah virus. Baltimore, MD: Hopkins Bloomberg Public Health; 2019 (https://magazine.jhsph.edu/2019/tracking-nipah-virus).

2 Zoonoses [website]. Geneva: World Health Organization; 2020 (https://www.who.int/news-room/fact-sheets/detail/zoonoses).

3 Jones KE, Patel NG, Levy MA, Storeygard A, Balk D, Gittleman JL et al. Global trends in emerging infectious diseases. Nature. 2008;451(7181):990–3 (https://doi.org/10.1038/nature06536).

4 Lustgarten A. How climate change is contributing to skyrocketing rates of infectious disease. New York, NY: ProPublica; 2020 (https://www.propublica.org/article/climate-infectious-diseases).

5 Signs and symptoms: Nipah virus [website]. Washington, DC: United States Centers for Disease Control and Prevention; 2020 (https://www.cdc.gov/vhf/nipah/symptoms/index.html).

6 Luby SP, Rahman M, Hossain MJ, Blum LS, Husain MM, Gurley E et al. Foodborne transmission of Nipah virus, Bangladesh. Emerg Infect Dis. 2006;12(12):1888–94 (https://pubmed.ncbi.nlm.nih.gov/17326940).

7 Epstein HJ, Anthony S, Islam A, Kilpatrick A, Khan S, Balkey M et al. Nipah virus dynamics in bats and implications for spillover to humans. PNAS. 2020;117(47)(https://www.pnas.org/doi/pdf/10.1073/pnas.2000429117).

8 Rahman MZ, Islam MM, Hossain ME, Rahman MM, Islam A, Siddika A et al. Genetic diversity of Nipah virus in Bangladesh. Int J Infect Dis. 2021;102:144–51 (https://www.sciencedirect.com/science/article/pii/S1201971220322451).

9 Chakraborty A, Sazzad HMS, Hossain MJ, Islam MS, Parveen S, Husain M et al. Evolving epidemiology of Nipah virus infection in Bangladesh: evidence from outbreaks during 2010–2011. Epidemiol Infect. 2016;144(2):371–80 (https://pubmed.ncbi.nlm.nih.gov/26122675/).

10 Laboratory biosafety manual, fourth edition. Geneva: World Health Organization; 2020 (https://www.who.int/publications/i/item/9789240011311).

).

ارجنٹینا	کیمیائی ہتھیاروں کے کنونشن کی آرجنٹین نیشنل اتھارٹی نے ایک قومی پراجیکٹ تیار کیا جس کا مقصد معاہدے اور قومی قانون سازی جو اس کو لاگو کرتی ہے، کے کردار کے بارے میں معلومات کو بہتر بنانا، کیمیائی سائنسز میں معلومات کی دوہرے استعمال کی نوعیت اور اس سے وابستہ خطرات کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا؛ اور تکنیکی اور سائنسی علم کے ذمہ دار استعمال کے کلچر کو فروغ دینا ہے(2)۔ یہ کوششیں یونیورسٹی آف روزاریو کے شعبہ کیمسٹری نے کیں جہاں مختلف باقاعدہ نصابی سرگرمیوں، انتخابی مضامین (مثلاً بائیو ایتھکس، گرین کیمسٹری اور پائیدار مستقبل کی تعلیم)، اور لازمی سرگرمیوں (مثلاً ورکشاپس اور سیمینارز) کے ساتھ کیمیکل سیفٹی، سیکیورٹی اور سائنس پر ذمہ دار کام کیمیکل نصاب میں شامل ہیں۔ یونیورسٹی کی طرف سے مالیت کاری کیے گئے کسی تحقیقی پراجیکٹ میں ان کے اثرات کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے نصاب میں ان موضوعات پر گفتگو کو بہتر بنانے کے لیے نئی سرگرمیاں ڈیزائن کی جا رہی ہیں۔
آسٹریلیا	بائیو سیکیورٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹریننگ آسٹریلیا (BERTA) کئی آسٹریلوی ریاستوں اور علاقائی حکومتوں، دولت مشترکہ، اینیمل ہیلتھ آسٹریلیا اور پلانٹ ہیلتھ آسٹریلیا کے مابین ایک اشتراک کے ذریعے قائم ہوا (3)۔ بائیو سیکیورٹی ٹریننگ میں تسلسل برقرار رکھنے کے لیے نیشنل بائیو سیکیورٹی کمیٹی نے ٹوکل کالج کی مالیت کاری کی تاکہ BERTA ٹریننگ اور جائزہ کے لیے مواد تیار کیے جا سکیں۔
کینیڈا	کئی حکومتی ادارے، مثال کے طور پر، سینٹر فار بائیو سیکیورٹی آف پبلک ہیلتھ ایجنسی آف کینیڈا اور آفس آف بائیوہازرڈ کانٹینمنٹ اینڈ سیفٹی آف کینیڈین فوڈ انسپیکشن ایجنسی- نے بائیو سیکیورٹی کی ٹریننگ کا مواد اور اسے کے ساتھ ساتھ ایک آن لائن ٹریننگ پورٹل تیار کیا ہے۔ ٹرائی ایجنسی فریم ورک: ذمہ دار طریقے سے تحقیق کا انعقاد تین اہم کینیڈین فنڈنگ ایجنسیز کے لیے ایک اہم دستاویز ہے (4)۔ یہ تمام فنڈڈ تحقیق کے ساتھ ساتھ فنڈنگ کے لیے اہل تحقیقی اداروں کی رہنمائی کرتا ہے۔ فریم ورک محققین، اداروں اور ایجنسیز کے لیے تحقیق کے ایک مثبت ماحول کو فروغ اور معاونت دینے کے لیے ذمہ داریاں اور پالیسیاں وضع کرتا ہے۔
چین	سائنس دانوں کے ضابطہ اخلاق کے لے تیانجین بائیو سیکیورٹی رہنما اصول اعلیٰ معیار کے ضوابط ہیں جو شراکت داروں کے لیے بطور حوالہ استعمال ہوتے ہیں تاکہ قومی سطح یا ادارہ جاتی سطح کے ضابطہ اخلاق، مشقیں، پروٹوکولز یا ضوابط تیار کیے جائیں یا ان میں ترامیم کیے جائیں۔ کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کی تنظیم کی طرف سے تیار کردہ ہیگ اخلاقی رہنما اصول سے متاثر ہو کر، تیانجین بائیو سیکیورٹی رہنما اصول پاکستان اور چین کے مشترکہ کام کے نتیجے میں سامنے آئے اور 20 ممالک کے سائنس دانوں کی کاوشوں کے ساتھ انٹر اکیڈمی پارٹنرشپ رہنماؤں، تیانجین یونیورسٹی کے بائیو سیفٹی تحقیقی مرکز اور جان ہاپکنز یونیورسٹی کے مرکز برائے ہیلتھ سیکیورٹی کے اشتراک سے تیار کیے گئے۔
فرانس	2011 میں قائم ہونے والے ادویات اور صحت کی مصنوعات کے تحفظ کے ادارے (ANSM) کا مقصد ادویات اور صحت کی مصنوعات کا تحفظ یقینی بنانا اور ادویات اور بائیولوجیکل مصنوعات کے محفوظ استعمال کے لیے ہیلتھ پالیسی کی فیصلہ سازی کی معاونت کرنا ہے۔ یہ ادارہ میڈیکل اور ہیلتھ کی مصنوعات کی تیاری کی جگہ کے معائنے کا ذمہ دار ہے۔ یہ مائیکرو آرگینزم اور زہریلے مواد پر کام کا معائنہ بھی کرتا ہے۔ قومی مشاورتی کونسل برائے بائیو سیکیورٹی (CNBC) 20155 میں قائم ہوئی (6) جس کا مقصد لائف سائنسز میں دوہرے استعمال کی تحقیق کے غلط استعمال کو ختم کرنے کے لیے رہنمائی کرنا ہے۔
جرمنی	جرمن ریسرچ فاؤنڈیشن (DGF) اور لیوپولڈینہ (جرمن اکیڈمی آف سائنسز) نے سیکیورٹی سے وابستہ تحقیق کو نمٹانے پر ایک مشترکہ کمیٹی

تشکیل دی تاکہ سیکیورٹی سے وابستہ تحقیق میں دوہرے استعمال کے معاملات کے محققین کے مابین آگاہی پیدا کی جائے اور ریسرچ کمیونٹی کے اندر سیکیورٹی سے وابستہ تحقیق پر ایک ذمہ دار سوچ پیدا کی جائے ہے(7)۔DGF اور لیوپولڈینہ نے "سائنسی آزادی اور سائنسی ذمہ داری" پر ایک ضابطہ اخلاق جاری کیا؛ مالیت کاری کے درخواست گزار سائنسدان اس ضابطہ اخلاق پر ضرور عمل کریں۔ مشترکہ کمیٹی ،انفرادی جرمن تحقیقی اداروں میں ان کے کام کی رہنمائی کے سیکیورٹی سے وابستہ تحقیق (KEFs) میں اخلاقیات کے لیے کمیٹیاں تشکیل دینے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ مشترکہ کمیٹی متعلقہ معاملات کے بارے میں سوالات کے جوابات کے حوالے سے معاونت کرتی ہے۔اور ورکشاپس کے انعقاد اور آگاہی بڑھانے جیسی سرگرمیوں کے ذریعے تجربات کے تبادلے کے لیے پلیٹ فارم کا کام کرتی ہے۔

وفاقی دفتر خارجہ نے 2013 میں جرمن بائیو سیکیورٹی پروگرام قائم کیا(8)۔اس کے مقاصد میں پیتھوجینز اور زہریلے مواد کے غلط استعمال کو روکنا، خطرناک پیتھوجینز کے پھیلاؤ اور دستیابی کو محدود کرنا، اور شریک ممالک کی قومی صحت کی صلاحیتوں کو مضبوط کرنا ہے۔ یہ پروگرام کئی انفرادی پراجیکٹس جن پر جرمن اداروں بشمول رابرٹ کوچ انسٹی ٹیوٹ کے تعاون سے عمل درآمد کیا جاتا ہے، پر مشتمل ہے۔ پروگرام افریقہ اور وسطی ایشیا میں سرگرمیوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے ان سرگرمیوں میں تربیتی پروگرام جیسا کہ Global Partnership Initiated Biosecurity Academia for Controlling Health Threats (GIBACHT) (9) اور شریک ممالک میں تشخیصی نظام اور نگرانی کی تیاری شامل ہیں۔ یہ بھی کہ رکن تنظیمیں سائنسی کمیونٹی میں اپنی سائنسی کانفرنسوں کی نشستوں کو بائیو سیکیورٹی اور دوہرے استعمال کی تحقیق کے لیے مخصوص کرتے ہوئے آگاہی بڑھاتے ہیں (مثلاً(10))۔

اعلیٰ نتائج والے پیتھوجینز کے ساتھ جینیاتی تبدیلی پر تمام تحقیقی سرگرمیوں کو (بائیو سیفٹی درجے 3 اور 4) مرکزی کمیٹی برائے بائیولوجیکل سیفٹی (ZKBS) (11) کے قومی اعزازی ماہر پینل کے طرف سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ ZKBS جینیاتی انجینئرنگ آپریشنز کے دوران اٹھائے جانے والے تحفظ اور محدود رکھنے کے اقدامات پر مشورے دیتی ہے۔ کم خطرات کی سرگرمیوں کے لیے، اگر خطرات کا جائزہ غیر یقینی ہو تو ZKBS کی رائے لازمی ہوتی ہے۔ اسی طرح ZKBS کو وفاقی وزارت خوراک وزراعت نے مصنوعی حیاتیات میں ہونے والی پیشرفت پر Horizon scan کرنے کا حکم دیا تھا، تاکہ حیاتیاتی تحفظ کے ممکنہ خطرات اور قانون سازی میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی جا سکے۔

سائنسی سوسائٹیز جیسا کہ جرمن سوسائٹی برائے وائرولوجی (GfV) بھی آگاہی پیدا کرنے کے لیے سرگرمیوں کی رہنمائی کرتی ہیں۔ GfV کمیشن "Virological Research with Dual-Use Potential" وائرولوجیکل سائنسی کمیونٹی کو نئی پیش رفت اور اصول وضوابط کے بارے میں آگاہ کرتا ہے۔ اس کا مقصد وائرولوجی کے شعبے میں نوجوان سائنسدانوں کے مابین سائنس میں آزادیوں اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہی کرنا ہے۔

بھارت

2017 میں، انڈین کونسل برائے میڈیکل ریسرچ نے انسانی شرکاء کے ساتھ بائیو میڈیکل اور ہیلتھ ریسرچ کے لیے اپنے قومی اخلاقی رہنما اصول جاری کیے۔(12)۔ ان رہنما اصولوں میں ذمہ داری کے ساتھ تحقیق کرنے کا ایک سیکشن شامل کیا گیا ہے۔ اس نے حیاتیاتی خطرات کے مواد پر تجربات کرنے والے سائنس دانوں کے طرز عمل کے لیے رہنما اصول بھی بنائے۔

جاپان

سائنس کونسل آف جاپان نے 2013 میں سائنس دانوں کے لیے ضابطہ اخلاق پر نظر ثانی کی اور DURC پر ایک شق شامل کی۔ اس کے جواب میں اس سے اگلے سال، پیتھوجینز ریسرچ کی ذیلی کمیٹی نے شعبہ تعلیم میں تعلیمی سرگرمیوں اور آگاہی بڑھانے کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے ،وبائی بیماریوں کی تحقیق سے وابستہ دوہرے استعمال کے مسائل پر تجاویز تیار کیں۔ 2015 میں وزارت تعلیم، ثقافت، کھیل، سائنس اور

	ٹیکنالوجی کی جانب سے سائنسی تحقیق کے لیے ایک گرانٹ ان ایڈ کے تعاون سے، ایک بائیو سیکیورٹی اسٹڈی گروپ تشکیل دیا گیا جس کا مقصد بائیو سیکیورٹی سے متعلقہ تحقیق، تعلیم اور آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں پر کام کرنا ہے۔ 2016 میں قائم کردہ ایسوسی ایشن فار پروموشن آف ریسرچ انٹیگریٹی جاپانی اور انگریزی دونوں زبانوں میں آن لائن تعلیمی ماڈیول مہیا کر رہی ہے جس میں سے کچھ حصہ بائیو سیکیورٹی پر تعلیم پر مشتمل ہے۔
کینیا	سیفٹی میں تربیت کے علاوہ، گزشتہ پانچ سالوں کے دوران، کینیا کیمیکل سوسائٹی نے تعلیمی اور صنعتی شعبوں میں کیمیکل سیکیورٹی پر ٹریننگ کا انعقاد کیا۔ انہوں نے کیمیکل سیکیورٹی کے بارے میں کیمیائی ماہرین کے مابین ناکافی بنیادی معلومات کو ظاہر کیا ہے تاکہ خطرناک اور دوہرے استعمال کے کیمیکلز کے غلط استعمال اور چوری کو روکا جائے (13)۔
لبنان	لبنان میں بائیو سیفٹی اور سیکیورٹی سے وابستہ کئی اقدامات اٹھائے جا چکے ہیں، جن میں بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی ایسوسی ایشن کا قیام (4)، سائنس کے ذمہ دار تصورات کو برقرار رکھنے کے لیے رسائی شامل ہیں۔ رسائی حاصل کرنے کے اقدامات نے ابتدائی طور پر یونیورسٹیوں اور ہسپتالوں میں اساتذہ اور طالب علموں اور تربیت کنندگان کو ہدف بنایا ہے؛ انہوں نے سیمینارز، سمپوزیا، پوسٹر سیشنز، ورکشاپس، آن لائن کورسز اور فورمز اور اس کے ساتھ ساتھ تربیت کنندگان کی تربیت کے پروگرامز کے ذریعے بائیو سیفٹی کے بنیادی قواعد اور بائیو سیکیورٹی کے اقدامات پر تعلیم دی ہے۔
ملائشیا	ملائشیا میں ذمہ داری کے ساتھ تحقیق کرنے (PCR) کا تعلیمی ایجنڈا کوالالمپور میں ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ آن ریسپانسیبل سائنس کی طرف سے شروع کیا گیا۔ امریکی نیشنل اکیڈمیز آف سائنسز، انجینئرنگ اینڈ میڈیسن کے اشتراک سے، اور ملائشین وزارت تعلیم کی معاونت کے ساتھ ینگ سائنٹسٹس نیٹ ورک آف اکیڈمی آف سائنسز ملائشیا نے 2018 میں PCR پر پہلا ملائشین تعلیمی ماڈیول تیار کیا جس میں تحفظ کی روائیت اور دوہرے استعمال کی تحقیق پر ایک باب شامل تھا (15)۔ 2019 میں، انٹرنیشنل سائنس کونسل کے تعاون سے ایک دوسالہ ایسوسی ایشن آف ساؤتھ ایسٹ ایشین نیشنز (ASEAN) PCR پروگرام شروع کیا جس کا مقصد ASEAN PCR کے انسٹرکٹرز کی پہلی کھیپ کو تربیت دینا تھا (16)۔
میکسیکو	میکسیکن بائیو سیفٹی ایسوسی ایشن (17) 2009 میں انٹرنیشنل فیڈریشن آف بائیو سیفٹی ایسوسی ایشنز کے رکن کے طور پر قائم ہوئی۔ اس کا مقصد بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی پر معلومات مہیا کرنا ہے تاکہ ان شعبوں میں تربیت کو فروغ دیا جائے۔
مراکش	مراکون بائیو سیفٹی ایسوسی ایشن (18)، نے امریکی بائیو سیکیورٹی انگیجمنٹ پروگرام، جو کہ عالمی صحت اور گریفون سائنٹفک کے لیے ایک ٹاسک فورس ہے، بائیو سیکیورٹی اور بائیو سیفٹی ٹریننگ ورکشاپس، اجلاس اور تربیت کنندگان کی تربیت کے پروگرام کا انعقاد کیا۔
دی نیدرلینڈز	ہالینڈ کی حکومت نے 2013 میں بائیو سیکیورٹی کا ایک دفتر بائیو سیکیورٹی کے لیے معلومات کے مرکز کے طور پر قائم کیا (19)۔ دفتر کئی بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ اشتراک و تعاون کرتا ہے، اور ایک داخلی ورکنگ گروپ درس، ویبینارز اور ورکشاپس کے ساتھ ساتھ ٹولز اور ویب ایپلی کیشنز مہیا کرتا ہے جو بائیو سیکیورٹی کی تعلیم فراہم کرتے ہیں اور ممکنہ حیاتیاتی خطرات کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ دفتر بائیو سیکیورٹی کی معلومات کے ایک سالانہ دن کا بھی اہتمام کرتا ہے۔ ہالینڈ کی وزارت تعلیم، ثقافت اور سائنس کی درخواست پر، دی رائل نیدرلینڈز اکیڈمی آف آرٹس اینڈ سائنس (KNAW) نے بائیو

	سیکیورٹی کے لیے ایک ضابطہ اخلاق تیار کیا(20)۔ اس ضابطے کا مقصد حیاتیاتی ہتھیاروں کی ترقی، پیداوار یا ذخیرہ اندوزی (جیسا کہ حیاتیاتی اور زہریلے ہتھیاروں کے کنونشن میں بیان کیا گیا ہے)، یا حیاتیاتی ایجنٹس اور حیاتیاتی مواد کے کسی دوسرے غلط استعمال کے لیے لائف سائنسز کے بلاواسطہ یا بالواسطہ کردار کو روکنا ہے۔
پاکستان	دوسرے ممالک کے تعاون کے ساتھ، پاکستان 2010 سے بائیو ایتھکس، بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور تحقیق کے دوہرے استعمال پر تعلیمی مواد پیدا کرتا آرہا ہے اور آگاہی بڑھانے کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہے(21)۔ ان سرگرمیوں کا مقصد پاکستان میں بائیو رسک مینجمنٹ کے بارے میں آگاہی کی حکمت عملی بنانا اور اسے فروغ دینا ہے، اور یہ ایک "مکمل بائیو سیکیورٹی" کے نقطہ نظر پر زور دیتے ہیں جو صرف لیبارٹریوں تک محدود نہیں ہے۔
یوکرائن	2018 میں، یورپ کی تنظیم برائے سیکیورٹی و تعاون نے یوکرائن میں بائیولوجیکل سیفٹی اور سیکیورٹی کا ایک مکمل جائزہ لیا اور بڑے خلاء کی نشاندہی کی جن میں سے ایک بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی میں مناسب ٹریننگ تھا۔ ان خلاء کو پر کرنے کے لیے لائف سائنسدانوں کے لیے تربیت اور آگاہی بڑھانے سمیت کئی پراجیکٹس شروع کیے گئے۔ 2019 میں، کونسل آف یورپی یونین نے یوکرائن میں آگاہی بڑھانے، تعلیم اور تربیت اور بائیولوجیکل سیفٹی اور سیکیورٹی کو مضبوط کرنے کے لیے ایک فیصلہ جاری کیا(22)۔
یونائیٹڈ نیشنز انٹر ریجنل کرائم اینڈ جسٹس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ	یونائیٹڈ نیشنز انٹر ریجنل کرائم اینڈ جسٹس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (UNICRI)، امریکی فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن (FBI) کے اشتراک سے انٹرنیشنل نیٹ ورک آن بائیو ٹیکنالوجی (INB) کا انتظام سنبھالتا ہے۔ INB تعلیمی و تحقیقی اداروں کا ایک عالمی نیٹ ورک ہے جو تعلیم کو بہتر بنانے اور بنیادی اور اپلائیڈ سائنسز میں ذمہ دار اور محفوظ طرز عمل کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے پر عزم ہے(23)۔ INB بائیو سیفٹی، بائیو سیکیورٹی اور بائیو ایتھکس کے موضوعات پر مشتمل ماڈیولر تعلیمی وسائل (مثلاً آگاہی پیدا کرنے کی ویڈیوز، منظرنامے اور متحرک تعلیمی مشقیں) کی تیاری اور تبادلے (نیٹ ورک شراکت داروں کے لیے ایک قابل رسائی آن لائن پورٹل کے ذریعے) کی بھی معاونت کرتا ہے۔
برطانیہ اور شمالی ائر لینڈ	برطانیہ اور شمالی آئرلینڈ (برطانیہ) میں، انٹرنیشنل بائیولوجیکل سیکیورٹی پروگرام (IBSP) کو انسانوں، جانوروں، اور پودوں کے پیتھوجینز اور اس سے متعلقہ ٹیکنالوجیز کے نقصان دہ استعمال اور حصول سے بچانا اور سائنسی تعاون و اشتراک کے ذریعے برطانیہ اور اس کے عالمی شراکت داروں کو درپیش خطرات کم سے کم کرنا مقصود ہے۔ IBSP برطانیہ کی قومی بائیو سیکیورٹی کی حکمت عملی کے بین الاقوامی سیکیورٹی عناصر پر عمل درآمد کو جاری رکھے گا۔ IBSP بین الاقوامی بائیولوجیکل سیکیورٹی کی معاون سرگرمیوں کی حمایت کرتا ہے جو دانستہ طور پر بیماریاں پھیلانے کے خطرات اور قدرتی یا حادثاتی طور پر پھیلنے والی بیماریوں کے اثرات کو کم سے کم کرتا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد شراکت دار ممالک میں مؤثر پیتھوجین سیکیورٹی، بائیو سیفٹی، تشخیص اور بیماریوں کی نگرانی کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے معاونت فراہم کرنا ہے۔ ان میں دوہرے استعمال کی سائنس اور ممکنہ استعمال، عدم پھیلاؤ کے بارے میں آگاہی بڑھانے، اور تکنیکی تعاون و اشتراک، معاونت، مشترکہ کاوشوں سے صلاحیت سازی کے لیے مواقع کو بہتر بنانے کے حوالے سے بین الاقوامی تحفظات دور کرنا شامل ہیں۔ IBSP ایجادات اور اپلائیڈ ریسرچ کے پراجیکٹس کے ذریعے مناسب صلاحیتوں کی مقامی سطح پر ترقی اور استحکام پر توجہ دیتا ہے۔ یونیورسٹی آف باتھ اور ایک کمپنی بائیو سیکیور نے ایک آن لائن ٹریننگ کورس "آئندہ نسل کی بائیو سیکیورٹی: اکیسویں صدی کے حیاتیاتی

	خطرات" تیار کیا، جو 2018 سے Future Learn کے نام سے ایک پلیٹ فارم پر دنیا بھر میں دستیاب ہے۔ کئی ہفتوں کے کورس میں بائیو سیکیورٹی اور بائیو سیکیورٹی، بائیو سیفٹی اور بائیو ایتھکس پر مشتمل حیاتیاتی خطرات کے حل پیش کیے گئے ہیں۔ یونیورسٹی آف بریڈ فورڈ نے ایک تعلیمی ماڈیول ریسورس تیار کیا ہے جس کا عنوان بائیولوجیکل خطرات سے بچاؤ: آپ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں (24) اور بائیولوجیکل سیکیورٹی ایجوکیشن ہینڈ بک: ٹیم کی بنیاد پر تعلیم کی طاقت (25) ہے۔ لندن میٹروپولیٹن یونیورسٹی بائیولوجیکل سیکیورٹی ایجوکیشن کارٹونز کا منفرد سیٹ تیار کیا ہے (26)۔ یہ پراڈکٹ کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔
امریکہ	امریکی محکمہ برائے سٹیٹ بیورو آف انٹرنیشنل سیکیورٹی اور نان پرولیفریشن آفس آف کوآپریٹو تھریٹ ریڈکشن نے 2006 میں بائیو سیکیورٹی اینگیجمنٹ پروگرام (BEP) شروع کیا۔ اس پروگرام نے بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی کے بہترین طریقوں کو مضبوط کرنے کے لیے تربیتی سرگرمیوں اور صلاحیت سازی کی دیگر کوششوں کی معاونت کی ہے تاکہ لائف سائنسز کے غلط استعمال کو روکا جائے اور شراکت داروں کو زیادہ خطرناک پیتھوجین کی بیماری کے پھیلاؤ کی نشاندہی اور جواب دیا جائے۔ 2010 سے BEP نے لائف سائنسز میں زمہ دار اور محفوظ رویہ اپنانے کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کا عزم کرنے والے کئی اداروں کی معاونت کی ہے۔ مثال کے طور پر BEP نے مشرق وسطی اور شمالی افریقہ (MENA) کے خطے میں سائنس کی ذمہ داری تیاری پر تین عالمی اجلاسوں اور لائف سائنسز میں شراکت داروں کے کام کے لیے سائنس اور بائیو ایتھکس کی ذمہ دار تیاری پر تربیتی ورکشاپس کی معاونت کی۔ BEP نے MENA خطے میں بائیو سیفٹی اور بائیو سیکیورٹی پر کئی ورکشاپس کی معاونت کی۔ نتائج میں ماڈیولر تعلیمی ریسورسز بشمول حیاتیاتی خطرات کے جائزے کی وڈیوز اور منظرنامے کی تیاری شامل ہے، اور ایک فرضی تحقیق کے جائزے کی سرگرمی کی توجہ تحقیقی سرگرمیوں کے خطرات اور فوائد کی نشاندہی اور تجزیے پر مرکوز ہے۔

References for Annex 3

1 Towards a global guidance framework for the responsible use of life sciences: summary report of consultations on the principles, gaps and challenges of biorisk management, May 2022. Geneva: World Health Organization; 2022 (https://apps.who.int/iris/handle/10665/354600).

2 Education and outreach activities [website]. Argentina: Ministry of External Relations, International Commerce and Culture; 2022 (https://www.cancilleria.gob.ar/es/iniciativas/ancaq/proyecto-nacional-de-educacion/actividades-de-educacion-y-divulgacion).

3 Biosecurity Emergency Response Training Australia [website]. Canberra: Animal Health Australia; 2022 (https://animalhealthaustralia.com.au/biosecurity-emergency-response-training-australia/#:~:text=Biosecurity%20Emergency%20Response%20Training%20Australia%20%28BERTA%29%20is%20an,and%20assessment%20materials%2C%20trainers%20and%20assessors%2C%20and%20resources%29).

4 Tri-Agency Framework: responsible conduct of research (2016) [website]. Ottawa: Government of Canada; 2016 (https://rcr.ethics.gc.ca/eng/framework-cadre.html).

5 Johns Hopkins Bloomberg Center of Public Health Center for Health Security, Tianjin University Center for Biosafety Research and Strategy SHPIP. Tianjin Biosecurity Guidelines for Codes of Conduct for Scientists [website]. Tianjin: Tianjin University; 2021 (https://www.interacademies.org/sites/default/files/2021-07/Tianjin-Biosecurity-Guidelines-Codes-Conduct.pdf).

6 National Consultative Council for Biosecurity [website]. Paris: Government of France; 2015 (http://www.sgdsn.gouv.fr/missions/lutter-contre-la-proliferation/le-conseil-national-consultatif-pour-la-biosecurite-cncb/).

7 Joint Committee on the Handling of Security-Relevant Research [website]. Berlin: German National Academy of Sciences; 2022 (https://www.leopoldina.org/en/about-us/cooperations/joint-committee-on-dual-use/).

8 German Biosecurity Programme [website]. Germany: Robert Koch Institut; 2022 (https://www.rki.de/EN/Content/Institute/International/Biological_Security/bio_security_node.html).

9 Global Partnership Initiated Biosecurity Academia for Controlling Health Threats [website]. Germany: German Biosecurity Programme; 2022 (http://www.gibacht.org/).

10 Medical Biodefense Conference 2021 [website]. Worldwide Military Medicine; 2021 (https://military-medicine.com/article/4183-medical-biodefense-conference-2021.html).

11 The Central Committee on Biological Safety (ZKBS) [website]. Berlin: ZKBS; 2022 (https://www.zkbs-online.de/ZKBS/EN/Home/home_node.html).

12 National ethical guidelines for biomedical and health research involving human participants. New Delhi: Indian Council of Medical Research; 2017 (https://ethics.ncdirindia.org/asset/pdf/ICMR_National_Ethical_Guidelines.pdf).

13 Chemical security online curriculum. Nairobi: Kenya Chemical Society; 2022 (https://learn.kenyachemicalsociety.org/).

14 Lebanese Association for Biosafety, Biosecurity and Bioethics [website]. Beirut (https://www.lbbba.org).

15 Chau DM, Chai LC, Azzam G, Chan SC, Ravoof TBSA, Normi YM et al. Malaysian educational module on responsible conduct of research. Kuala Lumpur: Academy of Sciences Malaysia; 2018 (https://issuu.com/asmpub/docs/rcr_module_readonly).

16 Call for applications for ASEAN responsible conduct of research Project [website]. Bangkok: ASEAN Young Scientists Network; 2019 (https://aseanysn.org/blog/call-for-applications-for-asean-responsible-conduct-of-research-project).

17 Mexican Biosafety Association (AMEXBIO) [website]. Ottawa: International Federation of Biosafety Associations; 2022 (https://internationalbiosafety.org/ifba_members/mexican-biosafety-association-amexbio/).

18 Moroccan Biosafety Assocation (MOBSA/AMABIOS) [website]. Tétouan, Morocco: AMABIOS; 2022 (http://www.mobsa.org/).

19 Biosecurity Office [website]. Bilthoven: Rijksinstituut voor Volksgezondheid en Milieu; 2022 (https://www.bureaubiosecurity.nl/en/about-biosecurity-office).

20 A code of conduct for biosecurity: report by the Biosecurity Working Group. Amsterdam: Royal Netherlands Academy of Arts and Sciences; 2007 (https://programs.fas.org/bio/resource/documents/IAP%20-%20Biosecurity%20code%20of%20conduct.pdf).

21 Khan T, Tanveer F, Muhammad J. Improving biosecurity in Pakistan: current efforts, challenges, and recommendations on a multidimensional management strategy. Health Security. 2021;19(3):254–61 (https://doi.org/10.1089/hs.2020.0050).

22 Council Decision (CFSP) 2019/1296 of 31 July 2019 in support of strengthening biological safety and security in Ukraine in line with the implementation of United Nations Security Council Resolution 1540 (2004) on non-proliferation of weapons of mass destruction and their means of delivery. Official Journal of the European Union. 204:29–35 (https://eurlex.europa.eu/legal-content/EN/TXT/PDF/?uri=CELEX:32019D1296&from=EN).

23 Addressing risks of advances in biology and biotechnology: International Network on Biotechnology (INB). Turin: United Nations Interregional Crime and Justice Research Institute; 2022 (https://unicri.it/international-network-biotechnology-inb).

24 Whitby S, Novossiolova T, Walther G, Dando M. Preventing biological threats: what you can do – a guide to biological security issues and how to address them. Bradford: University of Bradford; 2015 (https://bradscholars.brad.ac.uk/handle/10454/7821).

25 Novossiolova T. Biological security education handbook: the power of team-based learning. Bradford: University of Bradford, Bradford Disarmament Research Centre 2016 (https://bradscholars.brad.ac.uk/handle/10454/7822).

26 Biological and chemical security project: strengthening the chemical and biological weapons conventions. London: London Metropolitan University; 2021 (https://www.londonmet.ac.uk/research/research-initiatives/policy-engagement/biological-and-chemical-security-project/).

World Health Organization
Eastern Mediterranean Region

9 789292 741266